المسائل المهمة

فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلاء عام ہے

جلد پنجم

کلماتِ دعائیہ :

مد ظلہ العالی

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندر بار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

ترتیب :

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دار الافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دار الافتاء

ناشر :

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا ، نندربار ، مہاراشٹر

تقسیم کار

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب : **المسائل المھمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ**
کلماتِ دعائیہ : حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم
تحریک وتحریض : حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی
ترتیب : حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملّی رحمانی
تحقیق وتخریج : معاون مفتیان کرام دارالافتاء
کمپوزنگ وتصحیح : مفتی عبدالمتین کانڑگانوی
طبع دوم : ۱۴۳۴ھ/۲۰۱۳ء
صفحات : ۳۲۱
قیمت :
باہتمام : ابوحمزہ وستانوی
ناشر : جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556
E-mail jafarmilly@gmail.com
fatawaakkalkuwa@gmail.com
http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

فہرست عناوین

نمبر شمار	عناوین	صفحہ
۞	فہرست	۳
۞	تقریظ............حضرت مولانا غلام محمد وستانوی	۱۸
۞	ایک اہم وضاحت...........حضرت مولانا حذیفہ وستانوی	۲۰
۞	افتتاحیہ ....حضرت مولانا مفتی محمد جعفر ملی رحمانی	۲۲
۞	**کتاب الإیمان والعقائد** (ایمان وعقائد کے مسائل)	۞
۱	غیر مسلم کو مسلمان بنانے کا طریقہ	۲۵
۲	دائرۂ اسلام سے خارج کر دینے والے کلمات	۲۶
۳	سلفِ صالحین کو برا بھلا کہنا	۲۷
۴	بعض مشرکانہ توہمات	۳۰
۵	انتقام کے خوف سے سانپ کو نہ مارنا	۳۱
۶	سانپ کو ’’جن‘‘ سمجھ کر نہ مارنا	۳۳
۷	بدفالی اور نیک فالی لینا	۳۵
۸	خط پر ’’قطمیر‘‘ لکھنا	۳۸
۹	اسلام میں نحوست کا تصور	۳۹
۱۰	کٹے ہوئے ناخن پیروں کے نیچے	۴۰
۱۱	مصیبت آنے پر کالا بکرا یا مرغا ذبح کرنا	۴۲

۱۲	دعا میں صاحبِ قبر بزرگ کا وسیلہ	۴۳
۱۳	مصافحہ کے بعد سینہ پر ہاتھ پھیرنا	۴۵
۱۴	محرم کا چاند دیکھنے اور شبِ برأت منانے دلہن کو میکے بھیجنا	۴۶
۱۵	چاند گرہن میں حاملہ کا چاقو چھری وغیرہ کا استعمال	۴۸
۱۶	حاملہ خواتین کا رات کے وقت گھر کے باہر نکلنا	۴۹
۱۷	غروبِ آفتاب کے بعد جھاڑو لگانا	۵۰
۱۸	دفعِ مصائب وبلیّات کے لیے ختم بخاری	۵۱
۱۹	ابجد حروف کا تعویذ اور اس کا استعمال	۵۲
۲۰	گاڑیوں کی پلیٹ نمبر اور موبائل سم کارڈ کے لیے ۳۱۳ کے عدد کا انتخاب	۵۳
۲۱	اللہ رب العزت کے لیے لفظِ ''خدا'' کا استعمال	۵۴
۲۲	''جلَّ تو جلال تو، آئی بَلا کو ٹال تو'' کا وظیفہ	۵۵
۲۳	خطبۃ الوداع کی شرعی حیثیت	۵۵
۲۴	بیوہ عورت کی چوڑیاں توڑنا	۵۷

کتاب الطہارۃ (پاکی کے مسائل)

۲۵	ٹشو پیپر (Tessu Paper) سے استنجاء	۵۹
۲۶	مدارس ومکاتب کے چھوٹے بچوں کو وضو کا مکلّف بنانا	۶۰
۲۷	غیر مسلم کو قرآن پاک کا نسخہ دینا	۶۱
۲۸	جراثیم کش پاوڈر ڈالے ہوئے پانی سے وضو	۶۲
۲۹	کنٹیکٹ لینسیز لگا کر وضو اور غسل	۶۳

۳۰	وضو کرنے والے کو سلام کرنا	۶۴
۳۱	بچوں کا رخ یا پشت قبلہ کی جانب کرا کے پیشاب پاخانہ کروانا	۶۵
۳۲	بے شعور بچہ اگر پانی کے برتن میں ہاتھ ڈال دے	۶۶
۳۳	کھڑے ہو کر وضو کرنا	۶۷
۳۴	بچہ کی دودھ کی قے	۶۷
۳۵	نومولود بچے کا لعاب (رال)	۶۸

کتاب الأذان (اذان کے مسائل)

۳۶	وقت سے پہلے اذان	۷۰
۳۷	اذان و اقامت کے کلمات ترتیب وار کہنا	۷۱
۳۸	مؤذن کا دوران اذان و اقامت بات چیت کرنا	۷۲
۳۹	اذان و اقامت کے کلمات کے آخر کو ساکن کرنا	۷۳
۴۰	’’الصلوۃ خیرٌ من النوم‘‘ بھول گیا	۷۴
۴۱	مؤذن کا اقامت کہنا افضل ہے	۷۵
۴۲	دورانِ اذان و اقامت وضو ٹوٹ گیا	۷۷
۴۳	قضا نماز کے لیے اذان	۷۸
۴۴	فاسد نماز کی ادائیگی کے لیے اذان و اقامت	۷۹
۴۵	نماز کے اعادہ کے لیے اذان و اقامت	۷۹
۴۶	قضا نمازِ فجر کے لیے اذان	۸۰

۴۷ مسافر جماعت کے لیے اذان واقامت ۸۱
۴۸ کھیت والے کے لیے بستی کی اذان کافی ہے ۸۲

کتاب الصلاة (نماز کے مسائل)

۴۹ صفِ اول کونسی؟ ۸۴
۵۰ جمع بین الصلوتین یعنی دونمازوں کوایک ہی وقت میں پڑھنا ۸۵

باب الإمامة (امامت کے مسائل)

۵۱ صحنِ مسجد کے پردے اٹھانا یا کواڑ کھولنا ۸۷
۵۲ ائمہ کرام کا جلدی جلدی نماز پڑھانا ۸۸

فصل في القراءة (قرأت کے مسائل)

۵۳ نماز میں مسنون قرأت ۸۹
۵۴ نماز میں مجہول قرأت ۹۱
۵۵ دوسورتوں کے درمیان کسی سورت کے ذریعہ فصل ۹۳
۵۶ نمازِ فجر میں تراویح کی طرح ختم قرآن کریم ۹۴
۵۷ غصہ اور جُھنجھلاہٹ کی وجہ سے طویل قرأت ۹۵
۵۸ مصلیوں کی فرمائش پر قرأت ۹۸
۵۹ خلافِ ترتیب قرآن کریم کی تلاوت ۱۰۰
۶۰ نماز میں قرآن مجید کی ترتیب بدل کر پڑھنا ۱۰۱
۶۱ قرآن مجید کی قصداً خلافِ ترتیب قرأت ۱۰۲

۶۲	عورت کا جہری قرأت کرنا	۱۰۳
۞	**شروط الصلاۃ وأرکانھا** (نماز کے شرائط وارکان)	۞
۶۳	تعدیلِ ارکان میں کوتاہی	۱۰۴
۞	**باب صفة الصلاة** (صفتِ صلوۃ)	۞
۶۴	تشہد میں ’’وحدہٗ لاشریک لہٗ‘‘ کا اضافہ	۱۰۸
۞	**أحکام المسبوق** (مسبوق کے احکام)	۞
۶۵	مسبوق کو مسبوقیت یاد نہ رہی	۱۰۹
۞	**مکروھات الصلاۃ ومفسداتھا** (نماز کے مکروہات ومفسدات)	۞
۶۶	عمل کثیر کسے کہتے ہیں؟	۱۱۱
۶۷	نماز میں کھجلانا	۱۱۳
۶۸	گیس ہیٹر سامنے رکھ کر نماز پڑھنا	۱۱۴
۶۹	نمازی کو سہو سے آگاہ کرنا	۱۱۵
۷۰	غیر نمازی کا نمازی کے سر پر ٹوپی رکھنا	۱۱۶
۷۱	لاؤڈ اسپیکر پر نماز باجماعت	۱۱۷
۷۲	نمازی کے سامنے سے کھسکنا	۱۱۸
۷۳	آئینہ اور ٹائلس کے سامنے نماز	۱۱۹
۷۴	نماز کی ترکیب تصویروں کے ساتھ	۱۲۰
۷۵	غیر مقتدی کا لقمہ لینا	۱۲۱

۞	**فصل في السنن والنوافل** (سنن ونوافل سے متعلق مسائل)	۞
۷۶	اشراق وچاشت کے متعلق تحقیق	۱۲۲
۷۷	سنتوں کے بعد باتیں کرنا	۱۲۵
۞	**فصل في سجدة السهو** (سجدۂ سہو کے مسائل)	۞
۷۸	نماز میں تکبیراتِ انتقال کا چھوٹ جانا	۱۲۶
۞	**فصل في سجدة التلاوة** (سجدۂ تلاوت کے مسائل)	۞
۷۹	بچہ یا بچی پر سجدۂ تلاوت	۱۲۷
۸۰	استاذ پر سجدۂ تلاوت	۱۲۸
۸۱	دعا کے لیے سجدہ کا التزام	۱۳۰
۞	**باب صلوة المسافر** (مسافر کی نماز کے مسائل)	۞
۸۲	بس اسٹینڈ یا ریلوے اسٹیشن پر نماز	۱۳۱
۞	**فصل في الجمعة** (احکام جمعہ)	۞
۸۳	اذانِ اول پر سعی کا وجوب اور بیع کی کراہت	۱۳۳
۸۴	بچے کا خطبۂ جمعہ	۱۳۴
۞	**فصل في الجنازة** (احکام جنازہ)	۞
۸۵	بچوں پر مرتے وقت تلقین	۱۳۵
۸۶	نومولود بچہ کا غسل اور اس پر نمازِ جنازہ	۱۳۶
۸۷	بے شعور بچے کو غسل جنازہ میں وضو نہیں کرایا جائے گا	۱۳۷

۸۸	نابالغ یا نابالغہ کو صنفِ مخالف کا غسل دینا	۱۳۸
۸۹	نمازِ جنازہ میں بچے کے لیے استغفار	۱۳۹
۹۰	دورانِ ولادت بچہ انتقال کر جائے	۱۴۰
۹۱	میت کا پلاسٹر چھڑا کر غسلِ جنازہ دینا	۱۴۱
۹۲	میت کو سرد خانہ (Cold House) میں رکھنا	۱۴۲
۹۳	غیر مسلم کے مرنے کی خبر سنے تو کیا پڑھے؟	۱۴۲
۹۴	نماز جنازہ کے بعد میت کا دیدار	۱۴۳
۹۵	مرد کا اپنی بیوی کے جنازے کو کندھا دینا اور اس کا چہرہ دیکھنا	۱۴۵
۹۶	دھنسی ہوئی قبر کو درست کرنا	۱۴۶
۹۷	مرنے والے کے عیوب بیان کرنا	۱۴۷
۹۸	اہلِ میت کو کھانا دینا	۱۴۹
۹۹	دفن کے وقت قبر میں گرا ہوا سامان نکالنا	۱۵۱
۱۰۰	دفن کے وقت کفن کی گرہ کھولنا	۱۵۳
۱۰۱	زندوں کو ایصالِ ثواب	۱۵۴

آداب المسجد (مسجد کے آداب)

۱۰۲	بچوں کو مسجد میں لانا اور صف میں اپنے ساتھ کھڑا کرنا	۱۵۵
۱۰۳	مسجد میں ٹیپ ریکارڈر سے قرآن کی تلاوت	۱۵۷
۱۰۴	چھجے کی شکل کے منبر	۱۵۸

۞	**کتاب الزکوۃ** (زکوۃ کے مسائل)	۞
۱۰۵	گریجویٹی فنڈ (Graduity Fund) پر زکوۃ	۱۶۰
۱۰۶	زکوۃ کی رقم سے ساس کو حج وعمرہ کرانا	۱۶۱
۱۰۷	پالتو پرندوں اور بلیوں پر زکوۃ	۱۶۲
۞	**کتاب الصوم** (روزے کے مسائل)	۞
۱۰۸	شوال کے چھ روزے	۱۶۳
۞	**کتاب الحج** (حج کے مسائل)	۞
۱۰۹	کرایہ کے مکان میں رہنے والے پر حج	۱۶۴
۱۱۰	مسکین کا حج کے بعد مالدار ہو جانا	۱۶۵
۱۱۱	اجنبی کو محرم بتلا کر بلا محرم حج کے لیے جانا	۱۶۶
۱۱۲	عمرہ کرنے سے حج کا وجوب	۱۶۸
۱۱۳	ایک سفر میں متعدد عمرے	۱۶۹
۱۱۴	مسلسل چند طواف کے بعد رکعتین پڑھنا	۱۷۰
۱۱۵	طواف کی دو رکعت بھول گیا	۱۷۱
۱۱۶	حاجی کا مکہ مکرمہ سے جدہ آنا	۱۷۲
۱۱۷	حاجی پر عید الاضحیٰ کی قربانی	۱۷۴
۞	**کتاب الأضحیة والعقیقة** (قربانی اور عقیقہ کے احکام)	۞
۱۱۸	قربانی کے سلسلہ میں ایک غلطی	۱۷۵
۱۱۹	مالدار شخص کا ایام قربانی میں انتقال	۱۷۶

۱۲۰	بڑے جانور میں واجب اور نفل قربانی کی نیت	۱۷۷
۱۲۱	جانور کو گراتے وقت اس میں عیب پیدا ہوگیا	۱۷۸
۱۲۲	جانور کو پچھلی ٹانگوں کی طرف سے کھینچنا	۱۷۹
۱۲۳	قربانی کے جانور کا اُون کاٹنا	۱۸۰
۱۲۴	بانجھ جانور کی قربانی	۱۸۱
۱۲۵	کٹی ہوئی زبان والے جانور کی قربانی	۱۸۱
۱۲۶	اندھے جانور کی قربانی	۱۸۲
۱۲۷	لوہے سے داغ دیئے گئے جانور کی قربانی	۱۸۳
۱۲۸	دانت گھسے ہوئے جانور کی قربانی	۱۸۴
۱۲۹	جرسی گائے وبیل کی قربانی	۱۸۵
۱۳۰	بھینس کی قربانی	۱۸۶
۱۳۱	ذبح کرنے کے بعد زندہ بچہ نکلا	۱۸۷
۱۳۲	قربانی کے جانور کی اوجھڑی	۱۸۸
۱۳۳	تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت رکھنا	۱۸۹
۱۳۴	عقیقہ کے گوشت کی تقسیم	۱۹۰

كتاب النكاح (نکاح کے مسائل)

۱۳۵	رشتہ کیسی لڑکی سے کیا جائے؟	۱۹۱
۱۳۶	رشتہ کی پیشکش میں پہل کرنا	۱۹۲
۱۳۷	عورت کی، مرد کو رشتہ کی پیشکش	۱۹۳

۱۳۸	دین دار کا رشتہ رد کر دینا	۱۹۴
۱۳۹	فاسق و بدچلن سے رشتہ	۱۹۵
۱۴۰	منہ بولی اولاد یا بہن بھائی سے نکاح	۱۹۵
۱۴۱	نکاح کے بعد رخصتی میں تاخیر	۱۹۷
۱۴۲	شادی ہال یا شادی لان میں نکاح خوانی	۱۹۸
۱۴۳	شادی بیاہ کے موقع پر ’’جوتا چھپائی‘‘ کی رسم	۲۰۰
۱۴۴	عقدِ نکاح کو مطالبات پر موقوف کرنا	۲۰۱
۱۴۵	بہو کا سامانِ جہیز دوسرے کو ہدیہ دینا	۲۰۳

كتاب الطلاق والعدة (طلاق وعدت کے احکام)

۱۴۶	عدت کے اندر بیوہ یا مطلقہ عورت سے نکاح	۲۰۵
۱۴۷	شوہر کی طرف سے مطلقہ مغلظہ کی مالی معاونت	۲۰۶

كتاب البيوع (خرید وفروخت کے مسائل)

۱۴۸	انٹرنیٹ کے ذریعہ خرید وفروخت کی ایک نئی صورت	۲۰۸
۱۴۹	بالوں کے بدلے غبارے (Balloon) خریدنا	۲۰۹
۱۵۰	آلاتِ موسیقی کی خرید وفروخت	۲۱۰
۱۵۱	خرید وفروخت میں زیادہ سے زیادہ نفع کی حد	۲۱۲
۱۵۲	موبائل ومیمری کارڈ کی خرید وفروخت	۲۱۳
۱۵۳	حقِ تصنیف کی تخصیص اور خرید وفروخت	۲۱۴
۱۵۴	نقد وادھار قیمت میں فرق	۲۱۶

۱۵۵	بیع وشراء کے وکیل کی حیثیت امین کی ہے	۲۱۷
۱۵۶	”بِکا ہوا مال واپس نہیں لیا جائے گا“ لکھنا	۲۱۸
۞	**باب الربوا** (سود کے احکام)	۞
۱۵۷	اے ٹی ایم (A.T.M) سے قرض کی ادائیگی	۲۲۰
۱۵۸	موبائل کمپنیوں کی ایک اسکیم	۲۲۱
۱۵۹	بیعانہ کی رقم ضبط کرنا	۲۲۲
۞	**كتاب الإجارة** (اجارہ کے مسائل)	۞
۱۶۰	”ایزی پیسہ“ کا کاروبار	۲۲۳
۱۶۱	فوج میں ملازمت	۲۲۴
۱۶۲	فائیو اسٹار ہوٹل میں ملازمت	۲۲۵
۞	**كتاب الهبة** (ہدیہ کے مسائل)	۞
۱۶۳	بعض خاص مواقع پر دوست واحباب کو تحفہ دینا	۲۲۷
۱۶۴	مرض سے صحتیابی کے بعد پھولوں کا ہار پہنانا	۲۲۸
۞	**كتاب الوقف** (وقف کے احکام)	۞
۱۶۵	نابالغ بچہ کا وقف	۲۳۰
۞	**كتاب الحظر والإباحة** (مباح وممنوع چیزوں کے احکام)	۞
۱۶۶	ریلوے ملازم کا ”ریلوے قانون“ کی خلاف ورزی	۲۳۱
۱۶۷	بلا ٹکٹ سفر کرنے والا کرایہ کس طرح ادا کرے؟	۲۳۲
۱۶۸	سیکنڈ کلاس کا ٹکٹ لے کر فرسٹ کلاس میں سفر	۲۳۳

۱۶۹	مالی تاوان	۲۳۴
۱۷۰	عجیب دھوکہ دہی	۲۳۵
۱۷۱	ڈاکٹروں کا زیادہ کمیشن والی دوا تجویز کرنا	۲۳۶
۱۷۲	قاریٔ قرآن کا کسی کی تعظیم میں کھڑا ہونا	۲۳۸
۱۷۳	دورانِ حمل اَلٹرا ساؤنڈ (Ultra Sound) کروانا	۲۳۹
۱۷۴	تین دن سے زیادہ ترکِ تعلق	۲۴۰
۱۷۵	مقرر، شاعر یا نعت خواں کو دادِ تحسین	۲۴۱
۱۷۶	شادی کی سالگرہ منانا	۲۴۳
۱۷۷	تھرٹی فرسٹ نائٹ (Thirty First Naiht) خود احتسابی کا موقع	۲۴۶

فصل في اللبس (لباس کے مسائل)

۱۷۸	تصویر دار سُو یٹر اور کپڑے پہننا	۲۴۸
۱۷۹	عریانیت وفحاشیت ڈیزائن والے لباس پہننا	۲۵۰
۱۸۰	بالوں میں آڑی مانگ نکالنا	۲۵۱
۱۸۱	جاندار کی تصویر والی گھڑی کا استعمال	۲۵۲
۱۸۲	زینت کے لیے چہرے پر کریم لگانا	۲۵۳
۱۸۳	بیوٹی سپاٹ (Beauty Spat)	۲۵۴
۱۸۴	عورتوں کا بال کٹوانا	۲۵۶
۱۸۵	مونچھیں بڑی بڑی رکھنا	۲۵۷
۱۸۶	بچوں کو ریشمی کپڑا پہنانا	۲۵۸

۱۸۷	فیشن کے طور پر لمبے ناخن رکھنا	۲۵۹
۱۸۸	ایموکلچر اور اسلامی تہذیب وثقافت	۲۶۱

فصل في النظر والمسّ (نظر ومس کے مسائل)

۱۸۹	مخلوط محفل اور پروگرام میں مرد وخواتین کی شرکت	۲۶۲
۱۹۰	عورت کا نابالغ محرم کے ساتھ سفر	۲۶۳

فصل في الأكل والشرب

(کھانے پینے کی چیزوں کے احکام)

۱۹۱	گرم کھانے پر پھونک مار کر کھانا	۲۶۴
۱۹۲	بیمار مرغی، بکری یا گائے ذبح کرنا	۲۶۵
۱۹۳	پیکٹ کا گوشت	۲۶۶
۱۹۴	غیر مسلموں کا دیا گیا پرساد	۲۶۷
۱۹۵	اسٹیل کے برتنوں میں کھانا	۲۶۸
۱۹۶	کھڑے ہو کر پانی پینا	۲۶۹
۱۹۷	مہمان کی خاطر ضیافت میں تکلف	۲۷۱
۱۹۸	کھانے کے بعد میزبان کے گھر دیر تک بیٹھے رہنا	۲۷۲
۱۹۹	شک سے یقین ختم نہیں ہوتا/ اشیاء میں اصل اباحت ہے	۲۷۳

فصل في البيع (خرید وفروخت کے احکام)

۲۰۰	ڈائجسٹ اور تصویر والے رسائل کی خرید وفروخت	۲۷۴
۲۰۱	تصویر دار جالی بنا کر فروخت کرنا	۲۷۵

۲۰۲	ہاکرس (Hawkers) یعنی اخبار فروشوں کو ایک تنبیہ	۲۷۶
۲۰۳	کیلنڈروں پر قرآنی آیات چھپوانا	۲۷۷
۲۰۴	عورت کی کمائی کا استعمال	۲۷۸
۞	**فصل في الأسامي والختان** (اسماء وختنہ کے احکام)	۞
۲۰۵	بچہ کا نام کب رکھا جائے؟	۲۸۱
۲۰۶	فرشتوں کے نام پر بچوں کے نام رکھنا	۲۸۲
۲۰۷	توہم پرستی کی بنا پر بچوں کا نام بدلنا	۲۸۴
۲۰۸	ختنہ کس وقت کی جائے؟	۲۸۶
۲۰۹	مختون بچے کا ختنہ دوبارہ کرنا	۲۸۷
۲۱۰	ختنہ کے وقت لوگوں کو جمع کرنا	۲۸۸
۲۱۱	ختنہ کے موقع پر امام یا مؤذن کو رسمی وجبری ہدیہ دینا	۲۸۹
۞	**كتاب الفرائض** (وراثت کے احکام)	۞
۲۱۲	وراثت کی بنیاد	۲۹۲
۞	**مسائل شتی** (متفرق مسائل)	۞
۲۱۳	الحجة علی ما قلنا کی حیثیت	۲۹۳
۲۱۴	ہر مسئلہ اور حادثہ کا ثبوت قرآن وحدیث سے	۲۹۶
۲۱۵	شریعت کے اوامر ونواہی میں فرق کیوں؟	۲۹۹
۲۱۶	کیسٹ سے قرآن کریم کی مشق	۳۰۰

۲۱۷	چوہوں کو زہر دے کر مارنا	۳۰۱
۲۱۸	غیبت حقوق العباد میں داخل ہے	۳۰۲
۲۱۹	حدیث ’’النفقۃ کلہا فی سبیل اللہ إلا البناء فلا خیر فیہ‘‘ کا مطلب	۳۰۳
۲۲۰	جنتی مرد کو حوریں ملیں گی، تو جنتی عورت کو کیا ملے گا؟	۳۰۴
۲۲۱	انتقاماً سامنے والے کا جوابی فون ریسیو نہ کرنا	۳۰۵
۲۲۲	دودھ نکالنے کا ایک نیا طریقہ	۳۰۶
۲۲۳	دودھ نکالنے کی ایک نئی ترکیب	۳۰۸
۲۲۴	زبان کا کوئی مذہب نہیں	۳۰۹
۲۲۵	والدین، استاذ یا اہلِ علم کی تعظیم میں کھڑا ہونا	۳۱۰
۞	مصادر ومراجع	۳۱۲

کلماتِ دعائیہ

خادم کتاب وسنت حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم
رئیس جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

قال النبي ﷺ :

” لكل شيء دعامة ، ودعامة الإسلام الفقه في الدين “

”ہر چیز کا ایک ستون ہے جس پر اس کا دار ومدار ہے، اور دین اسلام کا ستون فقہ فی الدین ہے“۔ (کنز العمال: ۷۷/۱۰، رقم الحدیث: ۲۸۹۲۰)

ہر زمانہ میں فقہ وفتاوی کو بڑی قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا گیا، اور سماج ومعاشرہ کی اصلاح وانقلاب کا اسے ایک مؤثر ذریعہ سمجھا گیا۔

آج کے اس پُرفتن، خدا بیزار، علوم اسلامیہ سے نہ صرف عدم واقفیت، بلکہ ایک حد تک اسلامی اقدار کے باغی معاشرہ اور سماج میں، بڑی حیرت انگیز تبدیلیاں اور زبردست انقلابات رونما ہوئے، سائنس وٹیکنالوجی کی ترقی نے نئے نئے اُفق پیدا کیے، اور اب دنیا گلوبلائزیشن (Globalization) کی دنیا کہی جانے لگی، معاشی اور اقتصادی امور میں، نت نئی ترقیات نے جہاں نئے نئے مسائل لا کھڑے کر دیئے، وہیں ذرائع ابلاغ کی نئی نئی ایجادات نے فکری ونظری، تہذیبی وثقافتی جنگوں کے محاذ کھول دیئے، اب جو لوگ شریعت اسلامیہ کو اپنی معاشرت، تجارت، اور زندگی کے دوسرے میدانوں میں معیار ہدایت قرار دے کر زندگی گزارنا چاہتے ہیں، ان کے سامنے ایسے سیکڑوں مسائل آ کھڑے ہیں، جن کے بارے میں وہ علماء اسلام واصحابِ افتاء کی طرف نظریں جمائے ہوئے ہیں، کہ کیا یہ جائز ہیں یا ناجائز؟

اس اہم موڑ پر ان کی رہنمائی ورہبری علماء شریعت پر فرض ہے، اسی فرض کی انجام دہی کے لیے جامعہ نے ۵؍ سال قبل ” **قسم الإفتاء و دار الإفتاء** “ قائم کیا، تاکہ امت کو موجودہ حوادث ومسائل کا شرعی حل مل جائے، اور اس عظیم ذمہ داری کے بارِ گراں کو اٹھانے کے لیے، ملک ہندوستان کی مختلف ریاستوں کے علماء بھی تیار ہوں۔

الحمد للہ! امسال ۱۰؍ فضلائے جامعہ اس شعبہ میں زیر تعلیم وتربیت رہے، اس شعبہ کی دیگر تعلیمی وتربیتی مصروفیتوں کے ساتھ ساتھ، پورے سال ایک مشغولیت یہ بھی رہی کہ جن مسائل میں لوگوں کا ابتلاء عام ہے، ان میں سے کسی ایک مسئلہ کی پوری صورت قلمبند کرکے، اس پر آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ، عباراتِ فقہیہ، اور قواعد کی روشنی میں حکم شرعی کی تطبیق کے بعد، وہ اسے جامعہ کی مساجد (مسجد میمنی، مسجد السلام وغیرہ) میں بعد نماز ظہر ومغرب سنانے کا اہتمام کرتے رہے۔

اب انہیں مسائل کا مجموعہ: ﴿**المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة**﴾ کے نام سے منظر عام پر آرہا ہے، میں نے ان مسائل کو مسجد میمنی میں سنا، ان کو عوام وخواص کے لیے بے انتہا مفید پایا، اور ان کو شائع کرنے کی اجازت دی، میری دعا ہے کہ اللہ رب العزت اسے قبولیتِ عامہ عطا فرمائے، اور امت کی اصلاح کا ذریعہ بنائے، نیز مرتّب، اور ان کے تمام رفقائے کار کو دنیا وآخرت میں فلاح ونجاح نصیب فرما کر خدمتِ دین کے لئے تاعمر قبول فرمائے۔ **ربنا تقبل منا إنک أنت السميع العليم وتب علينا إنک أنت التواب الرحيم**. (آمین)

۲۵؍ ۷؍ ۱۴۳۳ھ۔م- ۱۶؍ ۶؍ ۲۰۱۲ء

* * *

ایک اہم وضاحت

مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظمِ تعلیمات جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿**اتبعوا ما أنزل إليكم من ربكم**﴾ ”تم لوگ اس (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے۔“

(سورۃ الأعراف:۳)

آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ”**لا يؤمن أحدكم حتى يكون هواه متبعًا لما جئت به**“.

(**کنز العمال : ۱/ ۱۲۱**)

آیتِ مبارکہ میں ”**ما**“ عموم کے لیے ہے، جو تمام مصادرِ شرعیہ یعنی قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس وغیرہ کو شامل ہے، ہمارے فقہاء کرام کا ہمیشہ سے یہ طریقہ رہا کہ وہ کتاب، سنت، اجماع اور قیاسِ صحیح ہی سے مسائل کا استخراج واستنباط کرتے رہے، اور پچھلی چودہ صدیوں سے اسی طرح حلال وحرام کی معرفت حاصل کیجاتی رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ پوری امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے......!!

- رسولِ عربی، آقا مدنی ﷺ کو جن کے ذریعہ ہمیں مصادرِ شرعیہ عطا ہوئے۔
- حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو جنہوں نے علوم وحی کو پوری امانتداری کے ساتھ اپنے بعد والوں تک پہنچا دیا۔
- حضرات فقہاء کرام، مفسرین ومحدثین عظام اور علماء دین کو جنہوں نے کمالِ احتیاط اور نظم وضبط کے ساتھ اصول وقواعد کو مدِ نظر رکھ کر بے شمار مسائل کو حل فرمایا۔

الحمد للہ! جامعہ میں تقریباً ۵؍سال قبل دارالافتاء کا قیام عمل میں آیا، اول یوم سے ہی یہ کوشش کی گئی کہ اس سے امت کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جائے، اور ہر ممکن طریقہ سے امت کو حلال وحرام سے واقف کرایا جائے، اسی کے پیش نظر یہ کتاب ﴿**المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة**﴾ کی طباعت عمل میں آرہی ہے، جو سلسلۂ مسائلِ مہمہ کی پانچویں کڑی ہے، سالِ گزشتہ مسائل مہمہ کی جلد رابع شائع ہوکر منظر عام پر آچکی، عوام وخواص نے اس کو پسندیدہ نگاہوں سے دیکھا، لہٰذا اس سلسلہ کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، اور اب اس کی پانچویں جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے، آئندہ بھی ان شاء اللہ ہر سال عوام وخواص کو پیش آمدہ مسائل تحقیق، تخریج اور تطبیق کے بعد پیش کرنے کی کوشش کی جاتی رہے گی، قارئین کرام سے درخواست ہے کہ وہ اسلامی احکامات پر عمل پیرا ہوں، تاکہ دنیا وآخرت کی کامیابی سے سرخرو ہوجائیں، اور ائمۂ مساجد سے بھی امید کی جاتی ہے کہ وہ اس جانب متوجہ ہوں گے، اور فضائل کے ساتھ ساتھ مسائل سے بھی امت کو آگاہ کریں گے۔

اس کتاب میں حتی الامکان یہ کوشش کی گئی کہ ہر مسئلہ کو خوب سے خوب مدلل کیا جائے، اور مسئلہ کے لیے بطورِ دلیل قرآنِ کریم اور حدیثِ رسول ﷺ کو بعد از تتبع پیش کیا جائے، اور ساتھ ہی ساتھ فقہاء امت کی تصنیفات وتالیفات سے بھرپور تعاون حاصل کرتے ہوئے، جزئیاتِ فقہیہ سے بھی تقویت دی جائے، تاکہ مسئلہ بالکل منقیٰ ومجلیٰ ہوکر سامنے آجائے۔

اللهم وفقنا لما تحب وترضى. (آمین)

محمد حذیفہ وستانوی

۲۵؍۷؍۱۴۳۳ھ/م-۱۶؍۶؍۲۰۱۲ء

افتتاحیہ

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دار الافتاء

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿**إن الدین عند الله الإسلام ، ومن یبتغ غیر الإسلام دینًا فلن یقبل منه وهو في الآخرة من الخاسرین**﴾ ۔ ”اور جو کوئی اسلام کے سواء کسی اور دین کو تلاش کرے گا، سو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، اور وہ شخص آخرت میں تباہ کاروں میں سے ہوگا۔“ (آل عمران: ۸۵)

اور ارشادِ نبوی ﷺ ہے: ”**ترکتکم علی البیضاء لیلها کنهارها لا یزیغ عنها بعدی إلا هالک**“ ۔ ”میں نے تم کو ایک ایسی روشن شریعت پر چھوڑا کہ اس کی رات بھی اس کے دن کی طرح ہے، اور میرے بعد اس سے وہی شخص انحراف کرے گا، جو تباہ و برباد ہوگا۔“ (اتحاف السادة: ۱/۱۸۲)

آیت قرآنی وحدیث نبوی دونوں سے معلوم ومفہوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں کے اعمال وزندگیاں اسلامی تعلیمات کے مطابق ہوں گی کل قیامت کے دن وہی لوگ ، کامیاب وکامران، اور شاداں وفرحاں ہوں گے، اور جن لوگوں کے اعمال وزندگیاں اسلامی تعلیمات سے ہٹ کر گزریں گی وہ لوگ سخت نقصان وخسارہ میں ہوں گے، اسلامی تعلیمات کی اسی اہمیت وضرورت کے پیش نظر رسول عربی ﷺ نے طلب علم دین کو ہر مسلم مرد وعورت پر فرض قرار دیا ہے، جن لوگوں نے عمر کے اس مرحلہ میں علم دین حاصل نہیں کیا جس میں عموماً علم دین

حاصل کیا جاتا ہے، انہیں دینی تعلم سے آراستہ کرنے اور ان کی زندگیوں کو اسلامی زندگیاں بنانے کے لیے وارثین انبیاء اور بزرگان دین نے بڑی محنتیں اور کوششیں فرمائی ہیں، اور آج بھی یہ محنتیں مختلف انداز و جہتوں سے جاری وساری ہیں۔

علوم اسلامیہ اور احکام شرعیہ کی تعمیم وتشہیر میں مساجد کا بڑا کردار ورول رہا ہے، اور آج بھی مسجدیں اپنے اس اہم کردار کو ادا کررہی ہیں، جیسا کہ ہمارا مشاہدہ ہے کہ جمعہ واعیاد کے موقع پر علماء اسلام وخطباء عظام، مسلمانوں کے جم غفیر کے سامنے موقع محل، موسم اور حالات کے عین مطابق اسلامی ہدایات اور شرعی احکام بیان فرماتے ہیں، جس سے امت کو بڑا فائدہ پہنچتا ہے، اور وہ از سرنو اپنے اعمال وزندگیوں کا جائزہ لے کر راہ مستقیم پر چلنے کا عزم وارادہ کرلیتے ہیں، اور واقعہ بھی یہی ہے کہ اس سے بہت سارے لوگوں کی زندگیوں میں بڑا انقلاب برپا ہوا ہے۔

زیرنظر کتاب ﴿**المسائل المهمة في ما ابتلت به العامة**﴾ جلد خامس جو ۲۲۵ محقق ومدلل، ان مسائل پر مشتمل ہے، جو زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں، اور روزمرہ زندگی میں عام لوگوں کا ان میں ابتلاء ہے، اس کی طباعت میں بھی یہی جذبۂ خیر کارفرما ہے۔

اس سے قبل بھی اس کی چار جلدیں: جلد اول: ۲۰۳، جلد ثانی: ۲۲۶، جلد ثالث: ۲۳۵، جلد رابع: ۲۳۵ محقق ومدلل مسائل پر مشتمل، آیاتِ قرآنیہ واحادیثِ نبویہ سے مزین ہوکر طبع ہوچکیں، الحمد للہ جلد اول کے تین، جلد ثانی وثالث کے دو دو، اور جلد رابع کا ایک ایڈیشن ختم ہوچکا ہے۔

دراصل جامعہ کے دارالافتاء کی کوشش ہے کہ ایسے مسائل جن میں ابتلاء عام ہے، ان کی صورتوں کو قلمبند کرکے ان کی تحقیق وتخریج کی جائے اور لوگوں کو ان سے باخبر کیا جائے، تاکہ وہ اپنے اعمال کی پیشی سے پہلے ان کی اصلاح ودرستی کرلیں، اور بروزِ قیامت فوز وفلاح سے ہمکنار ہوں۔

میں مبارکبادی پیش کرتا ہوں افتاء کے طلباء عزیزم مفتی مقیم الدین بیڑوی اور عزیزم مفتی ضیاء الرحمٰن وامبوروی وغیرہ کو، جوان مسائل میں سے روزانہ ایک ایک مسئلہ بلا ناغہ سال بھر بعد نماز ظہر ومغرب، جامعہ کی ''مسجد میمنی'' و''مسجد السلام'' میں پڑھتے رہے۔ **فزادهم الله علمًا نافعًا وعملا متقبلا .**

اسی طرح میں مشکور ہوں عزیزم مفتی عبد المتین، مفتی مجیب الرحمٰن اور مفتی محمد افضل صاحبان کا جو بڑی محنت ولگن اور شوق وذوق کے ساتھ ان مسائل کی تحقیق، تخریج، تبویب وترتیب اور کمپوزنگ وپروف ریڈنگ جیسے اہم کاموں میں سال بھر بندے کا تعاون کرتے رہے۔ **تقبل الله سعيهم وباركهم في علمهم وعملهم . آمين يا رب العالمين .**

اگر ائمۂ مساجد تھوڑی سی توجہ دیں، اور پنج وقتہ نمازوں میں سے کسی ایک نماز کے بعد روزانہ ایک مسئلہ اپنے مقتدیوں کو سنانے کا اہتمام کرلیں، تو امید ہے کہ دینی، تعلیمی اور اصلاحی اعتبار سے اس کا بڑا فائدہ ہوگا۔ **وما ذلك على الله بعزيز**

وصلى الله على نبيه الكريم وعلى آله الطيبين الطاهرين وسلم تسليمًا كثيرًا كثيرًا .

۲۵/۷/۱۴۳۳ھ/م-۱۶/۶/۲۰۱۲ء

* * *

كتاب الإيمان والعقائد

(ایمان و عقائد کے مسائل)

غیر مسلم کو مسلمان بنانے کا طریقہ

مسئلہ (۱): کسی غیر مسلم کو مسلمان بنانے کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ اسے غسل کرایا جائے، پھر اسے: ﴿أشهد أن لا إلهَ إلا اللّٰهُ وَحْدهٗ لا شَرِيکَ لَهٗ ، وأشهدُ أنّ مُحَمَّدًا عَبدُهٗ ورسُولُه﴾ مع ترجمہ ومختصر مطلب پڑھایا جائے، نیز ایمانِ مجمل ومفصل پڑھانے کے ساتھ، اس سے اپنے سابق مذہب سے برأت کا اقرار بھی لے لیا جائے، اور آئندہ کے لیے اسلامی احکامات سیکھ کر اس کے مطابق زندگی گذارنے کی تلقین بھی کی جائے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : (وإسلامه أن يتبرّأ عن الأديان كلها أو عما انتقل إليه) .... ومراده أن يتبرّأ عن الأديان كلها سوى دين الإسلام ...... وصرح في العناية بأن التبرأ بعد الإتيان بالشهادتين . وفي شرح الطحاوي : سئل أبو يوسف كيف يسلم ؟ فقال : أن يقول : أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمداً رسول الله ، ويقر بما جاء من عند الله ، ويتبرأ من الذي انتحله .

(۵/۱۲۶ ، كتاب السير ، أحكام المرتدين ، ط: رشيديه كوئٹه و بيروت)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وإسلامه أن يتبرأ عن الأديان سوى الإسلام أو عما انتقل إليه بعد نطقه بالشهادتين ، وتمامه في الفتح ، ولو أتى بهما على وجه العادة لم ينفعه ما لم يتبرأ . بزازية . (۲۷۴/۶)=

دائرۂ اسلام سے خارج کردینے والے کلمات

مسئلہ (۲): کبھی انسان انتہائی مشکلات وپریشانیوں میں گِھر جاتا ہے، جو اس کی تقدیر کا حصہ ہوا کرتی ہیں، ان حالات میں وہ خوب دعائیں مانگتا ہے، مگر جب اپنی دعا کا اثر نہیں دیکھتا تو جہالت ونادانی میں یوں کہتا ہے: ''ہم دل سے دعا کررہے ہیں لیکن اللہ کہاں ہے؟ اور وہ ہماری دعا کیوں نہیں سنتا؟ وہ ہے بھی یا نہیں؟ اگر ہے تو ہماری مدد کیوں نہیں کرتا؟ وہ ہمارے اور ہمارے بچوں کا درد کیوں نہیں دیکھتا؟ اسے ہمارے اوپر رحم کیوں نہیں آتا؟'' وغیرہ۔

اس طرح کے کلمات اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں شک وتردّد ظاہر کرتے ہیں، جو بلاشبہ کفر ہے(۱)، اس طرح کے کلمات کہنے کی وجہ سے انسان اسلام سے خارج ہوجاتا ہے، اس کا نکاح بھی ٹوٹ جاتا ہے، اور اس پر ان کفریہ

=ما في '' الموسوعة الفقهية '' : قال الحنفية : توبة المرتد أن يتبرأ عن الأديان سوى الإسلام، أو عما انتقل إليه بعد نطقه بالشهادتين ، ولو أتى بالشهادتين على وجه العادة أو بدون التبري لم ينفعه ما لم يرجع عما قال ، إذ لا يرتفع بهما كفره .

(۲۲/ ۱۹۲ ، ردّة) (فتاویٰ محمودیہ:۲/۵۴۳، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' البحر الرائق '' : فيكفر إذا وصف الله تعالى بما لا يليق به .

(۵/ ۲۰۲ ، كتاب السير ، باب أحكام المرتدين)

ما في '' الفتاوى التاتارخانية '' : إذا وصف الله بما لا يليق به أو سخر بإسم من أسماء الله تعالى ..... يكفر .

(۴/ ۲۳۴ ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيما يقال في ذات الله تعالى)

کلمات پر ندامت کے ساتھ ساتھ بصدقِ دل توبہ واستغفار لازم ہوجاتا ہے، نیز اس پر تجدیدِ ایمان ونکاح بھی ضروری ہوجاتا ہے (۱)، اس لیے مصائب وپریشانیوں میں رضا بالقضاء اور قبولیتِ دعا کی امید کے ساتھ دعا کرتے رہنا چاہیے، اور ایسے کلمات سے بچنا چاہیے جو انسان کو دائرۂ اسلام سے خارج کردیتے ہیں۔

سلفِ صالحین کو برا بھلا کہنا

مسئلہ (۳): جو شخص سلفِ صالحین مثلاً حضراتِ صحابہ، ائمۂ اربعہ اور امت کے دیگر اکابرین کو برا بھلا کہتا ہے، وہ گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہے (۲)، کیوں کہ نبی کریم ﷺ نے اس کو قیامت کی علامت قرار دیا ہے کہ اس امت کے پچھلے لوگ سلف کو لعن طعن کرنے لگیں گے (۳)، جس کا حاصل یہ ہے کہ ایسا کرنا فسق وفجور ہے، اگر اسلامی حکومت نافذ ہوتی، تو ایسے شخص پر تعزیر کی جاتی، تاہم ایسے شخص کی اصلاح کی فکر کرنی چاہیے، اگر ناقابلِ اصلاح ہو تو اس سے قطعِ تعلق رکھا جائے۔ (۴)

---

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ما كان في كونه كفراً اختلاف فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط .

(۲۸۳/۲ ، قبيل باب العاشر في البغاة ، الفتاوى التاتارخانية : ۲۳۴/۴ ، كتاب أحكام المرتدين ، قبيل فصل فيما يقال في ذات الله تعالى)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " سباب المسلم فسوق، وقتاله كفر " . (۸۹۳/۲ ، كتاب الأدب ، باب ما ينهى عن السباب واللعن ، السنن للترمذي : ۱۹/۲ ، أبواب البر والصلة، فتح الباري : ۴۶۴/۱۰ ، ط . السلفية ، صحيح مسلم : ۸۱/۱ ، مكتبة الحلبي)=

= ما في ” صحيح البخاري “ : عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال : قال النبي ﷺ : ”لا تسبّوا أصحابي ، فلو أن أحدكم أنفق مثل أحد ذهباً ما بلغ مدّ أحدهم و لا نصيفه “ تابعه جرير وعبد الله بن داود وأبومعاوية ومحاضر عن الأعمش . [أخرجه البخاري]

(فتح الباري : ۷/ ۲۱ ، مكتبة السلفية ، صحيح مسلم : ۴/ ۱۹۶۸ ، مكتبة الحلبي)

ما في ” الموسوعة الفقهية “ : لا خلاف بين العلماء في أنه يحرم سبّ الصحابة رضوان الله عليهم لقوله ﷺ : ” لا تسبّوا أصحابي ، فلو أن أحدكم أنفق مثل أُحُد ذهباً ما بلغه مدّ أحُد ولا نصيفه “ . (۲۴/ ۱۴۰ ، سبّ الصحابة رضي الله عنهم)

ما في ” الموسوعة الفقهية “ : سبّ المسلم معصية ، وصرّح كثير من الفقهاء بأنه كبيرة ، قال النووي : يحرم سبّ المسلم من غير سبب شرعي يجوّز ذلك ، روينا في صحيحي البخاري ومسلم عن ابن مسعود رضي الله عنه ، عن رسول الله ﷺ قال : ” سباب المسلم فسوق “ . وإذا سبّ المسلم ففيه التعزير ، وحكى بعضهم الاتفاق عليه. (۲۴/ ۱۴۱ ، سبّ المسلم)

(۳) ما في ” سنن الترمذي “ : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : ”إذا اتّخذ الفيءُ دُولا ، والأمانة مَغنماً ، والزكوة مغرماً (إلى قوله) ولعن آخر هذه الأمة أولها ، فليرتقبوا عند فتتابع “ . (۲/ ۴۵ ، كتاب الفتن ، باب ما جاء في علامة حلول المسخ والخسف)

(۴) ما في ” مشكوة المصابيح “ : وعن عائشة رضي الله عنها ، أن رسول الله ﷺ قال : ” لا يكون لمسلم أن يهجر مسلماً فوق ثلاثة .... “ . الحديث . رواه أبوداود. (۳/ ۱۴۰۰ ، رقم الحديث : ۵۰۳۴ ، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات ، المكتب الإسلامي بيروت ، عون المعبود :ص/ ۲۱۱۵ ، رقم الحديث : ۴۹۱۰ ، كتاب الأدب، باب في هجرة الرجل أخاه ، رقم الحديث : ۴۹۱۲/ ۴۹۱۳)=

....

....

....

....

= ما في " التعليق الصبيح " : قال التوربشتي : .... وأما إذا كان الهجران في حق من حقوق الله فله ما فوق ذلک . ولقد هجر رسول الله ﷺ الثلاثة الذي خُلّفوا كعب بن مالک وهلال بن أمية ومرارة بن الربيع رضي الله عنهم ، فلم يكلّمهم خمسين يوماً وأمر الناس بهجرانهم ، ولما أعتل بعير صفية فقال رسول الله ﷺ لزينب : أعطيها بعير أو كان عندها فضل ظهر ، فقالت : أنا أعطي تلک اليهودية ، فغضب رسول الله ﷺ فهجرها ذا الحجة والمحرم وبعض صفر .... قلت : وقد وجدنا من السلف من هجر أخاه المسلم في أمر كرهه عنه من أمور الدين السنة والسنتين ، ومنهم من هاجر صاحبه في ذلک عمره ، ورؤوا أنفسهم في فسحة من ذلک ما لم يعدّ المهجور عما ابتدعه ، كذا في " شرح المصابيح " للتوربشتي . (۵/۲٦۷ ، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات)

ما في " بذل المجهود " : قال الخطابي : .... وأما هجران الوالد الولد ، والزوج الزوجة ، ومن كان في معناهما فلا يضيق أكثر من ذلک ، وقد هجر رسول الله ﷺ نسائَهُ شهراً . انتهى . قال السيوطي : .... وأما ما كان من جهة الدين والمذهب فهجران أهل البدع والأهواء واجب إلى وقت ظهور التوبة ، ومن خاف من مكالمة أحد وصلته ما يفسد عليه الدين أو يدخل مضرة في دنياه يجوز له مجانبته، والبعد عنه ، وربّ هجر حسن خير من مخالطة مؤذية . (۱۳/ ۳۱۹ ، ۳۲۰ ، كتاب الأدب ، باب في هجرة الرجل أخاه ، معالم السنن للخطابي : ۴/۱۱۳ ، رقم الحديث : ۱۳۴۴ ، باب النهي عن التهاجر ، بيروت)(فتاوی بنوریہ، رقم الفتوی: ۱۱۷۰٦)

بعض مشرکانہ توہمات

مسئلہ (۴): برادرانِ وطن اور مشرکانہ ماحول سے متأثر ہونے کی وجہ سے آج کل بہت سے مسلم گھرانوں میں بھی توہمات نے جڑ پکڑ رکھی ہے کہ کھڑا ہوکر کنگھی کی جائے تو تہمت لگے گی، چھپکلی گھر میں آئے تو ایمان کمزور ہوگا، دودھ اُبل جائے تو نقصان ہوگا، تیل گرے تو فائدہ ہوگا، ٹوٹا ہوا آئینہ نہیں دیکھنا چاہیے، جھاڑو کھڑی رکھنے میں گھر میں جھگڑے ہوں گے، جامن کا درخت گھر میں ہو تو غربت آئے گی وغیرہ وغیرہ، شرعاً ان کی کوئی اصل نہیں ہے، کیوں کہ ہم مسلمان ہیں، اور ہمارا عقیدہ ہے کہ نافع اور ضار صرف اور صرف اللہ کی ذات ہے، اس کی ذات کے سوا نہ کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہے اور نہ نفع، اگر شریعت نے کسی عمل کا کوئی نفع یا نقصان بتلایا ہے، تو اس کے پیچھے بھی اللہ کا حکم ہی کارفرما ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يُّصِيبَنا إلا ما كَتبَ اللّٰهُ لَنا هُو مَوْلٰنا وعلَى اللهِ فَلْيتوَكَّلِ الْمُؤمِنُونَ﴾ . (سورة التوبة : ٥١)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما حظَّ الله تعالى لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (٦/١٦٦)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : سمعتُ رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : "لا طِيرة وخيرها الفال " .

(ص/٣٧٧ ، باب الفال والطيرة ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ۴٥٧٦)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الشيخ محمد القاري قلت : المستفاد من القاموس أن الفال مختص بالخير ، وقد يستعمل في الشر ، والطيرة لا تستعمل إلا في الشر ، فهما=

انتقام کے خوف سے سانپ کو نہ مارنا

مسئلہ (۵): آج کل بہت سے لوگ زمانۂ جاہلیت کے اہلِ عرب کی طرح یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اگر سانپوں کو مارا جائے گا، تو ان کا جوڑی دار آ کر بطور انتقام ضرور ڈسے گا، ان کا یہ عقیدہ شرعاً غلط ہے(۱)، کیوں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے سانپوں کو ان کے انتقام کے خوف سے چھوڑ دیا وہ ہم میں سے نہیں، ہم نے جب سے ان سے دشمنی کی ہے اس کے بعد ان سے صلح نہیں کی“(۲)، اسی طرح آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ: ”تم سانپوں کو قتل کر دو، جس نے ان کے انتقام کے ڈر سے انہیں چھوڑ دیا وہ ہم میں سے نہیں“(۳)، ان دونوں حدیثوں سے اس طرح کے اعتقاد اور قول کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو ہدایت عطا فرمائے۔ آمین

= ضدان في أصل الوضع ...... لا يجوز العمل بالطيرة وهي التفاؤل بالطير ، والتشاؤم بها ، كانوا يجعلون العبرة في ذلک تارة بالأسماء ، وتارة بالأصوات ، وتارة بالسنوح والبروح . (۸/ ۳۹۱ ، باب الفال والطيرة)

ما في ” الموسوعة الفقهية “ : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تاثيره في حدوث الخير والشر لما في ذلک من الإشراک بالله في تدبير الأمور . (۱۲/ ۱۸۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” بذل المجهود في حل سنن أبي داود “ : قوله ﷺ : (فمن خاف ثأرهنّ) أي انتقامهنّ (فليس مني) وكانوا في الجاهلية يظنّون أنه إذا قتل حية فيجيىء زوجها فيلسعه ، فنهى رسول الله ﷺ عن هذا الاعتقاد ، وكذلک أهل الهند يظنّون في بعض بلادها أن من قتل حية في حالة مخصوصة فينتقم زوجها ويلسعه في كل سنة .

(۱۳/ ۶۳۵، تحت رقم : ۵۲۴۸ ، دار البشائر الإسلامية بيروت)=

……………………………………………………………………

……………………………………………………………………

……………………………………………………………………

= (۲) ما في " السنن لأبي داود " : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : " من ترک الحيات مخافة طلبهنّ فليس منا ، ما سالمناهنّ منذ حاربناهنّ " .

(ص/۷۱۲ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود :۶۳۷/۱۳ ، رقم الحديث : ۵۲۵۰، فضل المعبود : ۸۳۶/۵)

ما في " بذل المجهود " : قوله ﷺ : (ما سالمناهنّ) أي : ما صالحناهنّ (منذ حاربناهنّ) ولعل المراد ما روي أن إبليس دخل في جثة الحية فدخل الجنة ، ويمكن أن يقال : إن المحاربة بين الحية والإنسان جبلية ، لأن كلا منهما مجبول على طلب قتل الآخر ، كأن المراد ما شرع الله تعالى محبتهنّ لنا ، أو ما نسخ عداوتهنّ منا ، ولهذا شرع قتلهنّ حتى في الحرم .

(۶۳۵/۱۳ ، تحت رقم : ۵۲۴۸ ، دار البشائر الإسلامية بيروت)

ما في " عون المعبود " : قوله : (ما سالمناهنّ) أي ما صالحنا الحيات (منذ حاربناهنّ) أي منذ وقع بيننا وبينهنّ الحرب ، فإن المحاربة والمعاداة بين الحية والإنسان جبلية ، لأن كلا منهما مجبول على طلب قتل الآخر . (ومن ترک شيئاً منهنّ) أي ترک التعرض لهنّ (خيفة) أي لخوف ضرر منها أو من صاحبها (فليس منا) أي من المقتدين بسنتنا الآخذين بطريقتنا .

(ص/۲۲۳۰ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، بيت الأفكار الدولية بيروت)

(۳) ما في " السنن لأبي داود " : عن القاسم بن عبد الرحمن عن أبيه عن ابن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : " اقتلوا الحيات كلهنّ ، فمن خاف ثأرهنّ فليس مني " .

(ص/۷۱۲ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود : ۶۳۶/۱۳ ، رقم الحديث : ۵۲۴۹ ، فضل المعبود : ۸۳۶/۵)

ما في " السنن للنسائي " : عن عبد الله عن رسول الله ﷺ أنه أمر بقتل الحيات ، وقال : " من خاف ثأرهنّ فليس منا " . (۵۵/۲ ، كتاب الجهاد ، من خان غازياً في أهله)

سانپ کو ''جن'' سمجھ کر نہ مارنا

مسئلہ (٦): اگر کوئی شخص اس خیال سے سانپ کو مارنے سے احتراز کرے کہ ''یہ جن ہے جو سانپ کی شکل میں نمودار ہوا ہے، اگر اس کو ماروں گا تو دوسرے جن مجھ سے انتقام لیں گے'' اس خیال سے سانپ کو زندہ چھوڑنا مناسب نہیں (۱)، البتہ اگر کوئی ایسی علامت ظاہر ہو جائے جس سے یہ یقین ہو جائے کہ یہ واقعی جن ہے، سانپ نہیں ہے، تو پھر اسے زندہ چھوڑنے میں کوئی حرج نہیں۔

علامہ تقی الدین ندوی دامت برکاتہم علامہ دمیری کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ اگر گھر میں سانپ آجائے تو اسے مارنے سے پہلے تین دن کی مہلت دینی چاہئے، مہلت کے لیے یہ الفاظ کہے جائیں: ''میں تمہیں اس عہد کی قسم دیتا ہوں جو تم سے حضرت نوح اور حضرت سلیمان علیہما السلام نے دیا تھا کہ تم ظاہر نہیں ہوگے، اور ہمیں تکلیف نہیں پہنچاؤ گے، اگر یہ جن ہوگا تو خود ہی چلا جائیگا''۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' السنن لأبي داود '' : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : '' من ترك الحيات مخافة طلبهنّ فليس منا ، ما سالمناهنّ منذ حاربناهنّ '' .

(ص/٧١٢ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود :١٣/٦٣٧ ، رقم الحديث : ٥٢٥٠، فضل المعبود : ٥/٨٣٦)

ما في '' السنن لأبي داود '' : عن القاسم بن عبد الرحمن عن أبيه عن ابن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : '' اقتلوا الحيات كلهنّ ، فمن خاف ثأرهنّ فليس مني '' .

(ص/٧١٢ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود : ١٣/٦٣٦ ، رقم الحديث : ٥٢۴٩ ، فضل المعبود : ٥/٨٣٦)=

....

....

....

= مـا فـي " سنن النسائي " : عن عبد الله ، عن رسول الله ﷺ أنه أمر بقتل الحيات ، وقال : " من خاف ثأرهنّ فليس منا " . (۲/۵۵ ، كتاب الجهاد ، من خان غازياً في أهله)

(۲) مـا فـي " السـنن لأبي داود " : عن عبد الرحمن بن أبي ليلى عن أبيه : " أن رسول الله ﷺ سئل عن حيّات البيوت فقال : " إذا رأيتم منهنّ شيئاً في مساكنكم فقولوا : أنشدكنّ العهدَ الذي أخذ عليكنّ نوحٌ ، أنشدكنّ العهدَ الذي أخذ عليكنّ سليمانُ أن تؤذوناَ (أن لا تؤذونا) فإن عُدُنَ فاقتلوهنّ " .

(ص/۷۱۳ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمى)

مـا فـي " التعليق للشيخ تقى الدين الندوي على هامش بذل المجهود " : (اقتلوا) .... قال الدميري : أمره عليه السلام بقتل الحيات أمر ندب ، وحيات البيوت لا تقتل حتى تنذر ثلاثة أيام أو ثلاث مرات ، والجمهور على الأول بأن يقول : أنشدكنّ بالعهد الذي أخذه عليكنّ نوح وسليمان أن لا تبدو لنا ولا تؤذونا .... وقال الطحاوي : لابأس بقتل الجميع ، والأول الإنذار .

(۱۳/۶۳۶ ، تحت رقم : ۵۲۴۹ ، دار البشائر الإسلامية بيروت)

مـا فـي " حيـوة الـحيوان الكبرى للدميري " : وقد اختلف العلماء في الإنذار هل هو ثلاثة أيام أو ثلاث مرات ، والأول هو الذي عليه الجمهور ، وكيفيته أن يقول : أنشدكنّ بالعهد الذي أخذه عليكنّ نوح وسليمان عليهما الصلاة والسلام أن لا تبدو لنا ولا تؤذونا . وفي " أسد الغابة " : عن عبد الرحمن بن أبي يعلى أنه قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا ظهرت الحية في المسكن فقولوا لها : إنا نسئلک بعهد نوح وبعهد سليمان بن داود عليهم الصلاة والسلام لا تؤذينا ، فإن عادت فاقتلوها " ..... وقال الطحاوي : لا بأس بقتل الجمع والأولى الإنذار .

(۱/۲۷۱ ، تحت عنوان " الحية " ، دار احياء التراث)

بدفالی اور نیک فالی لینا

مسئلہ (۷): آج کل ہمارے معاشرہ میں بہت سے ایسے توہّمات عام ہیں جو شرعاً ممنوع ہیں، مثلاً کالی بلی سامنے سے گذر جائے تو راستہ بدل لینا چاہیے، ورنہ اسی راستے پر چلنے سے نقصان ہوسکتا ہے، چھُری گرے یا خالی قینچی چلائی جائے تو لڑائی ہوجاتی ہے، کوا بولے تو مہمان آجاتا ہے، دائیں آنکھ پھڑکے تو اچھی اور بائیں آنکھ پھڑکے تو بری خبر ملتی ہے، ہتھیلی میں کھجلی ہو تو دولت آجاتی ہے، جوتی پر جوتی چڑھ جائے تو سفر پیش آتا ہے، وغیرہ۔ اس طرح کی تمام بد شگونیوں اور بدفالیوں سے آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے (۱)، جب کہ اچھی اور نیک فال لینا مستحب ومندوب اور حضور اکرم ﷺ سے ثابت ہے (۲)، جیسا کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر کفارِ مکہ کی طرف سے جب سہیل بن عمرو صلح نامہ کے وکیل بن کر آئے، تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ”قد سہل لکم من أمرکم“ کہ تمہارا معاملہ سہل وآسان ہوگیا۔ (۳)

نوٹ: اگر کسی کے دل میں بدشگونی وبدفالی کا خیال آئے تو وہ یہ دعا پڑھے: ”اللهم لا طَيرَ إلا طَيرُکَ ، ولا خَيرَ إلا خَيرُکَ ، ولا إلٰهَ غَيرُکَ“۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” صحيح البخاري “ : عن أنس رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال : ” لا عدوٰي ولا طِيَرة “ الخ . (ص/۱۰۴۶ ، كتاب الطب ، باب الفأل ، رقم الحديث : ۵۷۵۶ ، بيروت ، صحيح البخاري : ۲/۸۵۷ ، قديمي ، الصحيح لمسلم: ۲/۲۰۳ ، مشكوة : ص/۳۹۱ ، باب الفأل والطيرة)=

= ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : ﴿وما تشآء ون إلا أن يشآء الله﴾. [سورة الدهر: ٣٠] . فأخبر تعالى : إنا لا نشاء شيئاً إلا قد شاء الله أن يشاء ه .... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن . (ص/١٢)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يُّصيبنا إلا ما كتب الله لنا ، هو مولٰنا ، وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ٥١)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خطّ الله لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير بموافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (٦/١٦٦)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في الحدوث الخير أو الشر لما في ذلک من الإشراک بالله في تدبير الأمور .

(١٢/١٨٣)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرک جلياً . (٨/١٩١)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوا الطيرنا بک وبمن معک﴾ . (سورة النمل : ٤٧)

ما في " معارج التفكر ودقائق التدبر" : والتطير هو التشاؤم بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع أم بمرئ أو بنحو ذلک .

(٩/٣٩٩ ، القول المفيد على كتاب التوحيد : ١/١٢ ، باب التطير)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ما أصاب من مصيبة في الأرض ولا في أنفسكم إلا في كتٰب من قبل أن نبرأها﴾ . (سورة الحديد : ٢٢)

ما في " روح المعاني " : والكلام على العموم بجميع الشرور أي مصيبة في الأرض كجدب وعاهة في الزرع والثمار والزلزلة وغيرها ، ولا في أنفسكم كمرض وآفة كالجرح والكسر إلا في كتاب أي إلا مكتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ ، وقيل في علم الله عزّ وجلّ . (١٥/٢٨٥)

ما في " التفسير الكبير " : هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (١٠/٤٦٧)=

= وما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوآ إنا تطيرنا بكم﴾ . (سورة يٰسٓ : ۱۸)
ما في " تفسير المظهري " : يعنون أن ما نزل بنا إنما هو يشؤمكم وذلک لاستغرابهم ما ادعوه واستقباحهم له وتنفرهم عنه ، فإن عادة الجهال أن يتمنوا كل شيء مالت إليه طباعهم ويتشاء موا ما كرهوه . (۸/۳۵)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ، ويُعجبني الفأل الصالح ، الكلمة الحسنةُ " .
(ص/۱۰۴۶ ، كتاب الطب ، باب الفأل ، رقم الحديث : ۵۷۵۶ ، مشكاة المصابيح: ص/۳۹۱ ، باب الفال والطيرة)

ما في " فتح الباري " : عن أبي هريرة قال: قال النبي ﷺ : " لا طيرة وخيرها الفال ". قال : وما الفال يا رسول الله ؟ قال : " الكلمة الصالحة يسمعها أحدكم " .
(۱۰/۲۴۹ ، باب الفال ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التفاؤل مباح بل حسن إذا كان متعيناً للخير ، كأن يسمع المريض يا سالم ، فينشرح لذلک صدره ، ولا خلاف بين الفقهاء في جواز التفاؤل بالكلمة الحسنة من غير قصد . (۱۳/۷۷)

(۳) ما في " التفسير لإبن كثير " : وقال معمر : أخبرني أيوب عن عكرمة أنه قال : لما جاء سهيل بن عمرو قال النبي ﷺ : " قد سهل لكم من أمركم " .
(۳/۳۵۱ ، سورة الفتح)

(۴) ما في " كتاب عمل اليوم والليلة لإبن السني " : عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " يسلم من أرجعته الطيرة عن حاجته فقد أشرک ، قالوا : وما كفارة ذلک يا رسول الله ؟ قال : يقول أحدهم : " اللهم لا طير إلا طيرک ، ولا خير إلا خيرک ، ولا إله غيرک" . (ص/۱۰۶ ، رقم الحديث : ۲۹۲ ، باب ما يقول إذا تطيّر من شيء، مؤسسة الكتب والثقافة بيروت ، شعب الإيمان للبيهقي : ۲/۶۵ ، رقم الحديث : ۱۱۸۰ ، باب التوكيل والتسليم ، بيروت)

خط پر ’’قطمیر‘‘ لکھنا

مسئلہ(۸): بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے خط پر ’’اَلْـقِطْمِیْر‘‘ لکھتے ہیں، اُن کا یہ عمل شرعاً صحیح ہے، کیوں کہ یہ ایک نیک فال ہے، اور وہ جائز ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ’’ صحيح البخاري ‘‘ : عن أنس ، عن النبي ﷺ قال : ’’ لا عدوى ولا طيرة، ويعجبني الفألُ الصالحُ ، الكلمة الحسنة ‘‘ .

(ص/۱۰۴۶ ، كتاب الطب ، بال الفأل ، رقم الحديث : ۵۷۵۶ ، احياء التراث)

ما في ’’ فتح الباري ‘‘ : وإنما كان النبي ﷺ يعجبه الفأل ، لأن التشاؤم سوء ظنّ بالله تعالى بغير سبب محقق ، والتفاؤل حسن ظن به ، والمؤمن مأمور بحسن الظن بالله تعالى على كل حال ، وقال الطيبي : معنى الترخص في الفأل والمنع من الطيرة .

(۱۰/ ۲۶۵ ، كتاب الطب ، باب الفأل)

ما في ’’ مشكوة المصابيح ‘‘ : عن أبي هريرة قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : ’’لا طيرة وخيرها الفأل ‘‘ . قالوا : وما الفأل ؟ قال : ’’ الكلمة الصالحة يسمعها أحدكم ‘‘ . متفق عليه . (ص/ ۳۹۱ ، كتاب الطب والرقى ، باب الفأل والطيرة ، قديمي)

ما في ’’ مرقاة المفاتيح ‘‘ : والتفاؤل المتعارف فيما بينهم الطيبة الصالحة ، لأن يؤخذ منها الفأل الحسن كطالب ضالة يا واجد ! وكتاجر يا رزاق ! وكمسافر يا سالم ! ..... قال الطيبي : معنى الترخص في الفأل والمنع من الطيرة .

(۸/ ۳۹۲ ، كتاب الطب والرقى ، باب الفأل والطيرة)

ما في ’’ الموسوعة الفقهية ‘‘ : التفاؤل مباح بل حسن إذا كان متعينا للخير ، كأن يسمع المريض يا سالم ! فينشرح لذلک صدره ، ولا خلاف بين الفقهاء في جواز التفاؤل بالكلمة الحسنة من غير قصد . (۱۳/ ۷۷)

نیک فال یہ ہے کہ ’’ قِطْمِیْر ‘‘ اصحابِ کہف کے کتے کا نام تھا(۱)، اور ’’قِطْمِیْر‘‘ لکھنے والے اس سے یہ نیک فال لیتے ہیں کہ جیسے کتا غار پر بیٹھا ہوا تھا کہ کوئی اندر نہ آسکے، اسی طرح کوئی غیر آدمی اس خط کو نہ دیکھ سکے، اور نہ پڑھ سکے، اور خط محفوظ طریقے سے مکتوب الیہ کے پاس پہنچ جائے۔

اسلام میں نحوست کا تصور

مسئلہ (۹): بعض لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ جب انہیں کوئی نقصان ہوتا ہے، یا کسی مقصد میں ناکامی ہوتی ہے، تو وہ یہ جملہ کہتے ہیں کہ ’’ آج صبح سویرے نہ جانے کس منحوس کی شکل دیکھی تھی‘‘ - اُن کا اس طرح کہنا شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ اسلام میں نحوست کا تصور نہیں، یہ محض توہم پرستی ہے۔(۲)

---

(۱) ما في ’’ التفسير الكبير للرازي ‘‘ : وإسم كلبهم قطمير .

(۷/۴۴۸ ، سورة الكهف ، تحت آية/۲۲)

ما في ’’ روح المعاني ‘‘ : ﴿وكلبهم باسطٌ ذراعيه بالوصيد﴾ قال الآلوسي رحمه الله : وفي إسمه فأخرج ابن أبي حاتم ، عن الحسن : أنه قطمير .

(۹/۳۲۶ ، سورة الكهف ، تحت آية/۱۸) (فتاویٰ محمودیہ:۳۰/۴۸۵)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في ’’ القرآن الكريم ‘‘ : ﴿مآ أصاب من مصيبة في الأرض ولا في أنفسكم إلا في كتٰب من قبل أن نبرأها﴾ . (سورة الحديد : ۲۲)

ما في ’’ روح المعاني ‘‘ : والكلام على العموم بجميع الشرور أي مصيبة في الأرض كجدب وعاهة في الزرع والثمار والزلزلة وغيرها ، ولا في أنفسكم كمرض وآفة كالجرح والكسر إلا في كتاب أي إلا مكتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ ، وقيل في علم الله عزّ وجلّ . (۱۵/۲۸۵)=

کٹے ہوئے ناخن پیروں کے نیچے

مسئلہ (۱۰): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر کٹے ہوئے ناخن کسی کے پاؤں کے نیچے آجائیں، تو جس کے ناخن ہیں اس کو اس شخص کی بیماری لگ جاتی ہے، جس کے پاؤں کے نیچے ناخن دبے تھے، ان کا یہ خیال محض توہم پرستی ہے، اس کی کوئی اصل نہیں ہے (۱) مگر ناخن انسان کا جز ہے، اور انسان اپنے تمام اجزاء کے ساتھ مکرم ہے، اس لیے ناخنوں کو کاٹنے کے بعد انہیں اِدھر اُدھر نہیں پھیکنا چاہیے، کہ وہ کسی کے پاؤں تلے آجائیں، بلکہ انہیں کسی ایسی جگہ ڈال دیا جائے یا دفن کیا جائے کہ وہ روندے نہ جاسکیں۔ (۲)

= ما في " التفسير الكبير " : هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (۴۶۷/۱۰)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوا الطيرنا بک وبمن معک﴾ . (سورة النمل : ۴۷)

ما في " معارج التفكر ودقائق التدبر " : والتطير هو التشاؤم بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع . (۳۹۹/۹)

ما في " صحيح البخاري " : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . (۸۵۷/۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئًا سوى الله ينفع أو يضرّ بالاستقلال فقد أشرک جليًّا . (۳۹۱/۸)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في الحدوث الخير أو الشر لما في ذلک من الإشراک بالله في تدبير الأمور . (۱۸۳/۱۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلا ما كتب الله لنا ، هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)=

....

....

....

= ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خط الله لأجلنا في اللوح ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (٦/١٦٦)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة ، عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . (٢/٨٥٧ ، كتاب الطب ، باب لا هامة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (لا عدوى) قال التوربشتي : العدوى هنا مجاوزة العلة من صاحبها إلى غيره. (٨/٣٩٣ ، كتاب الطب والرقى ، باب الفال)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : قوله ﷺ : (لا عدوى) لا نافية للجنس ، ونفي الجنس أعم من نفي الواحد والإثنين والثلاثة ، لأنه نفي للجنس كله ، فنفى الرسول ﷺ العدوى كلها . والعدوى : انتقال المرض من المريض إلى الصحيح ، وكما يكون في الأمراض الحسية يكون أيضًا في الأمراض المعنوية الخُلُقية ، ولهذا أخبر النبي ﷺ أن جليس السوء كنافخ الكير ، إما أن يحرق ثيابک ، وإما أن تجد منه رائحة كريهة ، فقوله : (لا عدوى) يشمل الحسية والمعنوية ، وإن كانت في الحسية أظهر . (٢/٩٨ ، باب ما جاء في التطيّر)

(٢) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وروي أن النبي ﷺ أمر بدفن الشعر والظفر .... وفي الخانية : ينبغي أن يُدفن قلامة ظفره ومحلوق شعره ، وإن رماه فلا بأس . (ص/٥٢٧ ، الفقه الإسلامي وأدلته : ١/٢٦۴ ، الفتاوى الهندية : ٥/٣٥٨ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع عشر)

ما في " المغني " : عن مثلة بنت مشرح الأشعرية قالت : "رأيت أبي يقلم ويدفنها ويقول : " رأيت النبي ﷺ يفعل ذلک " .... وعن ابن جريج ، عن النبي ﷺ يعجبه دفن الدم ، وكان ابن عمر يدفن شعره وأظفاره ..... كلهم .

(١/٨٨ ، كشاف القناع : ١/٨۴ ، حاشية الفقه الإسلامي وأدلته : ١/٢٦٥)

مصیبت آنے پر کالا بکرا یا مرغا ذبح کرنا

مسئلہ (۱۱): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ جب کوئی مصیبت پیش آئے، یا طبیعت خراب ہو، تو کالا بکرا یا کالا مرغا ذبح کر کے صدقہ کر دینے سے مصیبت ٹل جاتی ہے، اور بیمار صحت یاب ہوجاتا ہے، ان کی یہ بات اس حد تک تو درست ہے کہ صدقہ سے بلائیں دور ہوتی ہیں، مگر اس کے لیے کالے بکرے، یا کالے مرغے کا ہونا ضروری نہیں ہے، بلکہ ہر وہ چیز جو رضائے الٰہی کے لیے اس کی راہ میں دی جائے وہ صدقہ کہلاتی ہے، لہٰذا صدقہ کے لیے کسی جنس اور رنگ ونسل کی قید لگانا شرعاً غلط ہے، جو لوگ اس طرح کی قید لگاتے ہیں وہ اکثر بددین ہوتے ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن للترمذي " : عن أنس بن مالك قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدقة لتطفئ غضب الرب ، وتدفع ميته السوء " .

(۱/۱۴۴ ، كتاب الزكاة ، باب ما جاء في فضل الصدقة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : أي لتمنع من إنزال المكروه والبلاء في الحال ، وتدفع سوء الخاتمة في المآل . (۴/۳۵۲ ، كتاب الزكاة ، باب فضل الصدقة ، الفصل الثاني)

ما في " مشكاة المصابيح " : عن علي قال : قال رسول الله ﷺ : " بادروا بالصدقة ، فإن البلاء لا يتخطاها " . (ص/۱۶۷ ، كتاب الزكاة ، قبيل باب فضل الصدقة)

ما في " كنز العمال " : " الصدقة تمنع سبعين نوعاً من أنواع البلاء ، أهونها الجذام والبرص " . (۶/۱۴۸ ، رقم الحديث : ۱۵۹۷۸)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (الصدقة) هي ما يخرجه الإنسان من ماله ، على وجه القربة واجباً كان أو تطوعاً . (۴/۳۳۸ ، باب فضل الصدقة) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۲۲۱۷)

دعا میں صاحبِ قبر بزرگ کا وسیلہ

مسئلہ (۱۲): اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول وبرگزیدہ بندوں پر بے شمار رحمت کی بارش ہوتی ہے، ان کی قبر کے قریب پہنچ کر بے مثال سکون نصیب ہوتا ہے، اور ان کی قبر کے پاس اور ان کے وسیلہ سے دعا۔ خدائے پاک سے مانگی جائے، تو جلد قبول ہوتی ہے، نیز ان کی برکت سے اللہ پاک مصائب دور فرماتے ہیں (۱)، لیکن براہِ راست صاحبِ قبر بزرگ کو خطاب کر کے ان سے مانگنا، اہلِ سنت والجماعت کے مسلک کے خلاف ہے۔ (۲)

فائدہ: ''جو بات جس قدر ثابت ہے اس کو تسلیم کیا جائے، اور جو ثابت نہ ہو اس سے پرہیز کیا جائے''۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا اتقوا الله وابتغوا إليه الوسيلة﴾ .
(سورة المائدة : ۳۵)

ما في " جامع الترمذي " : عن عثمان بن حنيف أن رجلاً ضريرا البصر أتى النبي ﷺ فقال: أدع الله أن يعافيني ، قال : "إن شئت دعوت وإن شئت صبرت فهو خير لک فادعه قال : فأمره أن يتوضأ فيحسن وضوءه ويدعو بهذا الدعاء ، أللهم إني أسألک وأتوب إليک بنبيک محمد نبي الرحمة إني توجهت بک إلى ربي في حاجتي هذه لتقتضي لي ، أللهم فشفعه فيّ" . (۱۹۸/۲ ، باب الدعوات)

ما في " رد المحتار " : وقد قال تعالى : ﴿وابتغوا إليه الوسيلة﴾ .... وقد عد من آداب الدعاء التوسل على ما في الحصن . وجاء في رواية : " اللهم إني أسألک بحق السائلين عليک ، وبحق ممشاي إليک ، فإني لم أخرج أشراً ولا بطراً ". الحديث .
(۵۶۹/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، بيروت)=

....

....

....

....

= (٢) ما في ” روح المعاني “ : وأما إذا كان المطلوب منه ميتاً أو غائباً فلا يستريب عالم أن غير جائز ، وأنه من البدع التي لم يفعلها أحد من السلف .

(۴/۱۸۳ ، مكتبه زكريا ديوبند ، ۴/۱۲۵ ، مكتبه مصطفائيه ديوبند)

ما في ” روح المعاني “ : واستدل بعض الناس بهذه الآية على مشروعية الاستغاثة بالصالحين وجعلهم وسيلة بين الله تعالى وبين العباد .... ومنهم من يقول للغائب أو الميت من عباد الله تعالى الصالحين : يا فلان ادع الله تعالى ليرزقني كذا وكذا ، ويزعمون أن ذلک من باب ابتغاء الوسيلة ، ويروون عن النبي ﷺ أنه قال : ” إذا أعيتكم الأمور فعليكم بأهل القبور . أو : فاستغيثوا بأهل القبور “ . وكل ذلک بعيد عن الحق بمراحل . (۴/۱۸۳)

ما في ” صحيح البخاري “ : عن معاذ بن جبل قال : قال رسول الله ﷺ : ” يا معاذ ! أتدري ما حق الله على العباد ؟ قال : الله ورسوله أعلم ، قال: أن يعبدوه ولا يشركوه به شيئاً ، أتدري ما حقهم عليه ؟ قال : الله ورسوله أعلم ، قال : ألا يعذبهم “ .

(۲/۱۰۹۷ ، كتاب الأدب ، تكملة فتح الملهم : ۵/۲۰ ، مكتبة أشرفية ديوبند)

(٣) (فتاوی محمودیہ: ٣/۴۵ ، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

مصافحہ کے بعد سینہ پر ہاتھ پھیرنا

مسئلہ (۱۳): جب دو مسلمان باہم ملتے ہیں اور سلام کرتے ہیں، اور اس کے بعد مصافحہ بھی کرتے ہیں، تو اللہ پاک ان کے جدا ہونے سے پہلے ان کی مغفرت فرما دیتے ہیں، اتنی بات حدیث سے ثابت ہے، لیکن مصافحہ کے بعد سینہ پر ہاتھ پھیرنا، نہ کسی حدیث سے ثابت ہے اور نہ ہی فقہاء کرام نے اسے ذکر فرمایا ہے، یہ محض ایک رواج ہے، اس سے بچنا چاہیے، کیوں کہ جو عمل آپ ﷺ سے جس کیفیت اور کمیت میں ثابت ہے، اسے اسی کیفیت اور کمیت میں کرنا چاہیے، اس میں کمی بیشی نہ کرنا ہی کمالِ اتباع ہے، جس کے ہم مکلّف و پابند ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن لأبي داود " : عن البراء قال : قال رسول الله ﷺ : " ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان إلا غفر لهما قبل أن يفترقا " .

(ص/۷۰۸ ، كتاب الأدب ، باب في المصافحة، جامع الترمذي : ۱۰۲/۲ ، كتاب الاستئذان والآداب ، باب ما جاء في المصافحة)

ما في " جامع الترمذي " : عن ابن مسعود ، عن النبي ﷺ قال : " من تمام التحية الأخذ باليد " . (۱۰۲/۲ ، كتاب الاستئذان والآداب ، باب ما جاء في المصافحة)

ما في " تحفة الأحوذي بشرح جامع الترمذي " : وهي مفاعلة من إلصاق صفح الكف بالكف . (۵۴۵/۷)

ما في " شرح الطيبي على مشكوة المصابيح " : قوله : (وتمام تحيا تكم بينكم المصافحة) يعني لا مزيد على هذين ، فلو زدتم على هذا دخل في التكلف ، وهو بيان لقصد الأمور ، لأنه نهى عن الزيادة والنقصان . (۴۱/۹ ، كتاب الآداب ، باب المصافحة والمعانقة ، الفصل الثاني ، مرقاة المفاتيح : ۴۹۴/۸) (کتاب الفتاویٰ:۱۲۷/۶)

محرم کا چاند دیکھنے اور شبِ برأت منانے دلہن کو میکے بھیجنا

مسئلہ (۱۴): ہمارے عرف وسماج میں شادی سے پہلے اور شادی کے بعد، جہاں بہت ساری غیر شرعی رسومات نے جگہ لی ہے، ان ہی میں سے ایک رسم یہ بھی ہے کہ بعض لوگ شبِ برأت اور محرم کے موقع پر بیوی کو اس کے باپ کے گھر بھیج دیتے ہیں، اور وہ اپنے والدین کے یہاں آکر یہ کہتی ہے کہ میں ''محرم کا چاند دیکھنے آئی ہوں'' یا ''شبِ برأت منانے آئی ہوں''، دراصل ان دونوں رسموں کے پیچھے بھی وہی خیالِ جاہلیت کارفرما ہے کہ محرم اور شبِ برأت منحوس ونامبارک ہیں، ان دونوں زمانوں میں لڑکی کو اس کے شوہر کے گھر نہیں، بلکہ باپ کے گھر ہونا چاہیے، یہ دونوں رسمیں غلط ہیں، کیوں کہ کوئی مہینہ اور کوئی گھڑی منحوس ونامبارک نہیں، مبارک گھڑی وہ ہے جس میں انسان اللہ تعالیٰ کی اطاعت بجالائے، اور نامبارک وہ ہے جس میں وہ اس کی نافرمانی کرے، البتہ اگر ان دونوں موقعوں پر لڑکی کو اس کے میکے بھیجنے میں یہ خیالِ جاہلیت کارفرمانہ ہو، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿قل لن يّصيبنآ إلاّ ما كتب الله لنا ، هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في ''روح المعاني '' : أي لن يصيبنا إلاّ ما خط الله لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير بموافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى .

(۱۶۶/۱۰/۶)=

= ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوا اطّيرنا بک وبمن معک﴾ . (سورة النمل : ۴۷)

ما في " معارج التفكر ودقائق التدبر " : والتطيّر هو التشاءم بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع أو بمرئي أو بنحو ذلک . (۳۹۹/۹)

وما في " صحيح البخاري " : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . (۸۵۷/۲ ، الصحيح لمسلم : ۲۳۰/۲)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : قوله : (ولا صفر) قال النووي : إن الصفر دواب في البطن وهي دودٌ ، وكانوا يعتقدون أن في البطن دابة تهيج عند الجوع ، وربما قتلت صاحبها ، وكانت العرب تراها أعدى من الجرب ، وهذا التفسير هو الصحيح ، وبه قال مطرف وابن وهب وابن حبيب وأبوعبيدة.

(۲۳۰/۲ ، باب لا عدوى ولا طيرة ، مرقاة المفاتيح : ۳۹۴/۸ ، باب الفال والطيرة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : إن الطِيرةَ مصدر التطيّر ، وكان ذلک يصدّهم عن مقاصدهم ، فنفاه الشرع وأبطله ونهى عنه ، وأخبر أنه ليس له تاثير في جلب نفع أو دفع ضرر .... كانوا يجعلون العبرة في ذلک تارة بالأسماء ، وتارة بالأصوات ، وتارة بالسنوح والبروح ، يهيّجونها من أماكنها .

(۳۹۱/۸ ، باب الفال والطيرة ، بذل المجهود : ۶۳۷/۱۱)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : التطيّر هو التشاءم بمرئي أو بمسموع أو معلوم كالتشائم ببعض الأيام ، أو بعض الشهور ، أو بعض السنوات ، فهذه لا ترى ولا تسمع .... قوله : (ولا صفر) قيل : إنه شهر صفر ، كانت العرب يتشائمون به ، لا سيما في النكاح . (۹۳/۲ ، باب ما جاء في التطيّر)

وما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوآ إنا تطيّرنا بكم﴾ . (سورة يٰسٓ : ۱۸)

ما في " تفسير المظهري " : يعنون أن ما نزل بنا إنما هو يشؤمكم ، وذلک لاستغرابهم ما ادعوه ، واستقباحهم له ، وتنفرهم عنه ، فإن عادة الجهال أن يتمنوا كل شيء مالت إليه طباعهم ويتشاءموا ما كرهوه . (۳۵/۸)

چاند گرہن میں حاملہ کا قینچی، چھری اور چاقو کا استعمال

مسئلہ (۱۵): بعض مرد وعورتیں چاند گرہن میں حاملہ عورت کو قینچی، چھری اور چاقو وغیرہ کے استعمال سے منع کرتے ہیں، اور یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان چیزوں کے استعمال سے پیٹ میں موجود حمل میں کوئی نقص پیدا ہوجاتا ہے، یہ محض توہم پرستی ہے، شریعتِ اسلامیہ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، لہٰذا چاند گرہن کے دوران حاملہ عورت بھی بقدرِ ضرورت قینچی، چھری اور چاقو وغیرہ کا استعمال کرسکتی ہے، اس سے حمل پر کوئی اثر نہیں پڑتا، کیوں کہ مؤثرِ حقیقی اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات ہے، اس لیے اس طرح کے باطل عقائد اور توہمات سے بچنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ما أصاب من مصيبة في الأرض ولا في أنفسكم إلا في كتٰب من قبل أن نبرأها﴾ . (سورة الحديد : ۲۲)

ما في " روح المعاني " : والكلام على العموم بجميع الشرور ، أي مصيبة في الأرض كجدب وعاهة في الزرع والثمار ، والزلزلة وغيرها ، ولا في أنفسكم كمرض وآفة كالجرح والكسر إلا في كتاب ، أي إلا مكتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ ، وقيل في علم الله عزّ وجل . (۱۵/۲۸۵)

وما في " التفسير الكبير " : هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (۱۰/۲۶۷)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد شيئاً سوى ينفع أو يضرّ بالاستقلال ، فقد أشرك أي شركاً جلياً . وقال القاضي : إنما سمّاها شركاً ، لأنهم كانوا يرون ما يتشاءمون به سبباً مؤثراً في حصول المكروه . (۸/۳۹۳ ، رقم الحديث : ۴۵۸۴)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يّصيبنا إلا ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)=

حاملہ خواتین کا رات کے وقت گھر کے باہر نکلنا

مسئلہ (۱۶): عام طور پر بڑے بوڑھے لوگ حاملہ خواتین کو رات کے وقت گھر کے باہر نکلنے سے روکتے ہیں، اور خاص طور پر جمعرات کا پورا دن، بڑے بوڑھوں کا یہ طرزِ عمل محض توہم پرستی پر مبنی ہے، جو شرعاً ممنوع ہے (۱)، صحیح بات یہ ہے کہ حاملہ عورت بوقتِ ضرورت، کسی بھی دن اپنے محرم کے ساتھ، شرعی پردے کا لحاظ رکھتے ہوئے باہر نکل سکتی ہے، اس میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے۔ (۲)

= ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلاّ ما خطّ الله لأجلنا في اللوح ولا يتغيّر بموافقتكم ومخالفتكم، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۶/۱۶۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتّفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في الحدوث الخير أو الشر لما في ذلک من الإشراک بالله في تدبير الأمور . (۱۲/۱۸۳)

ما في " صحيح البخاري " : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد " .

(ص/۴۷۷ ، رقم الحديث : ۲۶۹۷ ، كتاب الصلح ، الصحيح لمسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، السنن لأبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم الحديث : ۴۶۲۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلا ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خطّ الله تعالى لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى .

(۶/۱۶۶)

(۲) ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : ﴿وقرن في بيوتكنّ ......الخ﴾ ففيه أمر النساء بالقرار في البيوت ، والنهي عن الخروج متبرّجات بزينة على وتيرة الجاهلية الأولى=

غروبِ آفتاب کے بعد جھاڑو لگانا

مسئلہ (۱۷): بعض لوگ غروبِ آفتاب کے بعد صفائی کی غرض سے جھاڑو لگانے سے منع کرتے ہیں، اور یہ کہتے ہیں کہ اِس سے رزق میں کمی واقع ہوتی ہے، شرعاً اس کی کوئی اصل نہیں، بلکہ یہ اَغلاط العوام میں سے ہے، اس لیے بوقتِ ضرورت مغرب بعد بھی جھاڑو دی جاسکتی ہے۔ (۱)

=...... فعلم أن حكم الآية قرارهنّ في البيوت إلا لمواضع الضرورة الدينية ، كالحجة والعمرة بالنص أو الدنيوية ، كعيادة قرابتها وزيارتها ، أو احتياج إلى النفقة . (۳/۳۱۷-۳۱۹)

ما في '' الدر المختار مع حاشية ابن عابدين '' : ولها الخروج من بيت زوجها للحاجة، ولها زيارة أهلها بلا إذنه ما لم تقبضه أي : المعجّل ، فلا تخرج إلا لحق لها أو عليها . (۸/۴۸۳ ، ۴۸۴ ، باب المهر ، مطلب في منع الزوجة نفسها لقبض المهر ، دار الثقافة والتراث بدمشق ، سورية) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۸۳۱۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿قل لن يصيبنآ إلا ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في '' روح المعاني '' : أي لن يصيبنا إلا ما خطّ الله تعالى لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۶/۱۶۶)

ما في '' صحيح البخاري '' : عن عبد الله قال : حدثنا رسول الله ﷺ وهو الصادق المصدوق قال : ''إن أحدكم يجمع في بطن أمه أربعين يوماً ، ثم علقة مثل ذلک ، ثم يكون مضغة مثل ذلک ، ثم يبعث الله ملكاً فيؤمر بأربع برزقه وأجله وشقي أو سعيد '' . (۲/۹۷۶ ، كتاب القدر ، باب في القدر، الصحيح لمسلم : ۲/۳۳۲ ، كتاب القدر ، باب كيفية خلق الآدمي في بطن) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۸۰۹)

دفعِ مصائب وبلیّات کے لیے ختمِ بخاری

مسئلہ (۱۸): بعض لوگ کہتے ہیں کہ دفعِ مصائب وبلیّات کے لیے بخاری شریف ختم کرکے جو دعائیں مانگی جاتی ہیں، اس کا قرآن وحدیث میں کوئی ثبوت نہیں، اس لیے یہ بدعت ہے، جب کہ دفعِ مصائب کے لیے جو ختم کیا جاتا ہے، مثلاً سوا لاکھ مرتبہ کلمۂ طیبہ یا آیت الکرسی کا پڑھنا، یا بخاری شریف کا ختم کرکے دعا مانگنا، یہ بطورِ علاج ہے، اس کے لیے قرآن وحدیث سے ثبوت ضروری نہیں ہے، جیسے حکیم نسخے میں لکھتے ہیں: ''عُناب ۵/ دانہ، بادام ۷/ دانہ'' کہ تجربات سے ثابت ہیں، اس کے لیے قرآن وحدیث سے ثبوت طلب کرنا بے محل ہے، اور جب اِس ختم کی شان مُعالجہ کی ہے، تعبُّد وعبادت کی نہیں، تو یہ بدعت نہیں، بلکہ اس کو بدعت کی حد میں لانا بدعت ہے، بالخصوص جب کہ اس کی اصل بھی موجود ہے کہ ذکرِ خیر کے بعد دعا قبول ہوتی ہے، اور بخاری شریف کے کلماتِ خیر پر مشتمل ہونے میں کس کو شبہ ہے، لہٰذا دفعِ مصائب وبلیّات کے لیے بخاری شریف کا ختم کرکے دعائیں مانگنا درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' مقدمة لامع الدَّراري على جامع البخاري '' : وقال الشيخ عبد الحق الدهلوي في أشعة اللمعات : قرأ كثير من المشايخ والعلماء والثقات صحيح البخاري لحصول المرادات وكفاية المهمات وقضاء الحاجات ، ودفع البليات وكشف الكربات وصحة الأمراض وشفاء المرضىٰ عند المضائق والشدائد فحصل مرادهم=

ابجد حروف کا تعویذ اور اس کا استعمال

مسئلہ (۱۹): جو تعویذات آیاتِ مبارکہ یا احادیثِ مبارکہ سے تیار کیے گئے ہوں، یا بزرگوں سے منقول ہوں، ان کے الفاظ درست ہوں، تو ایسے الفاظ یا ان کے ابجد حروف سے تعویذ بنانا اور اس کا استعمال کرنا درست اور شرعاً جائز ہے، جب کہ مبہم غیر معلوم المعنیٰ یا شرکیہ الفاظ سے تیار کی گئی تعویذ کا استعمال جائز نہیں ہے۔ (۱)

=وفازوا بمقاصدهم ووجدوه كالترياق مجرباً ، وقد بلغ هذا المعنى عند علماء الحديث مرتبة الشهرة والاستفاضة . ونقل السيد جمال الدين المحدث عن استاذه السيد أصيل الدين أنه قال : قرأت صحيح البخاري نحو عشرين ومائة مرة في الوقائع والمهمات لنفسي والناس آخرين فبأي نية قرأته حصل المقصود وبقي المطلوب .... وهكذا قال الشيخ مشائخنا الشاه عبد العزيز الدهلوي في " البستان" : ان قرأته في الشدائد والأمراض وخوف الأعداء والغلاء وسائر البلايا ترياق مجربٌ .

(۱/ ۲۳/ ۲۴ ، مقدمة اللامع ، الفائدة الثانية ، المكتبة الأشرفية ديوبند)

(فتاویٰ محمودیہ: ۳/ ۲۹۶، کراچی، فتاویٰ حقانیہ: ۲/ ۳۷، فتاویٰ رشیدیہ: ص/ ۱۶۶، تالیفاتِ رشیدیہ: ص/ ۱۵۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : قالوا : وإنما تكره العوذة إذا كانت لغير لسان العرب ولا يدري ما هو ، ولعله يدخله سحر أو كفر أو غير ذلک ، وأما ما كان من القرآن أو شيء من الدعوات فلا بأس به . اهـ . (۹/ ۵۲۳ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، ۶/ ۳۶۳ ، ط : دار الفكر)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۳۱۰۵)

گاڑیوں کی پلیٹ نمبر اور موبائل سم کارڈ کے لیے ۳۱۳ کے عدد کا انتخاب

مسئلہ (۲۰): حضراتِ علماء کرام نے اسماء بدریین کے ذکر کے بعد دعا کے قبول ہونے کی صراحت فرمائی ہے، مگر یہ بات تجربہ سے ثابت ہے، نص سے نہیں (۱)، نیز قبولیتِ دعا اور حصولِ برکت کا یہ تجربہ اسماء بدریین کے ذکر پر ہے، نہ کہ محض ان کے عدد ''۳۱۳'' کے ذکر یا لکھنے پر، اس لیے کہ نفسِ عدد ''۳۱۳'' کو ان کے اسماء سے کوئی مناسبت نہیں ہے، بلکہ یہ غزوۂ بدر میں شریک حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مجموعی عدد ہے، جب کہ آج کل بہت سے لوگ اس عدد کو بطورِ تبرّک اپنی گاڑیوں کے نمبر پلیٹ یا موبائل کے سم کارڈ (Sim Card) نمبر وغیرہ کے لیے منتخب کرتے ہیں، تو ان کا یہ عمل باعتقادِ تبرّک درست نہیں، ہاں! اگر اس اعتقاد کے بغیر محض اپنی طبعی پسند کی وجہ سے انتخاب کرتے ہوں، تو پھر اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہونا چاہیے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " لامع الدّراري على جامع البخاري " : وقد تقدم ما قال الزرقاني قال العلامة الدّواني : سمعنا من مشائخ الحديث أن الدعاء عند ذكرهم في البخاري مستجاب وقد جرب . (۱۲۳/۳ ، كتاب المغازي ، المكتبة الأشرفية ديوبند ، كذا في شرح الزرقاني : ۴۰۹/۱ ، بحواله سيرة المصطفى ﷺ : ۱۳۶/۲ ، كشف الباري شرح البخاري : ص/۱۷۸ ، كتاب المغازي)

(۲) ما في " غمز عيون البصائر شرح الأشباه والنظائر " : قوله : (الأصل في الأشياء الإباحة) ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعاليقه أن المختار أن الأصل الإباحة عند جمهور أصحابنا ، وقيده فخر الإسلام بزمن الفترة فقال : إن الناس لن يتركوا =

اللہ رب العزت کے لیے لفظِ ''خدا'' کا استعمال

مسئلہ (۲۱): لفظِ ''خدا'' فارسی زبان کا لفظ ہے، جو کسی حد تک واجب الوجود کا ترجمہ ہے، اللہ رب العزت کے لیے اس کا استعمال اکابرِ امت سے چلا آرہا ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کے لیے اس کا استعمال جائز ہے، لیکن چوں کہ یہ لفظ ''اللہ'' (اسمِ ذات) کا نہ نعم البدل ہے، اور نہ اس کے برابر، اس لیے اللہ کی پاک ذات کے لیے اس کا اسمِ ذات ''اللہ'' کا استعمال سب سے بہتر ہے۔ (۲)

= سدًى في شيء من الأزمان ، وانما هذا بناء على زمن الفترة لاختلاف الشرائع ووقوع التحريفات ، فلم يبق الاعتقاد والوثوق على شيء من الشرائع ، فظهرت الإباحة بمعنى عدم العقاب بما لم يوجد له محرم ولا مبيح . انتهى . ودليل هذا القول قوله تعالى: ﴿خلق لكم ما في الأرض جميعًا﴾ أخبر بأنه خلقه لنا على وجه المنة علينا، وأبلغ وجوه المنة وإطلاق الانتفاع ، فتثبت الإباحة . (۱/۲۲۳ ، ۲۲۴)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " روح المعاني " : أسماء الله تعالى توقيفية يراعى فيها الكتاب والسنة والإجماع ، فكل إسم ورد في هذه الأصول جاز إطلاقه عليه جلّ شانه ، وما لم يرد فيها لا يجوز إطلاقه وإن صحّ معناه . اهـ . (٦/١٧٧ ، تحت آية الأعراف : ١٨٠ ، تفسير المظهري : ۳/۴٦٦ ، مكتبه زكريا بكڈپو ديوبند) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۱۶۲۹)

’’جلَّ تو جلال تو، آئی بَلا کو ٹال تو‘‘ کا وظیفہ

مسئلہ (۲۲): بعض لوگ مصیبت یا پریشانی کے وقت ایک مہمل وظیفہ ’’جلَّ تو جلال تو، آئی بَلا کو ٹال تو، قدرت ہے کمال تو، نبی جی کی جھولی بھرے، بیچ میں ہے قرآن تو‘‘ پڑھتے ہیں، شرعاً اِس کی کوئی اصل نہیں ہے، اس کی بجائے اندیشہ کے موقع پر ﴿اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ واُحَاذِرُ﴾ ’’میں اللہ کی ذات اور قدرت سے اُس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، جس کو میں پاتا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں‘‘- پڑھنا چاہیے۔(۱)

خطبۃ الوداع کی شرعی حیثیت

مسئلہ (۲۳): منجملہ رسوماتِ غیر شرعیہ ایک رسم یہ بھی ہے کہ رمضان کے آخری جمعہ میں ’’ الوداع الوداع یا شہر رمضان‘‘ اور’’ الوداع الوداع یا سنۃ التراویح‘‘ وغیرہ الفاظ پر مشتمل خطبہ جسے عوام الناس ’’خطبۃ الوداع‘‘ سے جانتے ہیں

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ’’ حاشية ابن ماجة ‘‘ : ’’ من شر ما أجد وأحاذر ‘‘ تعوّذ من وجع ومكروه هو فيه ومما يتوقع حصوله في المستقبل من الحزن والخوف ، فإن الحذر والاحتراز عن خوف . (ص/ ۲۵۱ ، أبواب الطب ، باب ما عوذ النبي ﷺ وما عُوّذ به ، صحيح مسلم : ۲/ ۲۲۴ ، كتاب السلام ، باب استحباب وضع يده على موضع ألم مع الدعاء ، رقم الحديث : ۲۲۰۲، شرح صحيح مسلم اردو : ۶/ ۵۷۹ ، رقم الحديث : ۵۶۳۲ ، سنن الكبرى للنسائي : ۶/ ۲۴۹ ، رقم الحديث : ۱۰۸۳۹)

(فتاویٰ عثمانی:۱/۲۶۲)

اوراسے پڑھنا سنت بلکہ قریب بواجب سمجھتے ہیں، حالانکہ اس طرح کا خطبہ قرونِ مشہود لہا بالخیر میں منقول نہیں ہے، اسے سنت یا قریبِ واجب سمجھ کر پڑھنا تعدیٔ حدود اللہ اور بدعتِ ضالہ ہوگا، کیوں کہ حضراتِ فقہاء کرام کسی امرِ مستحب کے مؤکد جاننے کو بھی تعدیٔ حدود اللہ اور بدعتِ ضالہ قرار دیتے ہیں، تو اس طرح کا خطبہ جو امرِ مُحدَث ہے، بدرجۂ اولیٰ تعدیٔ حدود اللہ اور بدعتِ ضالہ ہوگا، اس لیے اس کا ترک واجب ہے۔ (١)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضى الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (١/٣٧١ ، كتاب الصلح ، رقم الحديث : ٢٦٩٧ ، الصحيح لمسلم : ٢/٧٧ ،كتاب الأقضية ، السنن لأبي داود :ص/٦٣٥ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم الحديث : ۴٦٢٢ ، السنن لإبن ماجة : ص/١٣ ، مشكوة المصابيح :ص/٢٧ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .
(١٣/٣٣ ، رقم الحديث : ۴٦٢٢)

ما في " مشكوة المصابيح " : قوله عليه السلام : " كل بدعة ضلالة " .
(ص/٣٠ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثاني ، شرح الطيبي : ١/٢٢٣)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال في الأزهار : " كل بدعة سيئة ضلالة " . (١/٣٣٧)

وما في " مرقاة المفاتيح " : وقال النووي : " البدعة كل شيء عمل على غير سابق ؛ وفي الشرع : إحداث ما لم يكن في عهد رسول الله ﷺ "، والمراد بالبدعة : ما أحدث في الدين ما لا أصل له في الشريعة يدل عليه ، وأما ما كا ن له أصل من الشرع يدل عليه فليس ببدعة شرعاً ، وإن كان بدعة لغة ، وأما ما وقع في كلام السلف من استحسان بعض البدع فإنما ذلك في البدع اللغوية لا الشريعة ، فالبدعة الشرعية كلها مذمومة لأنها موجبة للضلال والغواية " . (١/٢٦۴)=

بیوہ عورت کی چوڑیاں توڑنا

مسئلہ (۲۴): بعض علاقوں میں یہ رسم ہے کہ جب کسی عورت کے شوہر کا انتقال ہوجاتا ہے، تو عورتیں اُس کے ہاتھوں کی چوڑیاں توڑ دیتی ہیں، اگر یہ چوڑیوں کا توڑنا کسی غلط عقیدے کی بنیاد پر ہے، تو یہ ممنوع ہے۔ (۱)

= ما في " رد المحتار " : ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله ﷺ في علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .
(۲/ ۲۵۶ ، مطلب البدعة على خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون، ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الملا علي القاري رحمه الله : قال الطيبي : وفيه أن من أصر على أمر مندوب وجعله عزما ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطٰن من الإضلال . (۳/ ۲۶ ، كتاب الصلاة ، باب الدعاء في التشهد ، السعاية : ۲/ ۲۶۳ - ۲۶۵ ، باب صفة الصلاة ، قبيل فصل في القراءة ، شرح الطيبي : ۲/ ۴۴۶)

(فتاویٰ رشیدیہ: ص/ ۱۴۸، ۱۴۹، احسن الفتاویٰ: ۱/ ۳۷۱، باب ردّ البدعات)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنا إلا ما كتب الله لنا هو مولٰينا وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خط الله لأجلنا في اللوح . فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۶/ ۱۱۶)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن وردًا لقول الله عزّ وجلّ : ﴿وما تشآءون إلآ أن يشآء الله﴾ . (ص/ ۱۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جليًا . (۸/ ۳۹۸ ، تحت رقم الحديث : ۴۵۸۷)=

البتہ عدتِ وفات میں عورت کے لیے زینت وزیبائش، بناؤ سنگھار کرنا منع ہے (۲)، اس لیے بناؤ سنگھار سے اپنے آپ کو بچانے کے لیے اگر چوڑیاں نکال دی جائیں، تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن چوڑیوں کے توڑنے اور تُڑوانے کا جو رواج ہے، وہ ایک رسم ہے، اس سے اجتناب کرنا چاہیے، نیز بیوہ عورت عدتِ وفات ختم ہونے کے بعد چوڑی اور زیور وغیرہ پہن سکتی ہے، بشرطیکہ اس میں کفار وفساق کی مشابہت نہ ہو۔ (۳)

=(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : إذا كانت معتدة بيت أو موت وإن أمرها المطلق أو الميت بتركه لأنه حق الشرع ، إظهاراً للتأسف على ما فوات النكاح بترك الزينة بحلي أو حرير . " الدر المختار" . قال الشامي تحت قوله : (بحلي) أي بجميع أنواعه من فضة وذهب وجواهر ، قال القهستاني : والزينة ما تتزين به المرأة من حلي أو كحلي كما في الكشاف . (۵/۲۱۷ ، كتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل في الحداد)

ما في " البحر الرائق " : وجب في الموت إظهارًا للتأسف على فوات نعمة النكاح فوجب على المبتوتة إلحاقاً لها بالمتوفى عنها زوجها بالأولى ، لأن الموت أقطع من الإبانة .... دخل في ترك الزينة الامتشاط بمشط أسنانه ضيقة لا الواسعة كما في المبسوط ، وشمل لبس الحرير بجميع أنواعه وألوانه ولو أسود ، وجميع أنواع الحلي من ذهب وفضة وجواهر ، زاد في التاتارخانية القصب .
(۲۵۳/۴ ، كتاب الطلاق ، فصل في الإحداد)

ما في " تعليق بدائع الصنائع " : الإحداد في الشرع ترك الزينة ونحوها لمعتدة موت أو طلاق بائن ...... وذلك تجتنب المعتدة كل ما يحصل به الزينة فلا تلبس الحلي بأنواعه من ذهب وفضة وجواهر وقصب وزمرد وياقوت ومرجان .
(۴/۴۵۷ ، كتاب الطلاق ، فصل في أحكام العدة ، فتاوى حقانيه : ۴/۵۵۰)

(۳) ما في " تفسير ابن كثير " : إذا طلقت المرأة أو ماتت عنها زوجها فإذا انقضت فلا جناح عليها أن تتزين وتتصنع وتتعرض للتزويج .
(۱/۴۲۸ ، سورة البقرة : ۲۳۴ ، تفسير المظهري : ۱/۳۳۰)=

کتاب الطھارۃ

(پاکی کے مسائل)

ٹشو پیپر (Tessu Paper) سے استنجاء

مسئلہ (۲۵): استنجاء میں ڈھیلوں کے ساتھ پانی کا استعمال افضل ہے، لیکن دورِ حاضر میں ڈھیلوں کا استعمال بہت کم ہوا ہے، اس کی جگہ ٹشو پیپر (Tessu Paper) نے لے لی ہے، نیز ٹشو پیپر کے استعمال سے وہ مقصد حاصل ہوجاتا ہے، جو ڈھیلوں کے استعمال میں ہے، یعنی عینِ ناپاکی کو ختم کرنا(۱)، اور چوں کہ ٹشو پیپر اسی مقصد سے بنایا بھی جاتا ہے، اس لیے استنجاء میں ٹشو پیپر اور پانی دونوں کا جمع کرنا بھی افضل ہے۔(۲)

= ما في " اعلاء السنن " : يباح للنساء من حلي الذهب والفضة والجواهر كل ما جرت عادتهنّ بلبسه كالسوار والخلخال والقراط والخاتم وما يلبسه على وجوههنّ وفي أعناقهنّ وأيديهنّ وأرجلهنّ وآذانهنّ . اهـ . (۱۷/ ۲۹۴، كتاب الحظر والإباحة، اعتبار عادة أهل النواحي في باب التشبه) (فتاویٰ محمودیہ: ۲۸/ ۲۷، میرٹھ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ومفاده الحرمة بالمكتوب مطلقاً ، وإذا كانت العلة في الأبيض كونه آلة الكتابة كما ذكرناه يؤخذ منها عدم الكراهة فيما لا يصلح لها إذا كان قالعاً للنجاسة غير متقوّم . (۱/ ۵۵۲ ، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، البحر الرائق : ۱/ ۴۸۰) (فتاویٰ رحیمیہ: ۴/ ۵۴، کتاب الطہارات، دار الاشاعت کراچی، احسن الفتاویٰ: ۲/ ۱۰۸، فصل فی الاستنجاء، دار الاشاعت دیوبند، فتاویٰ حقانیہ: ۲/ ۵۹۰، باب الأنجاس، دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ پاکستان)

(۲) ما في " مراقي الفلاح " : (والأفضل في كل زمان (الجمع بين) استعمال (الماء والحجر) مرتباً (فيمسح) الخارج ثم يغسل المخرج اهـ .

(ص/ ۴۵ ، كتاب الطهارة ، فصل في الاستنجاء ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)=

مدارس ومکاتب کے چھوٹے بچوں کو وضو کا مکلّف بنانا

مسئلہ (۲۶): مدارس اور مکاتب میں بہت سے چھوٹے اور نابالغ بچے ناظرہ قرآن کریم اور حفظِ کلام پاک کے درجات میں داخل ہوتے ہیں، ابھی وہ شریعت کے مکلّف نہیں ہیں، نیز انہیں قرآن کریم باوضو چھونے کا مکلّف وپابند بنانے میں ان کے لیے بڑا حرج ہے، اور بلوغت تک تاخیر میں تقلیلِ حفظ بھی لازم آتا ہے، اس لیے ان کے لیے بلا وضو قرآن کریم چھونے کی گنجائش ہے، مگر ان کو طہارت کی ہدایت کی جائے اور اس کا عادی بنایا جائے۔ (۱)

= ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : والأفضل الجمع بين الجامد والماء ، فيقدم الورق ونحوه ، ثم يتبعه بالماء ، لأن عين النجاسة تزول بالورق أو الحجر ، والأثر يزول بالماء . (۱/۳۴۸ ، الفصل الثالث الاستنجاء ، ثالثاً : وسائل الاستنجاء وصفاته أو كيفيته ، مكتبه رشيديه كوئٹه) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۱۴۳۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ولا يكره مس صبي لمصحف ولوح) . الدر المختار. قال الشامي تحت قوله : (ولا يكره مس صبي) فيه أن الصبي غير مكلف ، والظاهر أن المراد لا يكره لوليه أن يتركه يمس . (للضرورة) لأن في تكليف الصبيان وأمرهم بالوضوء حرجاً بهم ، وفي تاخيره إلى البلوغ تقليل حفظ القرآن . (۱/۳۱۶ ، ۳۱۷ ، كتاب الطهارة ، مطلب يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء)

ما في " مراقي الفلاح " : ويحرم مسّها أي الآية لقوله تعالى : ﴿لا يمسّه إلا المطهّرون﴾ ..... وأمر الصبي بحمله ورفعه له لضرورة التعليم .

(ص/۵۸ ، كتاب الطهارة ، باب الحيض والنفاس)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بدفع المصحف إلى الصبيان وإن كانوا محدثين ، وهو الصحيح ، هكذا في السراج الوهاج .

(۱/۳۹ ، كتاب الطهارة ، الفصل الرابع في أحكام الحيض والنفاس)=

غیر مسلم کو قرآن پاک کا نسخہ دینا

مسئلہ (۲۷): غیر مسلم کی طرف سے بے ادبی کا اندیشہ نہ ہو، ہدایت کی توقع ہو اور وہ غسل کر کے قرآن پاک کو چھوئے، تو غیر مسلم کو مطالعہ کے لیے قرآن پاک کا نسخہ دینا، یا اسے سکھانا جائز ہے، ممکن ہے وہ ہدایت پالے۔(۱)

= ما في " حلبي كبير " : وذكر في الجامع الصغير : لا بأس بدفع المصحف واللوح إلى الصبيان ، لأنهم لا يخاطبون بالطهارة وإن أمروا بها تخلقا واعتياداً . قال في الهداية : لأن في المنع تضييع حفظ القرآن ، وفي الأمر بالتطهير حرج بهم ، هذا هو الصحيح . (ص/ ٥٩ ، مطلب في أصح القولين) (فتاویٰ محمودیہ:۳/۵۲۲)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لا يمسّه إلا المطهّرون﴾ . (سورة الواقعة : ٧٩)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبوبكر : .... وإن حمل على النهي وإن كان في صورة الخبر كان عموماً فينا . وهذا أولى لما روي عن النبي ﷺ في أخبار متظاهرة أنه كتب في كتابه لعمرو بن حزم : " ولا يمسّ القرآن إلا طاهر " . فوجب أن يكون نهيه ذلك بالآية . (٣/٥٥٥ ، سورة الواقعة ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)

ما في " تفسير المظهري " : فالقول الصحيح أن الضمير راجع إلى القرآن فالمعنى لا يمسّ القرآن إلا المطهرون من الأحداث ، فيكون بمعنى النهي .... ولنا حديث عمرو بن حزم أن رسول الله ﷺ كتب إلى أهل اليمن كتاباً وكان فيه : " لا يمسّ القرآن إلا طاهر " . رواه الدار قطني والحاكم في المعرفة والبيهقي في الخلافيات . وروى الطبراني من حديث حكيم بن حزام قال : لما بعثني رسول الله ﷺ إلى اليمن قال : " لا يمسّ القرآن إلا وأنت طاهر " .

(٩/١٦٢ ، سورة الواقعة ، مكتبه زكريا بكڈپو ديوبند)=

جراثیم کش پاؤڈر ڈالے ہوئے پانی سے وضو

مسئلہ (۲۸): بسا اوقات پانی کے جراثیم مارنے کے لیے، پانی میں جراثیم کش پاؤڈر ڈالا جاتا ہے، جس کی وجہ سے پانی میں رِقّت اور سیلان تو باقی رہتا ہے، لیکن اس کا رنگ، بو اور مزہ میں فرق آجاتا ہے، اس طرح کے پانی سے وضو کرنا جائز ہے، کیوں کہ جب پانی میں کوئی جامد چیز مل جائے اور اسے پکائے بغیر اس کے اوصاف بدل جائیں، تو جب تک اس میں رِقّت اور سیلان باقی رہے، اس سے وضو کرنا جائز ہوتا ہے۔ (۱)

= ما في " الفتاوى الهندية " : قال أبو حنيفة : أعلّم النصراني الفقه والقرآن لعله يهتدي ولا يمس المصحف ، وإن اغتسل ثم مس لا بأس ، كذا في الملتقط .

(٥/٣٢٣ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة الخ)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويمنع النصراني من مسّه ، وجوّزه محمد إذا اغتسل ، ولا بأس بتعليمه القرآن والفقه عسى يهتدي . (١/٣٢١ ، كتاب الطهارة ، مطلب يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء ، بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۳۴۴۲۴)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " مراقي الفلاح " : والغلبة تحصل في مخالطة الماء لشيء من الجامدات الطاهرات بإخراج الماء عن رقته ، فلا ينعصر عن الثوب وإخراجه عن سيلانه فلا يسيل على الأعضاء سيلان الماء ، وأما إذا بقي على رقته وسيلانه فإنه لا يضر أي لا يمنع جواز الوضوء به تغير أوصافه كلها بجامد خالطه بدون طبخ كزعفران وفاكهة وورق شجر . (ص/٩ ، كتاب الطهارة)

ما في " حلبي كبير " : الضابط عن مخالطة الأشياء الجامدة للماء من غير طبخ فإنه ما دام رقيقاً يسيل سريعاً كسيلانه عند عدم المخالطة فحكمه حكم الماء المطلق يجوز الوضوء به وإلا فلا ، ولا عبرة بزوال اللون ولا الطعم ولا الريح .

(ص/٩٠ ، باب المياه) (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۱۲۹)

کنٹیکٹ لینسیز لگا کر وضو اور غسل

مسئلہ (۲۹): آج کل چشمہ کی بجائے کنٹیکٹ لینسیز کا استعمال بہت عام ہو چکا ہے، یہ پلاسٹک کی گول شکل میں ہوتا ہے، جو آنکھ کے گول کالے حصے کو ڈھانپ لیتا ہے، بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ آنکھ میں لینسیز کے موجودگی کے دوران اگر وضو یا غسل کیا جائے، تو وضو اور غسل درست نہیں ہوتا، جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ لینسیز کے آنکھ میں موجود ہونے سے وضو اور غسل پر کوئی فرق نہیں پڑتا، اور وضو اور غسل درست ہو جاتا ہے، کیوں کہ وضو اور غسل میں آنکھ کے اندرونی حصے کا دھونا، نہ فرض ہے، نہ سنت۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مراقي الفلاح " : ولا يجب إيصال الماء إلى ما انكتم من الشفتين عند الإنضمام ...... ولا باطن العينين ولو في الغسل للضرر .

(ص/۲۶ ، كتاب الطهارة ، فصل في تمام أحكام الوضوء)

ما في " البحر الرائق " : وصرّح الولوالجي في باب الكراهية على أن المفتى به أنه لا يجب إيصال الماء إلى ما تحته كالحاجبين، وذكر في المجتبى: لا تغسل العين بالماء.

(۱/۲۷ ، كتاب الطهارة)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإيصال الماء إلى داخل العينين ليس بواجب ولا سنة .

(۱/۴ ، كتاب الطهارة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا غسل باطن العينين . الدر المختار . قال الشامي : لأنه شحم يضره الماء الحارّ والبارد . (۱/۲۱۱ ، كتاب الطهارة)

ما في " بدائع الصنائع " : وإدخال الماء في داخل العينين ليس بواجب ، لأن داخل العينين ليس بوجه ، لأنه لا يواجه إليه ، ولأن فيه حرجاً . (۱/۶۷)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۲۴۳/۹)

وضو کرنے والے کو سلام کرنا

مسئلہ (۳۰): اگر کوئی شخص وضو کرتے وقت وضو کی دعائیں بھی پڑھ رہا ہو، تو بہتر یہ ہے کہ نہ اسے سلام کیا جائے اور نہ وہ سلام کا جواب دے، اور نہ ہی دنیوی باتیں کریں، بلکہ وضو کی دعائیں پڑھیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : ويكره للمتوضي .... التكلم بكلام الناس ، والكراهة تنزيهية ، لأنه يشغله عن الأدعية .

(۱/۴۱۵ ، المطلب السادس ، مكروهات الوضوء ، مكتبه رشيديه كوئٹه ، مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي : ص/۸۱ ، كتاب الطهارة ، فصل في المكروهات ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ومن آدابه) .... (و) عدم (التكلم بكلام الناس) إلا لحاجة تفوته . التنوير مع الدر .

(رد المحتار : ۱/۲۵۰ ، كتاب الطهارة ، بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأن يقول عند غسل كل عضو : " أشهد أن لا إله إلا الله وحدهٗ لا شريک له، وأشهد أن محمدا عبده ورسوله " . وأن لا يتكلم فيه بكلام الناس . كذا في المحيط .

(۱/۸ ، كتاب الطهارة ، الباب الأول في الوضوء ، الفصل الثالث في المستحبات)

ما في " المحيط البرهاني " : ومن الأدب أن يقول عند غسل كل عضو : " أشهد أن لا إله إلا الله وحدهٗ لا شريک له ، وأن محمدا عبده ورسوله " .... ومن الأدب أن لا يتكلم فيه بكلام الناس . (۱/۴۵ ، كتاب الطهارات ، الفصل الأول في الوضوء ، آداب الوضوء ، دار احياء التراث العربي) (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۵۹، باب الوضوء، طبع کراچی)

بچوں کا رخ یا پشت قبلہ کی جانب کرا کے پیشاب پاخانہ کروانا

مسئلہ (۳۱): بعض عورتیں اپنے بچوں کا رُخ یا پشت قبلہ کی جانب کرا کے پیشاب پاخانہ کرواتی ہیں، اور کہتی ہیں کہ یہ تو ابھی بچہ ہے، ان کا یہ عمل صحیح نہیں ہے، کیوں کہ خانۂ کعبہ مسلمانوں کا قبلہ اور تجلّیاتِ خداوندی کا مرکز ہے، یہی وجہ ہے کہ اس کی طرف پاؤں پھیلانے اور تھوکنے (۱)، نیز اس کی طرف رُخ یا پشت کر کے قضاءِ حاجت سے روکا گیا ہے (۲)، اسی لیے حضراتِ فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ عورتوں کے لیے بچوں کو پیشاب پاخانہ کراتے وقت اس کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ بچوں کا رُخ یا پشت قبلہ کی جانب نہ ہو۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن لأبي داود " : عن حذيفة أظنّه عن رسول الله ﷺ قال : " مَن تَفِلَ تِجاهَ القبلة جاء يوم القيامة تفله بين عينيه " .

(ص/۵۳۵ ، كتاب الأطعمة ، رقم الحديث : ۳۸۲۴)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي أيوب الأنصاري قال : قال رسول الله ﷺ : إذا أتى أحدكم الغائط فلا يستقبل القبلة ولا يولّها ، شرّقوا أو غرّبوا " .

(۱/۲٦ ، كتاب الوضوء ، باب لا تستقبل القبلة بغائط أو بول)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكذا يكره للمرأة إمساك صغير لبول أو غائط نحو القبلة ، وكذا مدّ رجله إليها . الدر المختار . قال الشامي : قوله : (إمساك صغير) هذه الكراهة تحريمية ، لأنه قد وجد الفعل من المرأة .

(۱/۵۵۵ ، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، مطلب القول مرجّح على الفعل)

بے شعور بچہ اگر پانی کے برتن میں ہاتھ ڈال دے

مسئلہ (۳۲): بچہ کے اندر بے شعوری ہوتی ہے، اس کے ہاتھوں میں لگی نجاست کا احساس اُسے بھی نہیں ہوتا، لہٰذا اگر کسی بچہ نے اپنا ہاتھ پانی کے برتن میں ڈال دیا، تو حضراتِ فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ اگر بچہ کے ہاتھ میں نجاست کا لگا ہونا یقینی ہو، تو پانی ناپاک ہوجائے گا، اور اگر ہاتھ کے پاک ہونے کا یقین ہو، تو پھر اس پانی سے پاکی حاصل کرنا جائز ہوگا، اور اگر معاملہ درمیان کا ہو، یعنی نہ ہی ہاتھ کے پاک ہونے کا علم ہو اور نہ ہی ناپاک ہونے کا یقین، تو ایسی صورت میں مناسب ہے کہ اس پانی سے پاکی حاصل نہ کرے، کیوں کہ بچے عادۃً نجاستوں سے بچتے نہیں ہیں، لیکن اگر کسی نے اُسی مشکوک پانی سے وضو یا غسل کرلیا، تو پاکی حاصل ہوجائے گی۔ (١)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا أدخل الصبي يده في كوز ماء أو رجله ، فإن علم أن يده طاهرة بيقين يجوز التوضؤ به ، وإن كان لا يعلم أنها طاهرة أو نجسة فالمستحب أن يتوضأ بغيره ، ومع هذا لو توضأ أجزاه . كذا في المحيط . (١/٢٥ ، كتاب الطهارة ، الفتاوى التاتارخانية : ١/١١٦ ، ١١٧ ، كتاب الطهارة ، نوع آخر في الحباب والأواني ، المحيط البرهاني : ١/١٢١ ، كتاب الطهارة ، نوع آخر في الحباب والأواني)

کھڑے ہوکر وضو کرنا

مسئلہ (۳۳): بعض لوگ کھڑے ہوکر وضو کرنے کو مکروہ سمجھتے ہیں، جب کہ صحیح بات یہ ہے کہ کھڑے ہوکر وضو کرنا مکروہ نہیں، بلکہ خلافِ ادب ہے، کیوں کہ فقہاء کرام نے بلند جگہ پر بیٹھ کر وضو کرنے کو آدابِ وضو میں شمار کیا ہے (۱)، اور ادب کی مخالفت سے کراہت لازم نہیں آتی۔ (۲)

بچہ کی دودھ کی قے

مسئلہ (۳۴): بعض اوقات بچہ دودھ پینے کے بعد فوراً دودھ کی قے کردیتا ہے، یہ قے کبھی دودھ کے حلق سے نیچے اتر جانے کے بعد ہوتی ہے، اور کبھی حلق سے نیچے اترنے سے پہلے، اگر دودھ حلق سے نیچے اتر جائے، پھر قے ہوتو یہ قے ناپاک ہوگی، کیوں کہ پیٹ کی نجاستیں اس سے مل گئی ہیں، اور اگر دودھ حلق کے نیچے نہیں گیا، بلکہ منہ میں ہی تھا، اور بچہ نے اس کی قے کردیا، تو

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : آداب الوضوء : الجلوس في مكان مرتفع تحرزًا عن الغسالة . (ص/ ۳۱ ، كتاب الطهارة ، فصل من آداب الوضوء، حلبي كبير : ص/ ۳۱ ، كتاب الطهارة ، مطلب في آداب الوضوء)

(۲) ما في " رد المحتار " : قال الشامي : لا يلزم من ترك المستحب ثبوت الكراهة، إذ لا بدّ لها من دليل خاص .

(۱/ ۲۴۷، كتاب الطهارة، مطلب ترك المندوب هل يكره تنزيهًا) (فتاوی محمودیہ: ۳۰/ ۴۱۵)

اس قے کو ناپاک نہیں سمجھا جائے گا، اگر کپڑے پر لگ جائے تو دھونا بھی ضروری نہیں، ہاں! اگر بطورِ نظافت دھو لے تو بہتر ہے۔ (١)

نومولود بچے کا لعاب (رال)

مسئلہ (٣٥): نومولود بچوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنی انگلیوں کو منہ میں رکھ کر چوستے ہیں، جس کے سبب ان کے منہ سے لعاب گرتا رہتا ہے، یہ لعاب اس قدر تسلسل سے گرتا ہے کہ اس سے بچا نہیں جا سکتا، لہٰذا اگر یہ لعاب

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " حلبي كبير" : وكذا الصبي إذا ارتضع وقاء من ساعته قيل وهو المختار والصحيح ظاهر الرواية أنه نجس لمخالطة النجاسة وتداخلها فيه بخلاف البلغم وبخلاف ما ذكر في القنية أنه لو قاء دودًا كثيرًا أو حية ملأت فاه لا ينقض ، وذلك لأنه ظاهر في نفسه ولم تتداخله النجاسة وما يستتبعه قليل لا يبلغ ملأ الفم .

(ص/١٢٩ ، كتاب الطهارة ، فصل في نواقض الوضوء ، الدر المختار مع الشامية : ١/٢٦٦ ، كتاب الطهارة ، مطلب نواقض الوضوء)

ما في " البحر الرائق " : قال الحسن : إذا تناول طعاماً أو ماء ثم قاء من ساعته لا ينقض لأنه طاهر حيث لم يستحل وإنما اتصل به قليل القيء فلا يكون حدثاً فلا يكون نجساً ، وكذا الصبي إذا ارتضع وقاء من ساعته وصحيحه في المعراج وغيره ، ومحل الاختلاف ما إذا وصل إلى معدته ولم يستقر ، أما لو قاء قبل الوصول إليها وهو في المرئى فإنه لا ينقض اتفاقاً كما ذكره الزاهدي ، وفي فتح القدير : لو قاء دودًا كثيرًا أو حية ملأت فاه لا ينقض لأن ما يتصل به قليل وهو غير ناقض .

(١/٦٧ ، كتاب الطهارة) (بچے حقوق واحکام: ص/١٠١، ١٠٢)

بدن یا کپڑے پر لگ جائے، تو اس کو دھونا ضروری نہیں ہے، کیوں کہ لعاب پاک ہے، ہاں! اگر کوئی بطورِ نظافت دھولے تو بہتر ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” اتحاف أولى الألباب بحقوق الطفل وأحكامه “ : إن ريق الطفل ولعابه طاهران لما ثبت عن أبي هريرة قال : رأيتُ النبي ﷺ حامل الحسن بن علي على عاتقه ولعابه يسيل عليه . والأصل الطهارة ما لم ينقل عنها ناقل صحيح لا يعارضه ما يساويه أو يقدم عليه .

قال ابن القيم : هذه المسئلة مما تعم به البلوى ، وقد علم الشارع أن الطفل يقيء كثيرًا ولا يمكن غسل فمه ولا يزال ريقه ولعابه يسيل على من يربيه ولم يأمر الشارع بغسل الثياب من ذلک ولا منع من الصلاة فيها ولا أمر بالتحرز من ريق الطفل .

(ص/۴۴۷ ، مسائل متنوعة)

ما في ” مصنف عبد الرزاق “ : عن أبي هريرة يقول : ” كنا عند رسول الله ﷺ وهو يقسم تمرًا من الصدقة ، والحسن بن علي في حِجره ، فلما فرغ حمله النبي ﷺ على عاتقه ، فسال لعابه على خدّ النبي ﷺ ، فرفع إليه النبي ﷺ رأسه فإذا تمرة في فيه ، فأدخل النبي ﷺ يده فانتزعها منه“. (۴/ ۵۱ ، رقم الحديث : ۶۹۴۰)

كتاب الأذان

(اذان کے مسائل)

وقت سے پہلے اذان

مسئله (۳۶): وقت سے پہلے اذان دینا جائز نہیں ہے، اگر کسی نے غلطی سے وقت سے پہلے اذان دیدی، تو پہلے غلطی کا اعلان کردے، تاکہ لوگوں کو معلوم ہوجائے، اور وہ دھوکہ میں نہ پڑیں، پھر وقت ہونے پر دوبارہ اذان دے، اور یہی حکم اقامت کا بھی ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : قال : (وإن أذن قبل الوقت لم يجزه ويعيده في الوقت) لأن المقصود من الأذان إعلام الناس بدخول الوقت فقبل الوقت يكون تجهيلا لا إعلامًا . (۱/۲۷۸ ، باب الأذان)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : فيعاد أذان وقع بعضه قبله كالإقامة . تنوير مع الدر .
قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وقع بعضه) وكذا كله بالأولى .
(۲/۵۰ ، باب الأذان ، مطلب في المواضع التي يندب لها الأذان في غير الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (ولا يؤذن قبل وقت ويعاد فيه) أي في الوقت إذا أذن قبله ، لأن يراد للإعلام بالوقت فلا يجوز قبله بلا خلاف في غير الفجر .... وفهم من كلامه أن الإقامة قبل الوقت لا تصح بالأولى كما صرح به ابن الملك في شرح المجمع . (۱/۴۵۶ ، ۴۵۷ ، باب الأذان)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي " الخانية " : إذا أذن قبل الوقت يكره الأذان والإقامة ولا يؤذن لصلاة قبل الوقت .... وأجمعوا أن الإقامة قبل الوقت لا يجوز .
(۱/۳۲۵ ، الأذان ، نوع آخر في بيان الصلوات التي لها أذان والتي لا أذان لها ، وفي بيان في أي حال يوتى بها)=

اذان واقامت کے کلمات ترتیب وار کہنا

مسئلہ (۳۷): اذان واقامت کے کلمات ترتیب وار کہنے چاہییے، اگر کسی نے اذان واقامت کے کلمات آگے پیچھے کردیا، مثلاً ''أشھد أن محمدا رسول اللّٰہ'' کو پہلے کہا اور ''اشھد أن لا إلہ إلا اللّٰہ'' کو بعد میں کہا، تو ازسرنو اذان کا لوٹانا ضروری نہیں ہے، صرف اس کلمہ کو اس کی جگہ پر دوبارہ کہنا کافی ہے، جس کو پہلے کہا ہے، مثلاً ''حی علی الصلوۃ'' سے پہلے ''حی علی الفلاح'' کہہ دیا، تو ''حی علی الصلوۃ'' کہنے کے بعد دوبارہ ''حی علی الفلاح'' بھی کہہ دے، اور اگر اس کلمہ کو نہیں دہرایا جس کو پہلے کہا تھا تب بھی کوئی حرج نہیں، کیوں کہ اذان واقامت کا مقصد پورا ہوگیا، البتہ بہتر یہی ہے کہ اس کلمہ کا اعادہ کرلے۔(۱)

= ما في '' بدائع الصنائع '' : حتی لو أذن قبل دخول الوقت لا یجزئه ویعیده إذا دخل الوقت في الصلاة کلها في قول أبي حنیفة ومحمد .

(۱/۳۸ ، فصل في بیان وقت الأذان ، فتاوی قاضي خان : ۱/۳۸ ، باب الأذان ، مسائل الأذان) (خیر الفتاوی:۲/۲۱۰، احسن الفتاوی:۲/۲۹۰، کتاب الفتاوی:۲/۱۲۹، فتاوی محمودیہ:۹/۱۴۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' الدر المختار مع الشامیة '' : ولو قدم فیهما مؤخرًا أعاد ما قدم فقط . الدر المختار . قال الشامي رحمه الله تعالی : قوله : (أعاد ما قدم فقط) کما لو قدم الفلاح علی الصلاة یعیده فقط : أي ولا یستأنف الأذان من أوله . (۲/۵۶ ، باب الأذان ، مطلب في أول من بنی المنائر للأذان)

ما في '' المبسوط '' : وإذا قدم المؤذن في أذانه أو إقامته بعض الکلمات علی بعض فالأصل فیه ان ما سبق أداؤه یعتد به حتی لا یعیده في أذانه . (۱/۲۸۵ ، باب الأذان)=

مؤذن کا دوران اذان واقامت بات چیت کرنا

مسئلہ (۳۸): مؤذن کے لیے اذان واقامت کے دوران بات چیت کرنا مکروہ ہے، اگر ایک دو بات کرلی، تو اذان واقامت درست ہے، لوٹانے کی ضرورت نہیں، لیکن اگر زیادہ بات چیت کی تو اذان کا لوٹانا مستحب ہے، البتہ اقامت کو نہیں لوٹایا جائے گا، کیوں کہ اقامت دوبارہ کہنا ثابت نہیں ہے۔ (۱)

= ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : ويرتب بين كلمات الأذان والإقامة كما شرع ، فإن قدم بعضًا وأخّر بعضًا فالأفضل الإعادة مراعاة للترتيب ،وأن يوالي بين كلمات الأذان والإقامة حتى لو ترك الموالاة فالسنة أن يعيد الأذان .

(۱/۲۴۸ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

ما في " المحيط البرهاني " : وإذا قدم المؤذن في أذانه وإقامته بعض الكلمات على البعض، نحو أن يقول : " أشهد أن محمدا رسول الله " قبل قوله : " أشهد أن لا إله إلا الله" فالأفضل في هذا أن ما سبق أوانه لا يعتد به حتى يعيده في أوانه وموضعه ، لأن الأذان شرعت متطوعة مرتبة فتؤدى على نظيره وترتيبه إن مضى على ذلك جازت صلاتهم . (۱/۳۹۹ ، كتاب الصلاة ، في الأذان ، نوع آخر في تدارك الحد الواقع فيه ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/۳۲۵ ، الأذان ، نوع آخر في تدارك الخلل الواقع فيه، البحر الرائق : ۱/۴۴۹ ، باب الأذان ، فتاوى قاضيخان : ۱/۳۸ ، مكتبه حقانيه ، الفتاوى الهندية : ۱/۵۶ ، الفصل الثاني في كلمات الأذان والإقامة وكيفيتهما ، خلاصة الفتاوى : ۱/۴۹ ، كتاب الصلاة ، الفصل الأول في الأذان ، في أذان العبد والأعمى والأعرابي) (احسن الفتاویٰ:۲/۲۸۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المبسوط للسرخسي " : قال : (ولا يتكلم المؤذن في أذانه وإقامته) لأنه ذكر معظم كالخطبة فيكره التكلم في خلاله لما فيه من ترك الحرمة.(۱/۲۷۸، باب الأذان)=

اذان واقامت کے کلمات کے آخر کو ساکن کرنا

مسئلہ (۳۹): اذان واقامت کے تمام کلمات کے آخر کو ساکن کرنا مسنون ہے، حرکت دے کر پڑھنا خلافِ سنت ہے، البتہ پہلے ''اللہ اکبر'' کی ''را'' پر زبر لگا کر دوسرے ''اللہ اکبر'' سے ملا کر اس طرح کہے: ''اللہ اکبرَ اللہ اکبر'' -تو یہ صحیح ہے۔ (۱)

= ما في " التنوير مع الدر والرد " : ولا يتكلم فيهما أصلا ولو ردّ السلام ، فإن تكلم استأنفه . التنوير مع الدر . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (استأنفه) إلا إذا كان الكلام يسيرًا . (۲/ ۵۶ ، باب الأذان ، مطلب في أول من بنى المنائر للأذان)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : ويكره الكلام في خلال الأذان ولو بردّ السلام ويكره الكلام في إقامته لتفويت سنة الموالاة ، ويستحب إعادته أي الأذان بالكلام فيه ، لأن تكراره مشروع كما في الجمعة دون الإقامة . قوله : (بالكلام فيه) أي مطلقًا ، وقيل لا يعاد مطلقًا ، ثالثها يعاد بالكلام الكثير دون اليسير . وهو الأشبه كما في البحر عن الخلاصة ، والكلمة والكلمتان يسير كما في القهستاني .
(ص/ ۲۰۰ ، باب الأذان)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا ينبغي للمؤذن أن يتكلم في الأذان أو في الإقامة أو يمشي فإن تكلم بكلام يسير لا يلزمه الاستقبال . (۱/ ۵۵ ، الباب الثاني في الأذان ، قبيل الفصل الثاني في كلمات الأذان والإقامة الخ ، كذا في فتاوى قاضيخان : ۱/ ۳۸ ، مسائل الأذان ، البحر الرائق : ۱/ ۴۴۹ ، باب الأذان ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/ ۳۲۹، الأذان، نوع آخر في المتفرقات من هذا الفصل، خلاصة الفتاوى: ۱/ ۵۰، كتاب الصلاة ، الفصل الأول في الأذان ، قبيل ومن سمع الأذان)

ما في " الهدية العلائية لتلاميذ المكاتب الابتدائية " : ولا يتكلم فيها أصلا ولو ردّ سلام ، ولا يتنحنح إلا لتحسين صوته ، فإن تكلم استأنفه ، إلا إذا كان الكلام يسيرًا .
(ص/ ۷۰ ، باب الأذان ، كيفية الأذان)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ويسكّن كلماتها على الوقف . (۱/ ۵۶، كتاب الصلاة ، الباب الثاني في الأذان ، الفصل الثاني في كلمات الأذان والإقامة)=

’’الصلوۃ خیرٌ من النوم‘‘ بھول گیا

مسئلہ (۴۰): فجر کی اذان میں اگر مؤذن ’’الصلوۃ خیرٌ من النوم‘‘ کہنا بھول گیا، اور اذان کے درمیان یا اذان کے فوراً بعد یاد آئے، تو بہتر یہ ہے کہ ’’الصلوۃ خیرٌ من النوم‘‘ کہنے کے بعد ’’اللہ اکبر، اللہ اکبر- لا إلہ إلا اللہ‘‘ بھی کہہ دے، اور اگر کافی وقت گذرنے کے بعد یاد آئے تو کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔(۱)

= ما في ” رد المحتار “ : وحاصلها أن السنة أن يسكّن الراء من الله أكبر الأول أو يصلها بألله أكبر الثانية ، فإن سكّنها كفى ، وإن وصلها نوى السكون فحرّك الراء بالفتحة ، فإن ضمّها خالف السنة .

(۵۲/۲ ، باب الأذان ، مطلب في الكلام على حديث ” الأذان جزم “ ، بيروت)

ما في ” الطحطاوي “ : ويجزم الراء في التكبير ويسكّن كلمات الأذان والإقامة ، في الأذان حقيقة وينوى الوقف في الإقامة ، لقوله ﷺ : ” الأذان جزمٌ والإقامة جزمٌ “ .

(ص/ ۱۹۵ ، ۱۹۶ ، باب الأذان)

ما في ” السعاية في كشف ما في شرح الوقاية “ : أقول : الحاصل أن ههنا أربعة أقوال: الفتح ، كما هو مختار الدماميني ، وهو مختار صاحب روضة وتبعه الحصكفي .... والحق هو القول الأول ، وقد صنّف الشيخ عبد الغني النابلسي في هذه المسئلة رسالة سمّاها ”تصديق من أخبر بفتح راء الله أكبر “ خلاصة ما ذكره فيها أن السنة أن يسكّن الراء أو يصلها ، فإن سكتها كفى ذلك ، وإن وصلها نوى السكون فحرك الراء بالفتحة . (۱۴/۲ ، ۱۵ ، باب الأذان)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱۲۰/۹، میرٹھ، آپ کے مسائل اوران کا حل: ۲۹۵/۳، نعیمیہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” الفتاوى الهندية “ : ويرتّب بين كلمات الأذان الإقامة كما شرع . كذا في محيط السرخسي . وإذا قدم في أذانه أو في إقامته بعض الكلمات على بعض نحو=

مؤذن کا اقامت کہنا افضل ہے

مسئلہ (۴۱): افضل یہ ہے کہ جو شخص اذان کہے وہی اقامت کہے، کسی اور شخص کے اقامت کہنے پر اگر مؤذن کو ناگواری ہوتی ہو تو دوسرے شخص کا اقامت کہنا مکروہ ہے، کیوں کہ اقامت کہنا مؤذن کا حق ہے، البتہ اگر مؤذن کی غیر موجودگی میں یا اس کی اجازت سے دوسرا شخص اقامت کہے تو بلا کراہت جائز ہے۔ (۱)

= أن يقول : " أشهد أن محمدًا رسول الله " قبل قوله : " أشهد أن لا إله إلا الله " فالأفضل في هذا أن ما سبق على أوانه لا يعتد به حتى يعيده في أوانه وموضعه ، وإن مضى على ذلک جازت صلوته . كذا في المحيط .

(١/٥٦ ، كتاب الصلاة ، الباب الثاني في الأذان)

ما في " بدائع الصنائع " : منها : أن يرتّب بين كلمات الأذان والإقامة حتى لو قدم البعض على البعض ترک المقدم ، ثم يرتّب ويؤلف ، ويعيد المقدم ، لأنه لم يصادف محله فلغا . (١/٣٦٩ ، فصل في بيان سنن الصلاة)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : ومنها أن يرتّب بين كلمات الأذان وأن يوالي بينهما ، حتى لو ترک الموالاة فالسنة أن يعيد . (١/٣١٩ ، ٣٢٠ ، الأذان ، نوع في بيان صفته ، البحر الرائق : ١/۴۴٩ ، باب الأذان) (احسن الفتاویٰ: ۲/۲۸۶، فتاویٰ رحیمیہ: ۴/۱۰۳)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " السنن لأبي داود " : عن زياد بن نعيم الحضرمي أنه سمع زياد بن الحارث الصدائي قال : " لما كان أول أذان الصبح أمرني يعني النبي ﷺ فأذنتُ فجعلتُ أقول اقيم يا رسول الله ! فجعل ينظر إلى ناحية المشرق إلى الفجر فيقول : لا حتى تطلع الفجر نزل فبرز ثم انصرف إليّ ، وقد تلاحق أصحابه يعني فتوضأ فأراد بلال أن يقيم=

....

....

....

= فقال له نبي الله ﷺ : ” إن أخا صداءٍ هو أذّن ، ومن أذّن فهو يقيم “ .

(ص/٧٦ ، كتاب الصلاة ، باب من أذّن فهو يقيم ، جامع الترمذي : ١/٥٠ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء أن من أذّن فهو يقيم ، السنن لإبن ماجة :ص/٥٢ ، أبواب الأذان والسنة فيها، السنة في الأذان ، شرح معاني الآثار : ١/١٠٧ ، باب الرجلين يؤذن أحدهما ويقيم الآخر)

ما في ” شرح معاني الآثار “ : عن عبد الله بن محمد بن عبد الله بن زيد عن أبيه ، عن جده : ” انه حين أرى الأذان أمر النبي ﷺ بلالا فأذّن ثم أمر عبد الله فأقام “ .

(١/١٠٧ ، باب الرجلين يؤذن أحدهما ويقيم الآخر)

ما في ” التنوير مع الدر والرد “ : أقام غير من أذن بغيبته أي المؤذن لا يكره مطلقًا ، وإن بحضوره كره إن لحقه وحشة . التنوير . قال الشامي رحمه الله تعالى : ولكن الأفضل أن يكون المؤذن هو المقيم ، أي لحديث : ” من أذّن فهو يقيم “ .

(٢/٦٣ ، باب الأذان ، مطلب في المؤذن إذا كان غير محتسب في أذانه)

ما في ” الفتاوى التاتارخانية “ : وإن أذّن رجل وأقام رجل آخر إن غاب الأول جاز من غير كراهة ، وإن كان حاضرًا وتلحقه الوحشة بإقامة غيره يكره ، وإن رضي به لا يكره عندنا .

(١/٣٢٤ ، الأذان ، نوع آخر في أذان المحدث والجنب ، وبيان من يكره أذانه ومن لا يكره ، المحيط البرهاني : ١/٣٩٦ ، كتاب الصلاة ، الأذان ، قبيل نوع آخر في الفصل بين الأذان والإقامة ، بدائع الصنائع : ١/٣٧٥ ، كتاب الصلاة ، صفات المؤذن) (فتاوی محمودیہ:۹/۱۶۶، فتاوی حقانیہ:۳/۵۶، فتاوی دارالعلوم:۲/۹۷، کتاب الفتاوی:۲/۱۴۹)

دورانِ اذان واقامت وضوٹوٹ گیا

مسئلہ (۴۲): اذان یا اقامت کے دوران اگر مؤذن کا وضوٹوٹ جائے، تو بہتر یہ ہے کہ پہلے اذان یا اقامت پوری کرلے پھر وضوکرنے کے لیے جائے، لیکن اگر اذان یا اقامت پوری کیے بغیر وضوکرنے کے لیے چلا گیا، تو دوسرا شخص یا وہی جب وضوکرکے آئے، تو از سرِ نو اذان یا اقامت کہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” المبسوط “ : قال : (وإن رعف فيها أو أحدث فذهب وتوضأ ثم جاء فأحبّ إليّ أن يبتدئها من أولها) لأن بذهابه انقطع النظم فربما يشتبه على الناس انه كان يؤذن أو يتعلم كلمات الأذان ، والأولى له إذا أحدث في أذانه أو إقامته أن يتمها ثم ذهب فيتوضأ ويصلي ، لأن ابتداء الأذان أو الإقامة مع الحدث يجوز فإتمامه أولى . (۱/۲۸۵ ، باب الأذان ، الدر المختار مع الشامي : ۲/۶۱ ، باب الأذان ، مطلب في المؤذن إذا كان غير محتسب في أذانه ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/۳۲۵ ، كتاب الصلاة ، الأذان ، نوع آخر في تدارك الخلل الواقع فيه)

ما في ” الفتاوى الهندية “ : ولو سبقه الحدث في أحدهما فذهب ليتوضأ يستقبل غيره أو هو إذا رجع . هكذا في فتاوى قاضيخان . قال مشايخنا رحمهم الله : الأولى أن يتم الأذان إن أحدث فيه وأتم الإقامة إن أحدث فيها ، ثم يذهب ويتوضأ. كذا في المحيط. (۱/۵۵، الباب الثاني في الأذان ، الفصل الأول ، فتاوى قاضيخان : ۱/۳۸ ، السعاية: ۲/۲۴ ، باب الأذان ، خلاصة الفتاوى : ۱/۴۹ ، الفصل الأول في الأذان ، في أذان العبد والأعمى الخ) (فتاویٰ محمودیہ:۹/۱۴۹)

قضا نماز کے لیے اذان

مسئلہ (۴۳): اگر کسی شخص کی نماز فوت ہوگئی اور بعد میں وہ اُسے مسجد کے باہر قضا کرے، تو اذان واقامت دونوں کہے گا، خواہ تنہا پڑھے یا جماعت سے، اور اگر اس فوت شدہ نماز کی قضا مسجد میں جماعت کے ساتھ کی جائے، تو اذان واقامت نہیں کہی جائے گی، کیوں کہ اس میں لوگوں کو تشویش وغلط فہمی میں مبتلا کرنا لازم آتا ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (و) يسنّ أن (يؤذّن ويقيم لفائتة) رافعًا صوته لو بجماعة أو صحراء لا ببيته منفردًا .... (ولا فيما يُقضي عن الفوائت في مسجد) لأن فيه تشويشًا وتغليطًا (ويكره قضاؤها فيه) ، لأن التاخير معصية ، فلا يُظهرها . بزازية . تنوير مع الدر . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (لأن فيه تشويشًا الخ) إنما يظهر أن لو كان الأذان لجماعة ، أما إذا كان منفردًا ، ويؤذّن بقدر ما يُسمِعُ نفسَه فلا . (۵۷/۲ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

ما في " الهندية " : ومن فاتته صلاة في وقتها فقضاها أذن لها وأقام واحدًا كان أو جماعة . هكذا في المحيط . (۵۵/۱ ، الباب الثاني في الأذان ، الفصل الأول)

(فتاویٰ دار العلوم: ۱۲۹/۲)

فاسد نماز کی ادائیگی کے لیے اذان واقامت

مسئلہ(۴۴): اگر کسی وجہ سے نماز فاسد ہوجائے ، اوروقت کے اندر مسجد میں دوبارہ جماعت کے ساتھ اسے ادا کیا جائے تو اذان واقامت نہ کہی جائے۔(۱)

نماز کے اعادہ کے لیے اذان واقامت

مسئلہ(۴۵): اگر چند دنوں کے بعد نماز باجماعت فاسد ہونے کی تحقیق ہو، اورنماز کا اعادہ جماعت کے ساتھ، مسجد کے علاوہ کسی اور جگہ ہو، تو اذان واقامت دونوں کہی جائیں۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوم ذكروا فساد صلاة صلّوها في المسجد في الوقت قضوها بجماعة فيه ولا يعيدون الأذان والإقامة .

(۲/۵۸، باب الأذان، مطلب في أذان الجوق، الفتاوى التاتارخانية: ۱/۳۲۶ ، الأذان، نوع آخر فيمن يقضي الفوائت يقضيها بأذان وإقامة أو بغيرهما ، السعاية في كشف ما في شرح الوقاية: ۲/۳۱ ، باب الأذان ، البحر الرائق : ۱/۴۵۶ ، باب الأذان ، الفتاوى الهندية : ۱/۵۵ ، الباب الثاني في الأذان ، الفصل الأول في صفته وأحوال المؤذن)

(فتاویٰ دارالعلوم:۲/۱۱۰، خیرالفتاویٰ:۲/۲۱۳، فتاویٰ رحیمیہ:۴/۹۵)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " رد المحتار " : وإن قضوها بعد الوقت قضوها في غير ذلك المسجد بأذان وإقامة . (۲/۵۸ ، باب الأذان ، مطلب في أذان الجوق)=

قضا نمازِ فجر کے لیے اذان

مسئلہ(۴۶): اگر نمازِ فجر قضا ہو جائے اور اُسے مسجد کے باہر جماعت سے ادا کرنا ہے، تو اذان کہنا سنت ہے، اور اذان ویسی ہی ہونی چاہیے جس طرح صبح کی ہے، یعنی ''الصلوۃ خیرٌ من النوم'' کے ساتھ، اور اگر چھوڑ دے تو بھی کوئی حرج نہیں، کیوں کہ یہ نیند اور غفلت کا وقت نہیں۔ (۱)

= ما في '' الفتاوى التاتارخانية '' : وفي '' جامع الهاروني '' : قوم ذكروا فساد صلاة صلّوها في غير وقت تلك الصلاة قضوها بأذان وإقامة في غير المسجد الذي صلّوا فيه تلك الصلاة مرة . (۱/۳۲۶ ، الأذان ، نوع آخر فيمن يقضي الفوائت يقضيها بأذان وإقامة أو بغيرهما ، السعاية : ۲/۳۱ ، باب الأذان ، البحر الرائق : ۱/۴۵۶ ، باب الأذان ، الفتاوى الهندية : ۱/۵۵ ، الباب الثاني في الأذان ، الفصل الأول في صفته وأحوال المؤذن) (فتاویٰ محمودیہ:۹/۲۰۵، میرٹھ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' التنوير وشرحه مع الشامية '' : (وليسنّ أن يؤذن ويقيم لفائتة) رافعًا صوته لو بجماعة أو صحراء لا ببيته منفردًا . التنوير مع الدر . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (لو بجماعة الخ) أي في غير المسجد بقرينة ما يذكره قريبًا من أنه لا يؤذن فيه للفائتة . (۲/۵۷ ، باب الأذان ، مطلب في أذان الجوق)

ما في '' بدائع الصنائع '' : ويستوي في وجوب مراعاة الأذان والإقامة القضاء والأداء . (۱/۳۸۰ ، تكرار الجماعة في المسجد) (فتاویٰ دار العلوم:۲/۹۶)

مسافر جماعت کے لیے اذان واقامت

مسئلہ (۴۷): اگر مسافروں کی جماعت ہے تو ان کے لیے اذان واقامت کہنا افضل ہے، اور صرف اقامت پر اکتفا کرنا بھی جائز ہے، البتہ دونوں کو ترک کرنا مکروہ ہے، مسافر اگر تنہا ہو تو بھی یہی حکم ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن مالك بن الحويرث قال : قدمتُ على رسول الله ﷺ أنا وابن عم لي فقال لنا : " إذا سافرتما فأذّنا وأقيما وليؤمّكما أكبركما " . قال أبو عيسى : هذا حديث حسن صحيح ، والعمل عليه عند أكثر أهل العلم اختاروا الأذان في السفر . (۱/۵۰ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء في الأذان في السفر)

ما في " الهداية " : والمسافر يؤذن ويقيم لقوله عليه السلام لإبن أبي مليكة : إذا سافرتما فأذّنا وأقيما ، فإن تركهما جميعًا يكره ، ولو اكتفى بالإقامة جاز .
(۱/۹۲ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : وإذا كان هذا الخطاب لهما ولا حاجة لهما مترافقين إلى استحضار أحد علم أن المنفرد أيضًا يسنّ له ذلك .
(۱/۲۶۱ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وإن اقتصر المسافر على الإقامة وترك الأذان جاز ، وإن تركهما أو ترك الإقامة فقد أساء ويكره . (۱/۲۲۱ ، الأذان ، نوع آخر في بيان ما يفعل فيه ، البحر الرائق : ۱/۴۶۱ ، باب الأذان ، الهدية العلائية : ص/۱۷ ، باب الأذان ، التنوير مع الدر والرد : ۲/۶۳ ، باب الأذان ، مطلب في المؤذن إذا كان غير محتسب في أذانه ، الفتاوى الهندية : ۱/۵۴ ، الباب الثاني في الأذان ، الفصل الأول في صفته وأحوال المؤذن ، السعاية في كشف ما في شرح الوقاية : ۲/۳۳ ، مسائل الأذان ، بدائع الصنائع : ۱/۳۷۸ ، فصل في بيان محل وجوب الأذان ، تبيين الحقائق : ۱/۲۵۰ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان) (احسن الفتاویٰ:۲/۲۹۳)

کھیت والے کے لیے بستی کی اذان کافی ہے

مسئلہ (۴۸): جو شخص آبادی سے دور کھیت یا جنگل میں تنہا ہو، اس کے لیے اذان واقامت کہنا مستحب ہے، اور اقامت پر اکتفا کرنا بھی جائز ہے، البتہ دونوں کو ترک کرنا خلافِ اولیٰ ہے، ہاں! اگر کھیت یا باغ آبادی سے اتنا قریب ہو کہ بستی کی اذان وہاں تک سنی جاتی ہو، تو پھر اذان واقامت کے بغیر بھی نماز بلاکراہت جائز ہے، آبادی کی اذان واقامت اس کے لیے کافی ہے، اور یہی حکم اس شخص کے لیے ہے جو کسی وجہ سے جماعت میں شریک نہ ہوسکے، اور گھر میں نماز پڑھے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عقبة بن عامر قال : قال رسول الله ﷺ : " يعجب ربك من راعي غنم في رأس شظية للجبل يؤذن بالصلوة ويصلي فيقول الله عزّ وجلّ : انظروا إلى عبدي هذا يؤذن ويقيم الصلوة يخاف مني قد غفرت لعبدي وأدخلته الجنة " . رواه أبوداود والنسائي .

(ص/٦٥ ، باب فضل الأذان وإجابة المؤذن ، الفصل الثاني ، قديمي)

ما في " اعلاء السنن " : عن سلمان الفارسي رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا كان الرجل بأرض قي فحانت الصلاة فليتوضأ ، فإن لم يجد ماء فليتمم ، فإن أقام صلى معه ملكاه ، وإن أذن وأقام صلى خلفه من جنود الله ما لا يرى طرفاه " . قال المؤلف : ودلالة استحباب الأذان والإقامة في حديث سلمان وعقبة بن عامر للمنفرد صريحة ، وإتيان المنفرد به على سبيل الأفضلية ، فلا يسنّ في حقه مؤكدًا ، والمكروه له ترك الأذان والإقامة معًا ، حتى لو ترك الأذان وأتى بالإقامة لا يكره . كذا في البحر اهـ . (من الطحطاوي على مراقي الفلاح) .

(۱۲۴/۲ ، باب استحباب الأذان والإقامة للمسافر ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص/۱۹۴ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان)=

……………………………………………………………………

……………………………………………………………………

……………………………………………………………………

……………………………………………………………………

= ما في " الهداية " : والمسافر يؤذن ويقيم لقوله عليه السلام لإبني أبي مليكة : إذا سافرتما فأذّنا وأقيما ، فإن تركهما جميعًا يكره ، ولو اكتفى بالإقامة جاز .... فإن صلى في بيته في المصر يصلي بأذان وإقامة، ليكون الأداء على هيئة الجماعة ، وإن تركهما جاز لقول ابن مسعود : " أذان الحيّ يكفينا " . (۱/۹۲ ، باب الأذان)

ما في " بدائع الصنائع " : ذكر في الأصل : إذا صلى الرجل في بيته واكتفى بأذان الناس وإقامتهم أجزأه، وإن أقام فهو حسن ، لأنه إن عجز عن تحقق الجماعة بنفسه فلم يعجز عن التشبه ...... وإن ترک ذلک واکتفى بأذان الناس وإقامتهم أجزأه ، لما رُوي أن عبد الله بن مسعود صلى بعلقمة والأسود بغير أذان ولا إقامة وقال : " يكفينا أذان الحيّ وإقامتهم " . أشار إلى أن أذان الحيّ وإقامتهم وقع لكل واحد من أهل الحي ، ألا ترى أن على كل واحد منهم أن يحضر مسجد الحيّ . اهـ . (۱/۴۱۶ ، ۴۱۷ ، فصل وأما بيان محل وجوب الأذان ، ط . العاصمة ، حاشية ابن عابدين : ۱/۲۶۴ ، ۲۶۵ ، ط : احياء التراث ، المصنف لإبن أبي شيبة : ۱/۲۲۰ ، ط : الدار السلفية ، رقم الأثر : ۳۸۸۴ ، الموسوعة الفقهية : ۶/۱۳)

وما في " بدائع الصنائع " : وأما المسافر إذا كان وحده فإن ترک الأذان فلا بأس به ، وإن ترک الإقامة يكره ، والمقيم إذا كان يصلي في بيته وحده فترک الأذان والإقامة لا يكره ، والفرق أن أذان أهل المحلة يقع أذانًا لكل واحد من أهل المحلة فكأنه وجد الأذان منه في حق نفسه تقديرًا ، فأما في السفر فلم يوجد الأذان والإقامة للمسافر من غيره ، غير أنه سقط الأذان في حقه رخصة وتيسيرًا فلا بد من الإقامة .

(۱/۳۷۸ ، فصل في بيان محل وجوب الأذان)

کتاب الصلوۃ

(نماز کے مسائل)

صفِ اول کونسی؟

مسئلہ (۴۹): فقہاء کرام کی تعریف کے مطابق صفِ اول وہ صف ہے، جو امام کے پیچھے ہو اور کسی مقتدی کے پیچھے نہ ہو، اس تعریف سے علامہ شامی رحمہ اللہ نے ایک جزئیہ یہ مستنبط کیا ہے کہ اگر صفِ اول منبر کی وجہ سے کٹ رہی ہو، تو اس منبر کے بالمقابل دوسری صف میں جو شخص ہو وہ بھی صفِ اول میں شمار ہوگا، اور اس کو بھی صفِ اول کا ثواب ملے گا، اس لیے کہ وہ امام کے پیچھے ہے، اس کے آگے کوئی مقتدی نہیں ہے، فقہاء کرام کی مذکورہ بالا تعریف اور شامی کے مذکورہ بالا جزئیہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ منبر کی وجہ سے درمیان سے منقطع صف، صفِ اول شمار ہوگی، اس لیے کہ وہ کسی مقتدی کے پیچھے نہیں ہے، بلکہ امام کے پیچھے ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ويعلم منه بالأولى أن مثل مقصورة دمشق التي هي في وسط المسجد خارج الحائط القبلي يكون الصف ما يلي الإمام في داخلها ، وما اتصل به من طرفيها خارجاً عنها من أول الجدار إلى آخره ، فلا ينقطع الصف ببنائها ، كما لا ينقطع بالمنبر الذي هو داخلها فيما يظهر .... ويؤخذ من تعريف الصف الأول بما=

جمع بین الصلوتین یعنی دونمازوں کوایک ہی وقت میں پڑھنا

مسئلہ(۵۰): بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ سفر یا کسی اور عذر سے جمع بین الصلوتین یعنی دونمازوں کو ایک وقت میں پڑھنا جائز ہے، ان کا یہ خیال درست نہیں، صحیح بات یہ ہے کہ کسی عذر کے سبب بھی جمع بین الصلوتین جائز نہیں ہے، البتہ جمع حقیقی کی بجائے جمع صوری کر لی جائے تو یہ شرعاً جائز ہے۔

جمع صوری یہ ہے کہ ظہر کی نماز کو مؤخر کر کے اس کے اخیر وقت میں اور نماز عصر کو اس کے ابتدائی وقت میں پڑھے، اسی طرح نماز مغرب کو اخیر وقت اور عشاء کو اولِ وقت میں پڑھے، اس طرح جمع بین الصلوتین شرعاً جائز بھی ہے اور دونوں نمازیں اپنے اپنے وقت پر ادا بھی ہوجائیں گی۔ (۱)

= هو خلف الإمام : أي لا خلف مقتد آخر ، أن من يقام في الصف الثاني بحذاء باب المنبر يكون من الصف الأول ، لأنه ليس خلف مقتد آخر . والله تعالى أعلم .
(۲/ ۱ ۱ ۳ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، مطلب في الكلام على الصف الأول ، بيروت)
ما في " الموسوعة الفقهية " : ولكن العلماء اختلفوا في المراد من الصف الأول ، فذهب جمهور الفقهاء إلى أن الصف الأول الممدوح الذي وردت الأحاديث بفضله ، هو الصف الذي يلي الإمام ، سواء تخلله منبر أو مقصورة أو أعمدة أو نحوها . اهـ.
(۲۷/ ۳۸ ، صف) (فتاویٰ امارتِ شرعیہ: ۲/ ۴۳۱، ۴۳۲، باب تسویۃ الصفوف، فتاویٰ رحیمیہ: ۵/ ۳۱، باب صفۃ الصلاۃ، دارالاشاعت کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شرح معاني الآثار " : قال أبو جعفر الطحاوي : وأما وجه ذلك من طريق النظر فإنا قد رأيناهم أجمعوا أن صلاة الصبح لا ينبغي أن تقدم على وقتها ولا تؤخر =

....

....

....

....

= عنه ، فإن وقتها وقت لها خاصة دون غيرها من الصلوات فالنظر على ذلك أن يكون كذلك سائر الصلوات كل واحدة منهن منفردة لوقتها دون غيرها ، فلا ينبغي أن تؤخر عن وقتها ولا تقدم قبله ..... فثبت بما ذكرنا أن ما روينا عن رسول الله ﷺ من الجمع بين الصلوتين أنه تاخير الأولى وتعجيل الآخرة ، وكذلك كان أصحاب رسول الله ﷺ من بعده يجمعون بينهما .

(١/١٢٣ ، كتاب الصلاة ، باب الجمع بين الصلوتين كيف هو؟)

ما في ” الدر المختار مع الشامية “ : ولا جمع بين فرضين في وقت بعذر سفر ومطر خلافاً للشافعي، وما رواه محمول على الجمع فعلا لا وقتاً . الدر المختار . قال الشامي تحت قوله : (ما رواه) أي من الأحاديث الدالة على التاخير كحديث أنس أنه ﷺ كان إذا عجل السير يؤخر الظهر إلى وقت العصر فيجمع بينهما ويؤخر المغرب حتى يجمع بينها وبين العشاء ، وعن ابن مسعود مثله . وقال تحت قوله : (محمول) أي فعل الأولى في آخر وقتها والثانية في أول وقتها .

(٢/٤٥ ، كتاب الصلاة ، مطلب في الصلاة في الأرض المغصوبة)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ١١٤١٦)

باب الإمامة

(امامت کے مسائل)

صحنِ مسجد کے پردے اٹھانا یا کواڑ کھولنا

مسئلہ (۵۱): اگر کسی مسجد کے اندرونی حصہ میں جماعت ہورہی ہو اور سب پردے چھوٹے ہوئے ہیں، یا کواڑ بند ہیں، لیکن اس کے باوجود امام کے انتقالات کا صحیح علم ہوتا ہے، تو بغیر کواڑ کھولے اور بغیر پردے اٹھائے بھی، باہر صحن میں نماز پڑھنے والوں کی نماز درست ہوجائے گی، مگر بہتر یہ ہے کہ پردے اٹھادیئے جائیں، یا کواڑ کھول دیئے جائیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : والحائل لا يمنع الاقتداء إن لم يشتبه حال إمامه بسماع أو رؤية ولو من باب مشبک لا يمنع الوصول في الأصح ، ولم يختلف المكان حقيقة كمسجد وبيت في الأصح . قنية . ولا حكماً عند اتصال الصفوف . " الدر المختار" . قال ابن عابدين رحمه الله تعالى : قوله : (بسماع) أي من الإمام أو المكبر . التاتارخانية ..... ينبغي أن تكون الرؤية كالسماع لا فرق فيها بين أن يرى انتقالات الإمام أو أحد المقتدين . (۲/۳۴۴ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة)

ما في " الفتاوى الهندية " : ويصح إن كان صغيراً لا يمنع ، أو كبيراً وله ثقب لا يمنع الوصول ، وكذا إذا كان الثقب صغيراً يمنع الوصول إليه ، لكن لا يشتبه عليه حال الإمام سماعاً أو رؤية ، هو الصحيح .

(۱/۸۸ ، الفصل الرابع في بيان ما يمنع صحة الإقتداء وما لا يمنع)=

ائمہ کرام کا جلدی جلدی نماز پڑھانا

مسئلہ (۵۲): علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ صاحبِ حلیہ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن مبارک، اسحاق، ابراہیم اور ثوری رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''مستحب یہ ہے کہ امام رکوع اور سجدہ میں تسبیحات پانچ پانچ مرتبہ پڑھے، تاکہ مقتدی حضرات تین تین مرتبہ پڑھ سکیں، لہٰذا اگر امام نے اس کی رعایت نہیں کی، تو اُس کا یہ عمل مکروہ ہوگا۔''(۱)

= ما في '' البحر الرائق '' : وإن كان الباب مسدوداً ، أو الكوة صغيرة لا يمكن النفوذ منها ، أو مشبكة وإن كان لا يشتبه عليه حال الإمام برؤية أو سماع لا يمنع على ما اختاره شمس الأئمة الحلواني ، قال في المحيط : وهو الصحيح ، وكذا اختاره قاضيخان وغيره . (۱/۶۳۴ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة)

ما في '' الموسوعة الفقهية '' : وعلى هذا الإقتداء في المساكن المتصلة بالمسجد الحرام وأبوابها من خارجه صحيح إذا لم يشتبه حال الإمام لسماع أو رؤية . (۶/۲۴ ، اقتداء)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' رد المحتار '' : وفي '' المنية '' : ويكره للإمام أن يُعجلم عن إكمال السنة ، ونقل في ''الحلية '' عن عبد الله بن المبارك واسحاق وابراهيم والثوري أنه مستحب للإمام أن يسبح خمس تسبيحات ليدرك من خلفه الثلاث . اهـ .

(۱/۱۹۹ ، باب صفة الصلاة ، مطلب في إطالة الركوع للجائي ، بيروت)

ما في '' الفتاوى الهندية '' : ويقول في سجوده : سبحان ربي الأعلى ثلاثاً ، وذلك أدناه . كذا في المحيط . ويستحب أن يزيد على الثلاث في الركوع والسجود بعد أن يختم بالوتر . كذا في الهداية . فالأدنى فيهما ثلاث مرات والأوسط خمس مرات والأكمل سبع مرات . كذا في الزاد . وإن كان إماماً لا يزيد على وجه يملّ القوم . كذا في الهداية . (۱/۷۵ ، الفصل الثالث في سنن الصلاة وآدابها وكيفيتها)

(فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۳۵)

فصل في القراءة

(قرأت کے مسائل)

نماز میں مسنون قرأت

مسئلہ(۵۳): امام ومنفرد، دونوں کے لیے بحالتِ حضر واطمینان، فجر وظہر میں طوالِ مفصل، یعنی ''سورۂ حجرات'' سے ''سورۂ بروج'' تک، عصر وعشاء میں اوساطِ مفصل، یعنی ''سورۂ بروج'' سے ''سورۂ لم یکن'' تک، اور مغرب میں قصارِ مفصل، یعنی ''سورۂ لم یکن'' سے ''سورۂ ناس'' تک کی سورتوں میں سے قرأت کرنا مسنون ہے، کبھی کبھی ان سورتوں کے علاوہ دوسری سورتوں کا پڑھنا بھی ثابت ہے، مگر عامۃً ان ہی سورتوں کو پڑھنا چاہیے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' مشكاة المصابيح '' : عن سليمان بن يسار ، عن أبي هريرة : '' ما صليت وراء أحد أشبه صلاة برسول الله ﷺ من فلان ، قال سليمان : صليت خلفه فكان يطيل الركعتين الأوليين من الظهر ويخفف الأخريين ويخفف العصر ، ويقرأ في المغرب بقصار المفصل ، ويقرأ في العشاء بوسط المفصل ، ويقرأ في الصبح بطوال المفصل '' . رواه النسائي . وروى ابن ماجه إلى '' يخفف العصر '' .

(ص/۸۰، ۸۱، باب في القراءة)

ما في '' رد المحتار '' : ويسنّ في الحضر لإمام ومنفرد ، ذكره الحلبي ، والناس عنه غافلون ، طوال المفصل من الحجرات إلى آخر البروج في الفجر والظهر ، ومنها إلى آخر '' لم يكن '' أوساطه في العصر والعشاء ، وباقيه قصاره في المغرب ، أي في كل=

= ركعة سورة مما ذكر ، ذكره الحلبي ، ومقتضاه أنه لا نظر إلى مقدار معين من حيث عدد الآيات ، فيترجح على الرواية الأولى (أن السنة في الفجر حضراً أربعون آية) لتايده بالأثر الوارد عن عمر رضي الله عنه أنه كتب إلى أبي موسى الأشعري : أن اقرأ في الفجر والظهر بطوال المفصل ، وفي العصر والعشاء بأوساط المفصل ، وفي المغرب بقصار المفصل ، قال في الكافي : وهو كالمروي عن النبي ﷺ ، لأن المقادير لا تعرف إلا سماعاً ، فإن كان في السفر في حالة الضرورة بأن كان على عجلة من السير أو خائفاً من عدو أو نص يقرأ الفاتحة وأيّ سورة شاء ، وفي الحضر في حالة الضرورة بأن خاف فوت الوقت يقرأ ما لا يفوته الوقت ، بل تارةً يقتصر على أدنى ما ورد كأقصر سورة من طوال المفصل في الفجر ، أو أقصر سورة من قصاره عند ضيق وقت أو نحوه من الأعذار ، لأنه عليه السلام قرأ في الفجر بالمعوذتين لما سمع بكاء صبي خشيّة أن يشقّ على أمه .

(۲/ ۲۳۰ ، كتاب الصلاة ، مطلب السنة تكون سنة عين ، دار الكتاب ديوبند ، كذا في غنية المستملي المعروف بحلبي كبير : ص/۲ ۳۱ ، باب صفة الصلاة ، مكتبه سهيل اكيڈمي لاهور) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۰/ ۴۷۵، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

نماز میں مجہول قرأت

مسئلہ (۵۴): بعض ائمہ مجہول قرأت کرتے ہیں، تو محض مجہول قرأت کی وجہ سے ان کی نماز اور امامت کے صحیح نہ ہونے کا حکم نہیں لگایا جائے گا، البتہ اگر دورانِ قرأت لحنِ جلی کی بناء پر کسی کلمہ کا معنی ایسا بگڑ جائے جو فسادِ نماز کا ذریعہ ہو تو نماز فاسد ہوگی، تاہم خصوصاً ائمہ حضرات اور عموماً تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی قرأت کی درستگی کی فکر کریں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : (ومنها اللحن في الإعراب) إذا لحن في الإعراب لحناً لا يغير المعنى بأن قرأ : ﴿لا ترفعوا أصواتكم﴾ برفع التاء لا تفسد صلاته بالإجماع ، وإن غير المعنى تغيراً فاحشاً بأن قرأ : ﴿وعصى آدم ربه﴾ بنصب الميم ورفع الرب ، وما أشبه ذلک مما لو تعمد به يكفر . إذا قرأ خطأ فسدت صلاته في قول المتقدمين . واختلف المتأخرون قال محمد بن مقاتل وأبو نصر محمد بن سلام وأبوبكر بن سعيد البلخي والفقيه أبوجعفر الهندواني وأبوبكر محمد بن الفضل والشيخ الإمام الزاهد وشمس الأئمة الحلواني لا تفسد صلاته ، وما قاله المتقدمون أحوط ، لأنه لو تعمد يكون كفراً ، وما يكون كفراً لا يكون من القرآن ، وما قاله المتأخرون أوسع ، لأن الناس لا يميزون بين إعراب وإعراب ، كذا في فتاوى قاضيخان ، وهو الأشبه ، كذا في المحيط ، وبه يفتى ، كذا في العتابية ، وهكذا في الظهيرية .

(۱ / ۸۱ ، كتاب الصلاة ، الباب الرابع في صفة الصلاة ، الفصل الخامس في زلة القارى)

ما في " المحيط البرهاني في الفقه النعماني " : إذا لحن في الإعراب لحناً فهو على وجهين : إما أن يتغير المعنى بأن قرأ : ﴿لا ترفعوا أصواتكم﴾ .... أو قرأ : ﴿الرحمن على العرش﴾ .... بنصب الرحمن ، وفي هذا الوجه لا تفسد صلاته =

= بالإجماع . وأما إن تغير المعنى بأن قرأ : ﴿هو الله الخالق البارئ المصوّر﴾ ... بنصب الواو ورفع الميم . أو قرأ : ﴿وعصٰى آدم ربه﴾ ... بنصب الميم ورفع الباء ، أو قرأ :﴿وإذ ابتلى إبراهيم ربه بكلمٰتٍ فأتمهنّ﴾ ..... برفع إبراهيم ونصب الرب ، أو قرأ : ﴿من الجنة والناس﴾ ... بنصب الجيم .... وفي هذا الوجه اختلف المشايخ ، قال بعضهم : لا تفسد صلاته ، وهكذا روي عن أصحابنا ، وهو الأشبه ، لأن في اعتبار الصواب في الإعراب إيقاع الناس بالحرج، والحرج مرفوع شرعاً اهـ .

(۱/۷۹م ، كتاب الصلاة ، الفصل العاشر في اللحن في الإعراب ، بيروت)

ما في ” الخانية على هامش الهندية “ : أما الخطأ في الإعراب إذا لم يغير المعنى لا تفسد الصلاة عند الكل ، كما لو قرأ : ﴿إن المؤمنين والمؤمنات﴾ أو قرأ :﴿ولم يجعل له عوجاً﴾ بالنصب ، أو قرأ : ﴿قواما﴾ مكان ﴿قواما﴾ أو قرأ : ﴿الحمد لله رب العٰلمين﴾ بنصب الدال ونصب ميم الرحيم ونون الرحمن ..... لا تفسد الصلاة ، لأن الخطأ في الإعراب مما لا يمكن الاحتراز عنه ، فيعذر ....

وإن غير المعنى تغيراً فاحشاً بأن قرأ : ﴿وعصى آدم ربه فغوٰى﴾ بنصب ميم آدم ورفع باء ربه .... أو قرأ : ﴿إنما يخشى الله من عباده العلماء﴾ برفع الله ونصب العلماء .... وما أشبه ذلک مما لو تعمد به يكفر ، إذا قرأ خطأ فسدت صلاته في قول المتقدمين ، واختلف المتأخرون في ذلک ، قال محمد بن مقاتل وأبو نصر محمد بن سلام وأبوبكر بن سعيد البلخي والفقيه أبوجعفر الهندواني والشيخ الإمام أبوبكر محمد بن الفضل والشيخ الإمام إسمعيل الزاهد وشمس الأئمة الحلواني رحمه الله تعالى لا تفسد صلاته ، وما قاله المتقدمون أحوط ، لأنه لو تعمد يكون كفراً .... وما قاله المتأخرون أوسع ، لأن الناس لا يميزون بين إعراب وإعراب فلا تفسد الصلاة . (۱/۱۳۹ ، ۱۴۰ ، كتاب الصلاة ، فصل في قراءة القرآن خطأ وفي الأحكام المتعلقة بالقراءة ، الفتاوى التاتارخانية : ۱/۳۰۶ ، كتاب الصلاة ، الفصل العاشر في اللحن في الإعراب ، دار الإيمان سهارنفور)

دوسورتوں کے درمیان کسی سورت کے ذریعہ فصل

مسئلہ (۵۵): بعض لوگ فرض نماز میں دوسورتوں کے درمیان کسی سورت کو چھوڑ کر تیسری سورت کے پڑھنے کو مطلقاً مکروہ خیال کرتے ہیں، ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ صحیح بات یہ ہے کہ دوسورتوں کے درمیان کسی ایسی سورت سے فصل کرنا، جس کی وجہ سے دوسری رکعت پہلی رکعت کے مقابلے میں طویل ہوجاتی ہو، مکروہ نہیں ہے، اسی طرح قصداً کسی چھوٹی سورت کے ذریعہ فصل کرنا محض مکروہِ تنزیہی ہے، اور اگر یہ سہواً ہو تو مکروہ بھی نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار" : قوله : (ويكره الفصل بسورة قصيرة) أما بسورة طويلة بحيث يلزم منه إطالة الركعة الثانية إطالة كثيرة فلا يكره . شرح المنية . كما إذا كانت سورتان قصيرتان ، وهذا لو في ركعتين . (۲/۲۶۹ ، فصل في القراءة ، بيروت)

ما في " حاشية الطحطاوي " : ويكره فصله بسورة بين سورتين قرأهما في ركعتين لما فيه من شبهة التفضيل والهجر ، وقال بعضهم : لا يكره إذا كانت السورة طويلة ، كما لو كان بينهما سورتان قصيرتان اهـ . (ص/۳۵۲ ، فصل في مكروهات الصلاة ، مكتبة شيخ الهند ديوبند ، الفتاوى الهندية : ۱/۷۸ ، الباب الرابع في صفة الصلاة ، الفصل الرابع في القراءة) (حاشیہ فتاوی محمودیہ: ۷/۱۰۳)

نمازِ فجر میں تراویح کی طرح ختم قرآن کریم

مسئلہ (۵۶): اگر کوئی امام نمازِ فجر میں قرآن کریم کو اس طرح ترتیب سے ختم کرے، جیسے تراویح میں ختم کیا جاتا ہے، مثلاً سورۂ بقرہ ''الم'' سے شروع کرے اور روزانہ تھوڑا تھوڑا بالترتیب سورۂ ناس تک اسی طرح پڑھتے رہے، اور پورا قرآن کریم نمازِ فجر میں ختم کرے، تو اس کا یہ عمل خلافِ سنت ہے، ائمہ کرام کو اس سے احتراز ضروری ہے، گو نماز اس طرح ترتیب سے قرأت کرنے سے بھی صحیح ہوجاتی ہے، مگر مسنون طریقہ یہ ہے کہ فجر میں طوالِ مفصل یعنی سورۂ حجرات سے سورۂ بروج تک کی سورتیں، وقت کی گنجائش اور مقتدیوں کے تحمّل کی رعایت کرتے ہوئے پڑھی جائیں (۱)، اگر پورا قرآن کریم نماز میں پڑھنا ہو تو اپنی تنہا نفل نماز میں پڑھیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' رد المحتار '' : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله : قوله (إلا بالمسنون) وهو القراءة من طوال المفصل في الفجر والظهر ، وأوساطه في العصر والعشاء ، وقصاره في المغرب . (۲/۱۹۴ ، باب صفة الصلاة ، مطلب قراءة البسملة بين الفاتحة والسورة حسن ، بيروت)

ما في '' رد المحتار '' : عن عمر رضي الله عنه أنه كتب إلى أبي موسى الأشعري رضي الله عنه : أن اقرأ في الفجر والظهر بطوال المفصل ، وفي العصر والعشاء بأوساط المفصل ، وفي المغرب بقصار المفصل .... والجملة فيه أنه ينبغي للإمام أن يقرأ مقدار ما يخف على القوم ، ولا يثقل عليهم بعد أن يكون على التمام ، وهكذا في الخلاصة . اهـ . (۲/۲۶۱/۲۶۲ ، باب صفة الصلاة ، فصل في القراءة)=

غصہ اور جُھنجھلاہٹ کی وجہ سے طویل قرأت

مسئلہ (۵۷): کبھی کوئی مقتدی امام کو اس کے مختصر قرأت کرنے پر ٹوک دیتا ہے، کہ آپ طویل قرأت نہیں کرتے، جس کی وجہ سے امام غصہ اور جُھنجھلاہٹ میں اس قدر طویل قرأت کرتا ہے کہ مقتدی تکلیف محسوس کرنے لگتے ہیں، تو امام کا یہ فعل غلط ہے، اس سے احتراز ضروری ہے، کیوں کہ امام کو قدرِ مسنون کے بعد مقتدیوں کے حال کی رعایت کرنی چاہیے، کہ ان میں

= ما في " البحر الرائق " : قوله : (وفي الحضر طوال المفصل لو فجراً أو ظهراً ، وأوساطه لو عصراً وعشاءً ، وقصاره لو مغرباً) والأصل فيه كتاب عمر إلى أبي موسى الأشعري رضي الله عنه : أن اقرأ في الفجر والظهر بطوال المفصل ، وفي العصر والعشاء بأوساط المفصل، وفي المغرب قصار المفصل . (۱/۵۹۳ ، باب صفة الصلاة ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويسنّ .... طوال المفصل من الحجرات إلى آخر البروج في الفجر والظهر ، ومنها إلى آخر لم يكن أوساطه في العصر والعشاء، وباقيه قصاره في المغرب. الدر المختار. (۲/۲۵۹-۲۶۱، فصل في القراءة)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " إذا صلى أحدكم للناس فليخفِّفْ ، فإن فيهم الضعيف والسقيم والكبير ، وإذا صلى أحدكم لنفسه فليطوِّل ما شاء " . (۱/۹۷ ، كتاب الأذان ، باب إذا صلى لنفسه فليطوّل ما شاء ، قديمی)

ما في " السنن للترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله عنه أن النبي ﷺ قال : " إذا أمّ أحدكم الناس فليخفِّفْ ، فإن فيهم الصغير والكبير والضعيف والمريض ، فإذا صلى وحدهٗ فليصلّ كيف شاء " . (۱/۵۵ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء إذا أمّ أحدكم الناس فليخفِّفْ ، قديمی) (فتاویٰ محمودیہ: ۷/۸۲،۸۳)

بوڑھے، ضعیف، بیمار ہر قسم کے لوگ ہوتے ہیں (۱)، اسی لیے شریعت نے ان کی رعایت کرتے ہوئے طِوال، اوساط اور قصارِ مفصل کی قرأت تجویز کی ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " إذا صلى أحدكم للناس فليخفِّفْ ، فإن فيهم الضعيف والسقيم والكبير ، وإذا صلى أحدكم لنفسه فليطوِّل ما شاء " .

(۱/۹۷ ، كتاب الأذان ، باب إذا صلى لنفسه فليطوّل ما شاء ، قديمی)

ما في " السنن للترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله عنه أن النبي ﷺ قال : " إذا أمّ أحدكم الناس فليخفِّفْ ، فإن فيهم الصغير والكبير والضعيف والمريض ، فإذا صلى وحدهٗ فليصلّ كيف شاء " .

(۱/۵۵ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء إذا أمّ أحدكم الناس فليخفِّفْ ، قديمی)

ما في " السنن لأبي داود " : أخبرنا سفيان عن عمرو سمعه من جابر : " كان معاذ يصلي مع النبي ﷺ ثم يرجع فيؤمّنا ، قال مرة : ثم يرجع فيصلي بقومه ، فأخّر النبي ﷺ ليلة الصلاة، وقال مرة : العشاء ، فصلى معاذ مع النبي ﷺ ثم جاء يؤمُّ قومه فقرأ البقرة فاعتزل رجلٌ من القوم فصلى ، فقيل : نافقتَ يا فُلانُ ، فقال : ما نافقتُ ، فأتى النبي ﷺ فقال : إن معاذاً يصلي معک ثم يرجعُ فيؤمّنا يا رسول الله ، وإنما نحن أصحابُ نواضحَ ونعملُ بأيدينا وإنه جاء يؤمّنا فقرأ بسورة البقرة ، فقال : يا معاذ ! أفتّانٌ أنت ، أفتّانٌ أنت ، اقرأ بكذا " . (ص/۱۱۵ ، كتاب الصلاة ، باب تخفيف الصلاة ، قديمی)

ما في " عون المعبود " : قوله : (أفتّان أنت) : أي أمنفّرٌ ومُوقعٌ للناس في الفتنة ، قال الطيبي : استفهام على سبيل التوبيخ وتنبيه على كراهة صنعه لأدائه إلى مفارقة الرجل الجماعة فافتتن به . في شرح السنة : الفتنة صرف الناس عن الدين وحملهم على الضلالة ، قال تعالى : ﴿ما أنتم عليه بفاتنين﴾ أي بمضلّين . انتهى . وقال الحافظ : =

= ومعنى الفتنة هٰهنا أن التطويل يكون سبباً لخروجهم من الصلاة وللتكره للصلاة في الجماعة، وروى البيهقي في الشعب بإسناد صحيح أن عمر قال: ” لا تبغضوا إلى الله عباده يكون أحدكم إماماً فيطوّل على القوم الصلاة حتى يبغض إليهم ما هم فيه “. اهـ. (ص/ ۳۶۹، كتاب الصلاة، باب تخفيف الصلاة، تحت رقم الحديث: ۷۹۰)

ما في ” تبيين الحقائق “: قال: (وتطويل الصلاة) أي كره تطويل الصلاة لقوله عليه الصلاة والسلام: ” إذا أمّ أحدكم الناس فليخفِّف، فإن فيهم الكبير والصغير والضعيف والمريض. وإذا صلى وحده فليصلّ كيف شاء “. ولحديث أنس أنه قال: ” ما صليتُ وراء إمام قطُّ أخف صلاة ولا أتم صلاة من رسول الله ﷺ “.

(۱/ ۳۴۸، باب الإمام والحدث في الصلاة، بيروت)

ما في ” الفتاوى الهندية “: وكره تطويل الصلاة. كذا في التبيين. وينبغي للإمام أن لا يطوّل بهم الصلاة بعد القدر المسنون، وينبغي له أن يراعي حال الجماعة، هكذا في الجوهرة النيرة. (۱/ ۸۷، كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماماً لغيره)

ما في ” الجوهرة النيرة “: قوله: (وينبغي للإمام أن لا يطوّل بهم الصلاة) يعني بعد القدر المسنون لما روي: أن معاذاً رضى الله عنه صلى بقوم فأطال القيام، فشكوه إلى رسول الله ﷺ فقال له: ” أفتّان أنت يا معاذ! قالها ثلاثاً “ .... وروي أنه قال: ” صلِّ بهم صلاة أضعفهم فإن فيهم المريض والكبير وذا الحاجة “. اهـ.

(۱/ ۱۶۰، كتاب الصلاة، مطلب في كراهة الإمامة، بيروت)

(۲) ما في ” الهندية “: واستحسنوا في الحضر طوال المفصل في الفجر والظهر، وأوساطه في العصر والعشاء، وقصاره في المغرب. كذا في الوقاية.

(۱/ ۷۷، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الرابع في القراءة)

ما في ” الدر المختار مع الشامية “: ويسنّ .... طوال المفصل من الحجرات إلى آخر البروج في الفجر والظهر، ومنها إلى آخر لم يكن أوساطه في العصر والعشاء، وباقيه قصاره في المغرب. الدر المختار.

(۲/ ۲۵۹–۲۶۱، فصل في القراءة، البحر الرائق: ۱/ ۵۹۳، باب صفة الصلاة، بيروت)

(فتاویٰ محمودیہ: ۷/ ۸۹، کراچی)

مصلیوں کی فرمائش پر قرأت

مسئلہ (۵۸): کبھی مصلی امام صاحب سے یہ فرمائش کرتے ہیں کہ آج ''سورۂ رحمٰن'' پڑھیے، یا آج ''سورۂ ملک'' پڑھیے، تو امام پر مصلیوں کی اس فرمائش کا پورا کرنا لازم نہیں ہے، لیکن اگر امام صاحب نے مصلیوں کی فرمائش پوری کی، تو نماز تو ہو جائے گی، مگر مصلیوں کو چاہیے کہ وہ اپنے امام کو اس طرح کی فرمائش کا مکلّف و پابند نہ بنائیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' السنن لأبي داود '' : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : '' الإمام ضامن '' الحديث .

(ص/۷۷ ، كتاب الصلاة ، باب ما يجب على المؤذن من تعهد الوقت ، قديمي)

ما في '' عون المعبود شرح أبي داود '' : (الإمام ضامن) أي متكفل لصلاة المؤتمين بالإتمام، فالضمان هنا ليس بمعنى الغرامة ، بل يرجع إلى الحفظ والرعاية ، قال الخطابي : قال أهل اللغة : الضامن في كلام العرب معناه : الراعي ، والضمان الرعاية ، فالإمام ضامن بمعنى أنه يحفظ الصلاة وعدد الركعات على القوم ...... وقد تأوله قوم على معنى أنه يتحمل القراءة عنهم في بعض الأحوال . اهـ .

(ص/۲۶۷ ، رقم الحديث :۵۱۷، باب ما يجب على المؤذن من تعاهد الوقت ، بيروت ، معالم السنن للخطابي : ۱/۱۳۴ ، رقم الحديث : ۱۷۴ ، باب ما يجب على المؤذن من تعهد الوقت ، بيروت ، حاشية ابن العربي مع أبي داود :ص/۷۷)

ما في '' فيض القدير شرح الجامع الصغير للمناوي '' : '' الإمام ضامن ، فإن أحسن فله ولهم ، وإن أساء فعليه ولا عليهم '' . قوله : (الإمام ضامن) أي متكفل بصحة صلاة المقتدين لارتباط صلاتهم بصلاته ، لأنه يتحمل الفاتحة عن المأموم إذا أدركه في الركوع . (۳/۱۸۲ ، رقم الحديث : ۳۰۷۷ ، دار المعرفة بيروت)=

....

....

....

....

= ما في " الصحيح لمسلم " : عن أنس بن مالك رضي الله عنه : .... قال رسول الله ﷺ : " إنما جعل الإما ليؤتم به " .

(۱/۱۷۶، ۱۷۷، كتاب الصلاة ، باب ائتمام المأموم بالإمام ، قديمي)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : وفيه متابعة الإمام في الأفعال والتكبير . اهـ . (۱/۱۷۶)

ما في " تكملة فتح الملهم " : قوله ﷺ : (إنما جعل الإمام ليؤتم به) الإئتمام : الاقتداء والإتباع ، أي جعل الإمام إماماً ليقتدى به ويتبع ، ومن شأن التابع أن لا يسبق متبوعه ولا يساويه ولا يتقدم عليه في موقفه ، بل يراقب أحواله ، ويأتي على أثره بنحو فعله ، ومقتضى ذلك أن لا يخالفه في شيء من الأحوال ، قاله الحافظ رحمه الله .

(۳/۳۴۵ ، رقم الحديث : ۹۲۰ ، كتاب الصلاة ، باب ائتمام المأموم بالإمام)

ما في " مراقي الفلاح " : ويكره تعيين سورة غير الفاتحة ، لأنها متعينة وجوباً ، وكذا المسنون المعين ، وهذا بحيث لا يقرأ غيرها لما فيه من هجر الباقي إلا ليسر عليه أو تبركاً بقراءة النبي ﷺ فلا يكره . (ص/۱۳۲ ، كتاب الصلاة ، فصل يكره للمصلي سبعة وسبعون أشياء ، بيروت ، مراقي مع الحاشية : ص/۳۶۳ ، كتاب الصلاة ، فصل في المكروهات ، مكتبة شيخ الهند ديوبند ، الفتاوى الهندية : ۱/۷۸ ، الفصل الرابع في القراءة) (فتاویٰ محمودیہ: ۷/۸۸، کراچی، ۱۰/۴۹۱، ۴۹۲، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

خلافِ ترتیب قرآن کریم کی تلاوت

مسئلہ (۵۹): قرآن مجید کی بالترتیب تلاوت کرنا آدابِ تلاوت میں سے ہے، اس لیے محققین فقہاء کرام کے نزدیک قرآن کریم کی خلافِ ترتیب تلاوت مطلقاً مکروہ ہے، صرف بچوں کی تعلیم کے لیے منکوس تلاوت بلا کراہت جائز ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويكره الفصل بسورة قصيرة ، وأن يقرأ منكوسًا . الدر المختار . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وأن يقرأ منكوسًا) بأن يقرأ في الثانية سورة أعلى مما قرأ في الأولى ، لأن ترتيب السور في القراءة من واجبات التلاوة ، وإنما جوّز للصغار تسهيلا لضرورة التعليم .

(۲/۲۶۹ ، باب صفة الصلاة ، مطلب الاستماع للقرآن فرضُ كفاية ، بيروت)

ما في " حاشية الطحطاوي " : ويكره قراءة سورة فوق التي قرأها ، قال ابن مسعود رضي الله عنه : " من قرأ القرآن منكوسًا فهو منكوسٌ " وما شرع لتعليم الأطفال إلا لتيسير الحفظ بقصر السور . (ص/۳۵۲ ، فصل في المكروهات)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : والصحيح ان رعاية ترتيب المصاحف لازمة عملا بإجماع الصحابة ، لكن لا يجب السهو بترك هذا الترتيب .

(۱/۲۸۲ ، فصل في القراءة ، نوع آخر)

ما في " رد المحتار " : واعترض ح أيضًا بأنهم نصوا بأن القراءة على الترتيب من واجبات القراءة فلو عكسه خارج الصلاة يكره .

(۲/۲۶۹ ، ۲۷۰ ، باب صفة الصلاة ، مطلب الاستماع للقرآن فرض كفاية)=

نماز میں قرآن مجید کی ترتیب بدل کر پڑھنا

مسئلہ (۶۰): قرآن مجید کی ترتیب بدل کر اُلٹا پڑھنا مکروہ ہے، اور یہ کراہت قصدًا پڑھنے کی صورت میں ہے، اگر کوئی شخص قصدًا نماز میں ایسا کرے، تو نماز ہوجائے گی مگر مکروہ ہوگی، اور اگر بلا قصد ایسا ہوجائے تو کراہت بھی نہیں، اور نماز بلا کراہت درست اور صحیح ہوگی۔ (۱)

= ما في " حاشية الطحطاوي " : واستثنى في الأشباه النافلة فلا يكره فيها ذلك ..... وفيه تأمل لأن النكس إذا كره خارج الصلاة كما يرشد إليه قوله : وما شرع لتعليم الأطفال الخ لكون الترتيب من واجبات التلاوة ففي النافلة أولى .

(ص/۳۵۲ ، فصل في المكروهات)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وأما قراء ة السورة من آخرها إلى أولها فمتفق على منعه ، لأنه يذهب بعض نوع الإعجاز ويزيل الحكمة الترتيب ، لما روي عن ابن مسعود أنه سئل عن رجل يقرأ القرآن منكوساً ؟ قال : ذاك منكوس القلب .

(۱۳/ ۲۵۹ ، تلاوة ، ترتيب القراء ة) (فتاویٰ حقانیہ:۳/ ۱۶۸، ۱۶۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويكره الفصل بسورة قصيرة وأن يقرأ منكوسًا . الدر المختار . قال الشامي رحمه الله : قوله : (وأن يقرأ منكوسًا) بأن يقرأ في الثانية سورة أعلى مما قرأ في الأولى ، لأن ترتيب السور في القراء ة من واجبات التلاوة ..... أفاد أن التنكيس أو ا لفصل بالقصيرة إنما يكره إذا كان عن قصده ، فلو سهوًا فلا . كما في شرح المنية .

(۲/ ۲۶۹ ، باب صفة الصلاة ، مطلب الاستماع للقرآن فرض كفاية ، بيروت)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وإذا قرأ في ركعة سورة وفي الأخرى سورة فوق =

قرآن مجید کی قصداً اخلافِ ترتیب قرأت

مسئلہ (۶۱): قصداً قرآن مجید کی کی خلافِ ترتیب قرأت مکروہ ہے، اس لیے اگر کوئی شخص بلا قصد پہلی رکعت میں سورۂ ناس پڑھ لے، تو اُسے چاہیے کہ وہ بقیہ رکعت میں بھی سورۂ ناس ہی پڑھے(۱)، کیوں کہ تکرارِ سورۃ منکوس اور اُلٹی قرأت سے اَہون ہے۔(۲)

= تلک السورة ، أو قرأ في ركعة سورة ثم قرأ في تلک الركعة سورة أخرى فوق تلک السورة يكره ، وفي " السفية " : وسئل أبو الفضل عمن قرأ في النفل في الركعة الأولى : ﴿تبت يدا أبي لهب﴾ وفي الثانية : ﴿إذا جاء نصر الله﴾ ؟ قال : إن تعمد ذلک يكره . (۱/۲۸۰ ، فصل في القراءة ، نوع آخر)

ما في " البحر الرائق " : ومنها أن يقرأ في ركعة أخرى سورة وفي ركعة أخرى سورة فوق تلک السورة أو فعل ذلک في ركعة فهو مكروه ، وإن وقع هذا من غير قصد بأن قرأ في الركعة الأولى : ﴿قل أعوذ برب الناس﴾ يقرأ في الركعة الثانية هذه السورة أيضًا . (۲/۵۷ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها) (کفایت المفتی:۳/۴۵۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : وإن قرأ في ركعة سورة وفي الثانية ما فوقها أو فعل ذلک في ركعة فهو مكروه ، وإن وقع هذا من غير قصد بأن قرأ في الأولى بـ﴿قل أعوذ برب الناس﴾ يقرأ في الثانية هذه السورة أيضًا . (۱/۳۵۲ ، قبيل باب الإمامة)

ما في " النهر الفائق " : فإن اضطر بأن قرأ في الأولى : ﴿قل أعوذ برب الناس﴾ أعادها في الثانية إن لم يختم القرآن في ركعة . (۱/۲۳۷ ، قبيل باب الإمامة والحدث في الصلاة ، كذا في التاتارخانية : ۱/۲۸۱ ، فصل في القراءة ، نوع آخر ، حلبي كبير :ص/۳۵۵ ، كراهية الصلاة ، البحر الرائق : ۲/۵۷ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

(۲) ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : أما بلا قصد بأن قرأ في الأولى : ﴿قل أعوذ برب الناس﴾ يكررها في الثانية ، لأن التكرار أهون من القراءة منكوسًا .

(۴/۴۰، الحادي عشر في القراءة، كذا في رد المحتار: ۲/۲۶۸، باب صفة الصلاة، مطلب الاستماع للقرآن فرض كفاية) (فتاوی محمودیہ:۱۰/۴۹۹)

عورت کا جہری قرأت کرنا

مسئلہ (۶۲): بعض فقہاء کرام کے نزدیک عورت کی آواز بھی ستر ہے، اس لیے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ عورت جہری نمازوں میں جہری قرأت نہ کرے، ورنہ ان فقہاء کے قول کے مطابق اُس کی نماز فاسد ہوگی، البتہ جو نمازیں جہری قرأت کے ساتھ پڑھ چکی، اُن کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (وصوتها) معطوف على المستثنى : يعني أنه ليس بعورة. قوله: (على الراجح) عبارة " البحر " عن " الحلية " أنه الأشبه . وفي " النهر ": وهو الذي ينبغي اعتماده ، ومقابله ما في النوازل : نغمة المرأة عورة .

(۲/ ۷۲، كتاب الصلاة، مطلب في ستر العورة، كذا في البحر الرائق: ۱/ ۴۷۰/ ۴۷۱، باب شروط الصلاة ، النهر الفائق : ۱/ ۱۸۳ ، باب شروط الصلاة)

ما في " رد المحتار " : وفي " الكافي " : ولا تلبي جهرًا لأن صوتها عورة ، ومشى عليه في " المحيط " في باب الأذان . بحر . قال في " الفتح " : وعلى هذا لو قيل إذا جهرت بالقراءة في الصلاة فسدت كان متجهًا ، ولهذا منعها عليه الصلاة والسلام من التسبيح بالصوت لإعلام الإمام بسهوه إلى التصفيق ، وأقرّه البرهان الحلبي في " شرح المنية الكبير " . وكذا في " الإمداد " .

(۲/ ۷۲ ، كتاب الصلاة ، مطلب في ستر العورة) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۱/ ۶۴)

شروط الصلوة وأركانها

(نماز کی شرائط وارکان)

تعدیلِ ارکان میں کوتاہی

مسئلہ(۶۳): امام ومنفرد دونوں کے لیے بحالتِ حضر واطمینان، نمازوں میں قرأتِ مسنونہ کا لحاظ کرنا مسنون ہے (۱)، اسی طرح نماز کے ارکان کو اطمینان سے ادا کرنا واجب ہے (۲)، اطمینان کا مطلب یہ ہے کہ رکوع وسجود میں اس قدر ٹھہرا رہے کہ اعضاء کی حرکت ختم ہوکر کامل سکون پیدا ہوجائے، اور تمام اعضاء اپنی اپنی جگہ آکر ٹھہر جائیں، جس کو فقہاء کرام نے ایک تسبیح سے مقدر فرمایا ہے، یعنی ایک مرتبہ ''سبحان اللہ'' کہنے کی بقدر ٹھہرا رہے (۳)، اگر نماز میں تعدیلِ ارکان کی رعایت نہیں کی گئی، تو اس سے سجدۂ سہو واجب ہوگا، اور نہ کرنے کی وجہ سے نماز ادا نہیں ہوگی (۴)، لہٰذا امام ہو یا منفرد اُسے چاہیے کہ نماز میں قرأتِ مسنونہ اور تعدیلِ ارکان کا خوب خیال رکھے، کیوں کہ تعدیلِ ارکان میں کوتاہی ''تطفیف'' میں داخل ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو جس نے نماز میں رکوع وسجود کو جلدی جلدی ادا کیا، فرمایا: ''**لقد طففتَ**'' تو نے اللہ کے حق میں کوتاہی کردی، فاروقِ اعظم کے اِس قول کو نقل کرکے حضرت امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا: ''**لكلّ شيء وفاءٌ وتطفيفٌ**''، یعنی پورا حق دینا یا کم کرنا ہر چیز میں ہے۔ (۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' مشكوة المصابيح '' : عن سليمان بن يسار ، عن أبي هريرة : '' ما صليت=

= وراء أحد أشبه صلاة برسول الله ﷺ من فلان ، قال سليمان : صليت خلفه فكان يطيل الركعتين الأوليين من الظهر ويخفف الأخريين ويخفف العصر ، ويقرأ في المغرب بقصار المفصل ، ويقرأ في العشاء بوسط المفصل ، ويقرأ في الصبح بطوال المفصل . رواه النسائي . وروى ابن ماجه إلى ” يخفف العصر“ .

(ص/٨٠ – ٨١ ، باب في القراءة)

ما في ” رد المحتار “ : ويسنّ في الحضر لإمام ومنفرد ، ذكره الحلبي ، والناس عنه غافلون ، طوال المفصل من الحجرات إلى آخر البروج في الفجر والظهر ، ومنها إلى آخر ” لم يكن “ أوساطه في العصر والعشاء ، وباقيه قصاره في المغرب ، أي في كل ركعة سورة مما ذكر ، ذكره الحلبي ، ومقتضاه أنه لا نظر إلى مقدار معين من حيث عدد الآيات ، فيترجح على الرواية الأولى (أن السنة في الفجر حضراً أربعون آية) لتايده بالأثر الوارد عن عمر رضي الله عنه أنه كتب إلى أبي موسى الأشعري : أن اقرأ في الفجر والظهر بطوال المفصل ، وفي العصر والعشاء بأوساط المفصل ، وفي المغرب بقصار المفصل ، قال في الكافي : وهو كالمروي عن النبي ﷺ ، لأن المقادير لا تعرف إلا سماعاً ، فإن كان في السفر في حالة الضرورة بأن كان على عجلة من السير أو خائفاً من عدو أو نص يقرأ الفاتحة وأيّ سورة شاء ، وفي الحضر في حالة الضرورة بأن خاف فوت الوقت يقرأ ما لا يفوته الوقت ، بل تارةً يقتصر على أدنى ما ورد كأقصر سورة من طوال المفصل في الفجر ، أو أقصر سورة من قصاره عند ضيق وقت أو نحوه من الأعذار ، لأنه عليه السلام قرأ في الفجر بالمعوذتين لما سمع بكاء صبي خشيّة أن يشقّ على أمه .

(٢/ ٢٣٠ ، كتاب الصلاة ، مطلب السنة تكون سنة عين ، دار الكتاب ديوبند ، كذا في غنية المستملي المعروف بحلبي كبير :ص/ ٣١٢ ، باب صفة الصلاة ، مكتبه سهيل اكيڈمي لاهور) (فتاوىٰ محموديہ: ١٠/ ٤٧٥، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

(٢/٣) ما في ” عمدة القاري “ : قوله : (ما خلا القيام) .... ويعلم أن فيه مكثاً زائداً على أصل حقيقة الركوع والسجود وبين السجدتين ، وعند رفع رأسه من الركوع =

= والمكث الزائد هو الطمأنينة والاعتدال في هذه الأشياء فافهم .

(٦/٩٢ ، باب حد إتمام الركوع والاعتدال فيه والإطمأنينة)

ما في " فتح الملهم بشرح صحيح مسلم " : قوله : (قريباً من السواء) الخ ، .... وهو دال على الطمأنينة في الاعتدال وبين السجدتين لما علم من عادته من تطويل الركوع والسجود . (۳/۴۴۴ ، تحت رقم : ۱۰۵۷ [۱۹۳] بيروت ، شرح النووي على مسلم : ۳/۲۸۳ ، ۲۸۴ ، رقم الحديث : ۱۰۵۸ ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وتعديل الأركان) أي تسكين الجوارح قدر تسبيحة في الركوع والسجود ، وكذا في الرفع منهما على ما اختاره الكمال . الدر المختار . وفي الشامي : ...... وجزم بالثاني في الكنز والوقاية والملتقى ، وهو مقتضى الأدلة كما يأتي .... قوله : (وكذا في الرفع منهما) أي يجب التعديل أيضاً في القومة من الركوع والجلسة بين السجدتين ، وتضمن كلامه وجوب نفس القومة والجلسة أيضاً ، لأنه يلزم من وجوب التعديل فيهما وجوبهما . قوله : (على ما اختاره الكمال) قال في البحر : ومقتضى الدليل وجوب الطمأنينة في الأربعة: أي في الركوع والسجود وفي القومة والجلسة . اهـ .

(۲/۱۵۷ ، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة ، مطلب قد يشار إلى المثنّى بإسم الإشارة الموضوع للمفرد، بيروت ، نور الإيضاح ونجاة الأرواح :ص/۲۰۷ ، فصل في واجب الصلاة ، مكتبة كنوز العلم ، ص/٦۹ ، مكتبه بلال ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على وجوب تعديل الأركان في الصلاة ، بمعنى الطمأنينة فيها ، من ركوع وسجود وجلوس بين السجدتين ، واعتدال من الركوع ، إلا أن الحنفية قالوا بالوجوب دون الفرضية .

(۱۲/ ۲۴۱ ، تعديل ، تعديل الأركان في الصلاة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تعديل الأركان : وهو : تسكين الجوارح في الركوع والسجود حتى تطمئن مفاصله، وأدناه قدر تسبيحة ، وهو واجب في تخريج الكرخي، ووجهه أنه شرع لتكميل ركن فيكون واجباً .... قال ابن عابدين :=

....

....

....

....

= والحاصل أن الأصح رواية ودراية وجوب تعديل الأركان . (۱۲/۷۸ – ۷۹ ، كذا في تبيين الحقائق : ۱/۲۷۷ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، بيروت)

ما في ” حاشية الإصباح على نور الإيضاح “ : قوله : (والإطمئنان) وهو التعديل في الأركان بتسكين الجوارح في الركوع والسجود حتى تطمئن مفاصله في الصحيح ، ويستقر كل عضو في محله بقدر تسبيحة ، كما في القهستاني .

(ص/۲۰۷ ، مكتبة كنوز العلم ، ص/۶۹ ، مكتبه بلال ديوبند ، أشرف الإيضاح شرح نور الإيضاح :ص/۱۲۴)

(۴) ما في ” رد المحتار “ : قوله : (وتعديل الأركان) .... وفي تخريج الكرخي : واجب حتى تجب سجدتا السهو بتركه ، كذا في الهداية .

(۲/۱۵۷ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، مطلب قد يشار إلى المثنّى بإسم الإشارة الموضوع للمفرد ، بيروت)

(۵) ما في ” الموطا للإمام مالک رحمه الله تعالى “ : قال الإمام مالک رحمه الله تعالى بعد قول عمر : ” طفّفتَ “ : ويقال : ” لكلّ شيء وفاءٌ وتطفيفٌ “ .

(ص/۴ ، كتاب وقوت الصلاة ، جامع الوقوت ، مكتبة دار السلام سهارنفور ، أوجز المسالک إلى موطا مالک : ۱/۳۱۰ ، رقم الحديث : ۲۲ ، باب جامع الوقوت ، دار القلم دمشق) (معارف القرآن ''مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ'': ۸/۲۹۴)

باب صفة الصلوة

(نماز کا طریقہ)

تشہد میں ''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' کا اضافہ

مسئلہ(۶۴): بعض لوگ تشہد (التحیات) میں ''اشہد أن لا إلہ إلا اللہ'' کے بعد ''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' بھی پڑھتے ہیں، گرچہ ''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' کے الفاظ بعض روایات میں وارد ہیں(۱)، لیکن حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ الفاظ نہیں ملتے(۲)، جب کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اسی روایت کو اختیار فرمایا ہے(۳)، اس لیے ''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' کا نہ پڑھنا ہی اولیٰ ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في '' السنن لأبي داود '' : عن ابن عمر رضي الله عنهما عن رسول الله ﷺ في التشهد : '' التحيّات لله الصلوات الطيبات السلام عليک أيها النبي ورحمة الله وبركاته '' . قال : قال ابن عمر رضي الله عنهما : زدت فيها : '' وبركاته السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين ، أشهد أن لا إله إلا الله '' . قال ابن عمر رضي الله عنهما : زدت فيها : '' وحده لا شريک له ، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله '' .

(ص/١٣٩ ، كتاب الصلاة ، أبواب تفريع استفتاح الصلاة بعد التشهد ، السنن للنسائي : ١/١٥٧ ، كتاب الصلاة ، باب الإشارة بالأصبع في التشهد الأول)

(٢) ما في '' صحيح البخاري '' : عن شقيق بن سلمة قال : قال عبد الله رضي الله عنه: كنا إذا صلينا خلف النبي ﷺ قلنا : '' السلام على جبرئيل وميكائيل ، السلام على فلان وفلان '' . فالتفت إلينا رسول الله ﷺ فقال : '' إن الله هو السلام ، فإذا صلى=

أحكام المسبوق

(مسبوق کے احکام)

مسبوق کو مسبوقیت یاد نہ رہی

مسئلہ (٦٥): کوئی شخص نماز میں مسبوق ہو، یعنی اُس کی کوئی رکعت چھوٹ گئی ہو، مگر اُسے اپنی مسبوقیت یاد نہیں رہی، جس وقت امام نے سلام پھیرا تو ساتھ ساتھ اُس نے بھی سلام پھیرلیا، اب اُس کے پہلو میں نماز پڑھنے والے شخص نے اُس سے کہا کہ آپ کی ایک رکعت باقی ہے، اگر یہ مسبوق اس کے کہنے

= أحدكم فليقل : التحيات لله والصلوات والطيبات ، السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته ، السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين، فإنكم إذا قلتموها أصابت كل عبد الله صالحٍ في السماء والأرض ، أشهد أن لا إله إلا الله وأشهد أن محمداً عبده ورسوله " .

(١/١١٥ ، كتاب الأذان ، باب التشهد في الآخرة ، السنن لأبي داود :ص/١٤٠ ، كتاب الصلاة ، باب التشهد ، السنن للترمذي : ١/٦٥ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء في التشهد)

(٣) ما في " البحر الرائق " : وقرأ تشهد ابن مسعود وهو ما رواه أصحاب الكتب الستة . (١/٥٦٥ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويقرأ تشهد ابن مسعود وجوباً كما بحثه في البحر ، لكن كلام غيره يفيد ندبه ، وجزم شيخ الإسلام بأن الخلاف في الأفضلية . الدر المختار . قال الشامي : (كما بحثه في البحر) حيث قال : ثم وقع لبعض الشارحين أنه قال : والأخذ بتشهد ابن مسعود أولى ، فيفيد أن الخلاف في الأولوية .

(٢/٢١٨ ،كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة) (فتاویٰ محمودیہ:٥/٦٣٢)

پر کھڑا ہوا، تو اس کی نماز فاسد ہوگی، اُسے دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی، اور اگر کہنے والے کے کہنے سے یاد آیا اور پھر کھڑا ہوا، تو نماز فاسد نہیں ہوگی (۱)، البتہ امام کے ساتھ سلام پھیرنے کی وجہ سے اُس پر سجدۂ سہو لازم ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قلت : والذي ينبغي أن يقال : إن حصل التذكّر بسبب الفتح تفسد مطلقًا ، أي سواء شرع في التلاوة قبل تمام الفتح أو بعده لوجود التعليم ، وإن حصل تذكّره من نفسه لا بسبب الفتح لا تفسد مطلقًا ، وكون الظاهر أنه حصل بالفتح لا يؤثر بعد تحقق أنه من نفسه ، لأن ذلک من أمور الديانة لا القضاء حتى يبنى على الظاهر . (۲/ ۳۲۹ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب المواضع التي لا يجب فيها ردّ السلام)

ما في " خلاصة الفتاوى " : ولو فتح على المصلي رجل ليس في الصلاة فأخذ المصلي بفتحة تفسد صلاته . (۱/ ۱۲۱ ، الفصل الثالث عشر فيما يفسد الصلاة وما لا يفسد ، كذا في الهندية : ۱/ ۹۹ ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية : ۱/ ۱۳۷ ، فصل فيما يفسد الصلاة)

(۲) ما في " رد المحتار " : قوله : (والمسبوق يسجد مع إمامه) قيد بالسجود لأنه لا يتابعه في السلام .... فإن سلم ، فإن كان عامدًا فسدت وإلا لا . ولا سجود عليه إن سلم سهوًا قبل الإمام أو معه ، وإن سلم بعده لزمه لكونه منفردًا حينئذٍ ، وأراد بالمعية المقارنة ، وهو نادر الوقوع كما في " شرح المنية " . (۲/ ۴۷۷ ، باب سجود السهو)

ما في " بدائع الصنائع " : وهل يلزمه سجود السهو لأجل سلامه ، ينظر إن سلم قبل تسليم الإمام أو سلما معًا لا يلزمه ، لأن سهوه سهو المقتدي ، وسهو المقتدي متعطل ، وإن سلم بعد تسليم الإمام لزمه ، لأن سهوه سهو المنفرد ، فيقضي ما فاته ، ثم يسجد للسهو في آخر صلاته . (۱/ ۴۲۲ ، فصل في بيان من يجب عليه سجود السهو ومن لا يجب عليه) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۱/ ۵۱)

مکروهات الصلوة ومفسداتها

(مکروہات ومفسداتِ نماز)

عمل کثیر کسے کہتے ہیں؟

مسئلہ (٦٦): عملِ کثیر نمازی کے اس عمل کو کہا جاتا ہے جو اصلاحِ صلوۃ کے لیے نہ ہو، اور اعمالِ صلوۃ میں سے بھی نہ ہو، اور اس کو اس انداز سے کیا جائے کہ اچانک دیکھنے والا یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز میں نہیں ہے، ایسے عمل سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، بہت سے لوگوں سے نماز میں عملِ کثیر سرزد ہوتا ہے (١)، جس کی وجہ سے ان کی نماز فاسد ہو جاتی ہے، مگر عملِ کثیر کی یہ تعریف معلوم نہ ہونے کی وجہ سے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی نماز ہوگئی، اس لیے نماز میں خوب اطمینان وسکون سے کھڑا ہونا چاہیے۔ (٢)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " الفتاوى الهندية " : (الأول) أن ما يقام باليدين عادة كثيرٌ ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص وشدّ السراويل ، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، وإن فعل بيدين كنزع القميص وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام . هكذا في التبيين .

(١/١٠١ – ١٠٢ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، تبيين الحقائق : ١/٢١۴ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " رد المحتار " : (و) يفسدها (كل عمل كثير) ليس من أعمالها ولا لإصلاحها ، وفيه أقوال خمسة : أصحها (ما لا يشكّ) بسببه (الناظر) من بعيد (في فاعله أنه ليس=

....

....

....

= فيها) . التنوير وشرحه . قال الشامي : القول الثاني : أن ما يعمل عادة باليدين كثيرٌ، وإن عمل بواحدة كالتعمّم وشدّ السراويل ، وما عمل بواحدة قليلٌ ، وإن عمل بها كحلّ السراويل ولبس القلنسوة ونزعها إلا إذا تكرّر ثلاثاً متواليةً . اهـ.

(٢/٣٣٢ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره)

ما في " البحر الرائق " : إذا رآه على هذا العمل وتيقن أنه ليس في الصلاة فهو عمل كثير ، وإن شك فهو قليل ، ثانيها أن ما يقام باليدين عادة كثير ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص ، وشد السراويل، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، ولو فعله باليدين كنزع القميص، وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام ، وما أشبه ذلک . (٢/٢٠ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، ط : دار الكتاب ديوبند) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۲۵۶۹)

(٢) ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : (يكره للمصلي سبعة وسبعون شيئًا) .... (كعبثه بثوبه وبدنه) لأنه ينافي الخشوع الذي هو روح الصلاة ، فكان مكروهاً ، لقوله تعالى : ﴿قد أفلح المؤمنون الذين هم في صلوتهم خاشعون﴾ قوله ﷺ : " إن الله تعالى كره لكم العبث في الصلاة ، والرفث في الصيام، والضحک عند المقابر". ورأى عليه الصلاة والسلام رجلا بعث بلحيته في الصلاة فقال : لو خشع قلبه لخشعت جوارحه ، والعبث عمل لا فائدة فيه ، ولا حكمة تقتضيه، والمراد بالعبث هنا فعل ما ليس من أفعال الصلاة ، لأنه ينافيها . " مراقي " . وفي الطحطاوي : قوله : (لأنه ينافي الخشوع الخ) الخشوع حضور القلب ، وتسكين الجوارح والمحافظة على الأركان . " قهستاني " .

(ص/٣٤٥ ، كتاب الصلاة ، فصل في المكروهات)

نماز میں کھجلانا

مسئلہ (۶۷): اگر کسی شخص نے نماز کے کسی ایک رکن میں تین مرتبہ کھجلایا، اور کھجلانے کے لیے ہر مرتبہ ہاتھ اٹھایا، تو نماز فاسد ہوجائے گی، اور اگر ہر مرتبہ علیحدہ سے ہاتھ نہ اٹھایا، بلکہ ایک ہی دفعہ ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ کھجلایا، تو نماز فاسد نہ ہوگی، اور اگر کھجلانا ایک مرتبہ ہو تو یہ مکروہ ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهندية " : إذا حكّ ثلاثاً في ركن واحد تفسد صلاته ، هذا إذا رفع يده في كل مرة، أما إذا لم يرفع في كل مرة فلا تفسد ، ولو كان الحكّ مرة واحدة يكره.
(۱/۱۰۴ ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " حلبي كبير " : ولو حكّ المصلي جسده مرة أو مرتين متواليتين لا تفسد صلاته للقلة ، وكذا لا تفسد إذا فعل ذلك الحكّ مراراً غير متواليات بأن لم تكن في ركن واحد ، ولو فعل ذلك مراراً متواليات أي في ركن واحد تفسد صلاته ، لأنه كثير ، هذا إذا رفع يده في كل مرة ، أما إذا لم يرفع يده في كل مرة فلا تفسد لأنه حكّ واحد . (ص/۴۴۸ ، مفسدات الصلاة)

ما في " رد المحتار " : الحكّ بيد واحدة في ركن ثلاث مرات يفسد الصلاة إن رفع يده في كل مرة . (۲/۴۰۷ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، قبيل مطلب في الخشوع)

ما في " فتح القدير " : ومن الفروع المؤسسة .... أو حكّ ثلاثاً في ركن يرفع يده كل مرة ..... تفسد .

(۱/۴۱۳ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره) (فتاویٰ محمودیہ:۶/۶۰۲)

گیس ہیٹر سامنے رکھ کر نماز پڑھنا

مسئلہ (۶۸): بعض علاقے انتہائی سرد ہوتے ہیں، ان میں سردی سے بچنے کے لیے مختلف چیزیں استعمال کی جاتی ہیں، ان میں سے ایک گیس ہیٹر بھی ہے، جو مکان، دکان اور مساجد وغیرہ میں نصب کیے جاتے ہیں، ان گیس ہیٹروں کی پلیٹوں پر انگاروں کی شکل بنی ہوتی ہے، جب ہیٹر جلتے ہیں تو وہ انگاروں کی طرح بھڑکتے نظر آتے ہیں، اس طرح کے ہیٹر سامنے رکھ کر نماز جائز تو ہے، مگر آتش پرستوں کی مشابہت سے بچنے کے لیے ان کو اطرافِ مسجد یا سجدہ کی جگہ سے اونچا کر کے نصب کرنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : قوله : (أو شمع أو سراج) لأنهما لا يعبدان والكراهة باعتبارها ، وإنما يعبدها المجوس إذا كانت في الكانون وفيها الجمر أو في التنور فلا يكره التوجه إليها على غير هذا الوجه . (۵۶/۲ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " السنن لأبي داود " : عن ابن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبّه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (فهو منهم) أي في الإثم والخير ، قال الطيبي : هذا عام في الخلق والخلق والشعار ، ولما كان الشعار أظهر في الشبه ذكر في هذا الباب ، قلت : بل الشعار هو المراد بالتشبه لا غير . (۲۲۲/۸ ، كتاب اللباس) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۱۰۹۸)

نمازی کو سہو سے آگاہ کرنا

مسئلہ (٦٩): اگر کسی شخص کو نماز کی حالت میں اپنے برابر یا قریب کے کسی دوسرے نمازی کا سہو معلوم ہو جائے، جو خود اُسے معلوم نہ ہوا ہو، مثلاً وہ چار کی بجائے تین یا پانچ رکعتیں پڑھ لے، تو نماز سے فراغت کے بعد اُس کو آگاہ کردینا ضروری ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " إن أحدكم مرآة أخيه ، فإن رأى به أذى فليُمط عنه " . رواه الترمذي وضعّفه .

(ص/۴۲۴ ، كتاب الآداب ، باب الشفقة والرحمة على الخلق ، الفصل الثاني ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : فإن رأى به أذى أي عيبًا مما يؤذيه أو يؤذي غيره فليُمط عنه أي عن أخيه إما بإعلامه حتى يتركه أو بالدعاء له حتى يرفع عنه .

(۹/۱۹۵ ، تحت رقم : ۴۹۸۵)

ما في " حاشية المشكوة " : قوله ﷺ : (المؤمن مرآة المؤمن) أي يريه ما فيه من العيوب بإعلامه بها كالمرآة ترى كل ما في وجه الشخص ولو كان أدنى شيء ، فالمؤمن يطلع على عيوبه بإعلام من آخر كما يطلع على قبائح وجهه بالنظر في المرآة فينبغي للمؤمن أن يميط الأذى والعيب عنه ويشتغل بإصلاح حاله بأي وجه .

(ص/۴۲۴) (فتاویٰ محمودیہ:۱۲/۱۵۶)

غیر نمازی کا نمازی کے سر پر ٹوپی رکھنا

مسئلہ(۷۰): اگر نماز پڑھتے ہوئے کسی نمازی کی ٹوپی سر سے اُتر جائے، اور کوئی دوسرا غیر نمازی شخص اُس کے سر پر ٹوپی اٹھا کر رکھنا چاہے، تو رکھ سکتا ہے، اسی طرح نمازی معمولی ہاتھ کی حرکت سے خود بھی رکھ سکتا ہے، اور اگر ٹوپی سر پر نہ رکھی اور بغیر ٹوپی کے نماز پڑھ لی، تب بھی نماز ہو جائے گی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولو سقطت قلنسوته فإعادتها أفضل ، إلا إذا احتاجت لتكوير أو عمل كثير .

(٣٥١/٢ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الخشوع)

ما في " حلبي كبير " : ذكر في فتاوى الحجة ان رفع القلنسوة أو العمامة بعمل قليل إذ سقطت أفضل من الصلاة مع كشف الرأس . (ص/٤٤٣ ، مفسدات الصلاة)

ما في " الفتاوى الهندية " : أن ما يقام باليدين عادة كثير وإن فعله بيد واحدة ..... وما يقام بيد واحدة قليل، وإن فعل بيدين كنزع القميص وحل السراويل ولبس القلنسوة ونزعها ونزع اللجام . هكذا في التبيين . وكل ما يقام بيد واحدة فهو يسير ما لم يتكرر . كذا في فتاوى قاضيخان .

(١٠٢/١ ، النوع الثاني في الأفعال المفسدة للصلاة ، البحر الرائق : ٢٠/٢ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها) (فتاویٰ محمودیہ: ٨٤/١١)

لاؤڈ اسپیکر پر نماز باجماعت

مسئلہ (۷۱): اعلیٰ بات یہ ہے کہ نماز باجماعت سادہ طریقے پر سنت کے مطابق (بغیر لاؤڈ اسپیکر کے) ادا کی جائے، مجمع زیادہ ہو اور تکبیراتِ انتقالاتِ امام کی آواز سب تک نہ پہنچ سکے، تو مکبروں کا انتظام کیا جائے، ان کے لیے جگہ اور صف متعین کردی جائے، تاکہ تمام مصلیوں تک آواز پہنچ سکے، قرأتِ امام کی آواز سب تک پہنچنا ضروری نہیں ہے۔

نیز لاؤڈ اسپیکر کے خراب وغیرہ ہوجانے کی صورت میں بعض مفاسد بھی سامنے آتے ہیں، لیکن اگر مجمع کی کثرت کی وجہ سے لاؤڈ اسپیکر کے بغیر زیادہ انتشار ہونے کا اندیشہ ہو، تو وہاں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال یقیناً مناسب اور بہتر ہوگا، اور نماز کے بلاشبہ درست ہوجانے میں کوئی شبہ نہیں، کیوں کہ مائک سے جو آواز نکلتی ہے وہ متکلم کی آواز ہے، مائک اُسے محض بلند کرتا ہے، اکثر ماہرینِ فن کا اس پر اتفاق ہے، مگر اس صورت میں یہ باتیں ملحوظ رہنی چاہیے کہ لاؤڈ اسپیکر اعلیٰ قسم کا ہو کہ امام کو اس کی طرف منہ کرنے کی ضرورت نہ ہو، کہ توجہ الیٰ غیر اللہ مقصودِ صلوۃ کے منافی ہے، مکبرین کا مکمل انتظام ہو، تاکہ لاؤڈ اسپیکر فیل ہوجائے تو نماز میں گڑبڑ نہ ہو۔ (۱)

---

(۱) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۱/ ۱۶۸، فتاویٰ عثمانی: ۱/ ۵۵۸، امداد الفتاویٰ: ۱/ ۶۷۰، جواہر الفقہ: ۵/ ۹۹)

نمازی کے سامنے سے کھسکنا

مسئلہ (۷۲): اگر کوئی شخص عین کسی کے پیچھے نماز کی نیت باندھ کر کھڑا ہو جائے، تو اگلا شخص اپنی ضرورت کے لیے وہاں سے کھسک سکتا ہے، اور یہ کھسکنا ممنوع مرور میں داخل نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة ذكر عندها ما يقطع الصلاة الكلب والحمار والمرأة فقالت : " شَبَّهْتُمُوْنَا بالحُمُر والكلاب ، والله لقد رأيتُ النبي ﷺ يصلي وأني على السرير بينه وبين القبلة مضطجعة فتبدو لي الحاجة فأكره أن أجلس فأوذي النبي ﷺ فانسَلُّ من عند رجليه".

(۱/۷۳ ، كتاب الصلاة ، باب من قال لا يقطع الصلاة شيء)

ما في " رد المحتار " : المرور بين يدي المصلي ، فإن كان معه شيء يضعه بين يديه ثم يمرّ ويأخذه، ولو مر إثنان يقوم أحدهما أمامه ويمر الآخر ويفعل الآخر هكذا ويمرّان.

(۲/۳۴۵ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب إذا قرأ قوله تعالى جدك بدون ألف لا تفسد)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو مر إثنان يقوم أحدهما أمامه ويمرّ الآخر ويفعل الآخر هكذا ويمرّان كذا في القنية . (۱/۱۰۴ ، النوع الثاني في الأفعال المفسدة للصلاة)

ما في " السنن للنسائي " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : " كنتُ بين يدي رسول الله ﷺ وهو يصلي فإذا أردت أن أقوم كرهتُ أن أقوم فأمرّ بين يديه انسللتُ انسلالا " .

(۱/۸۷ ، كتاب القبلة ، ذكر ما يقطع الصلاة وما لا يقطع إذا لم يكن بين يديه المصلي سترة)

آئینہ اور ٹائلس کے سامنے نماز

مسئلہ (۷۳): اگر نمازی کے سامنے آئینہ ہو، یا ایسی ٹائلس ہو، جس میں نمازی کو اپنا عکس نظر آرہا ہو، جو اس کے لیے مخل خشوع اور دل کی مشغولی کا باعث ہو، تو اس صورت میں اس کی نماز مکروہِ تنزیہی ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وتكره بحضرة كل ما يشغل البال كزينة وبحضرة ما يخل بالخشوع كلَهْوٍ ولعب .

(ص/۳۶۰ ، فصل في المكروهات)

ما في " رد المحتار " : تتمة : بقي من المكروهات أشياء آخر ذكرها في المنية ونور الإيضاح وغيرهما : منها : الصلاة بحضرة ما يشغل البال ويخلّ بالخشوع كزينة ولهو ولعب ..... قوله : (لأنه يلهي المصلي) أي فيخلّ بخشوعه من النظر إلى موضع سجوده ونحوه ، وقد صرّح في البدائع في مستجاب الصلاة أنه ينبغي الخشوع فيها ، ويكون منتهى بصره إلى موضع سجوده . اهـ . وكذا صرّح في الأشباه أن الخشوع في الصلاة مستحب ، والظاهر من هذا أن الكراهة هنا تنزيهية . فافهم .

(۲/۴۲۵-۴۳۱ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في بيان السنة والمستحب والمندوب والمكروه وخلاف الأولى ، ومطلب كلة لا بأس دليل على المستحب غيره الخ)

ما في " البحر الرائق " : أما نقشه فهو مكروه لأنه يلهي المصلي كما في فتح القدير وغيره . (۲/۶۵ ، قبيل باب الوتر والنوافل) (خیر الفتاویٰ: ۲/۴۳۱، فتاویٰ محمودیہ: ۱۱/۸۹، میرٹھ)

نماز کی ترکیب تصویروں کے ساتھ

مسئلہ (۴۷): بعض لوگ نماز کی صحیح ترکیب ذہن نشین کرانے کے لیے، نماز کا پورا مسنون طریقہ تصویروں کے ساتھ شائع کرتے ہیں، جس میں قیام، رکوع، سجدہ اور قعدہ وغیرہ کی مسنون ہیئت بنی ہوتی ہے، اگر یہ تصویریں بغیر سر کی، صرف گردن تک بنائی جائیں، تو جائز ہیں، کیوں کہ وہ تصویر کے حکم میں نہیں ہیں (۱)، اور اگر یہ تصویریں سر کے ساتھ بنائی جائیں، تو جائز نہیں ہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : إذا كانت الصورة مجسمة كانت أو مسطحة مقطوعة عضو لا تبقى الحياة معه ، فإن استعمل الصورة حينئذ جائز ، وهذا قول جماهير العلماء من الحنفية والمالكية والشافعية والحنابلة ، والحجة لذلک ما مرّ أن جبرئيل عليه السلام قال للنبي ﷺ : " مر برأس التمثال فليقطع ، حتى يكون كهيئة الشجرة " . وفي رواية أنه قال : " إن في البيت ستراً ، وفي الحائط تماثيل ، فاقطعوا رؤوسها " . (۱۲/۱۱۷)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : قال رسول الله ﷺ : " إن أشدّ الناس عذاباً عند الله المصورون " . (۸۸۰/۲ ، كتاب اللباس)

ما في " رد المحتار " : وظاهر كلام النووي في شرح مسلم : الإجماع على تحريم تصوير الحيوان ، وقال : وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى . (۲/۳۶۰ ، كتاب الصلاة ، باب مكروهات الصلاة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يحرم تصوير ذوات الأرواح مطلقاً ، أي سواء أكان للصورة ظلّ أو لم يكن ، وهو مذهب الحنفية والشافعية والحنابلة . (۱۲/۱۰۳)

(کفایت المفتی: ۹/ ۲۳۸، جدید مسائل کا حل: ص/ ۴۶۶)

غیر مقتدی کا لقمہ لینا

مسئلہ (۷۵): اگر کوئی غیر نمازی کسی امام کو لقمہ دے، اور امام لقمہ نہ لے مگر کوئی مقتدی اس لقمہ کو لیکر امام کو دے، اور امام وہ لقمہ لے لے تو اس صورت میں بھی سب کی نماز فاسد ہو جاتی ہے، کیوں کہ مقتدی نے جب غیر نمازی کا لقمہ لیا تو اس کی نماز فاسد ہوگئی، اور وہ نماز سے نکل گیا، اور جب امام نے اس کا لقمہ لیا، تو یہ مقتدی اس وقت نماز سے نکل چکا تھا، لہٰذا غیر نمازی کا لقمہ لینے کی وجہ سے امام اور تمام مقتدیوں کی بھی نماز فاسد ہو جائے گی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : إلا إذا سمعه المؤتم من غير مصلّ ففتح به تفسد صلاة الكل . الدر المختار . قال الشامي : قوله : (إلا إذا سمعه المؤتم الخ) في البحر عن القنية : ولو سمعه المؤتم ممن ليس في الصلاة ففتح به على إمامه يجب أن تبطل صلاة الكل ، لأن التلقين من خارج ، وأقرّه في النهر ووجهه أن المؤتم لما تلقن من خارج بطلت صلاته ، فإذا فتح على إمامه وأخذ منه بطلت صلاته .

(۳۲۹/۲ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب المواضع التي لا يجب فيها ردّ السلام ، النهر الفائق : ۲۶۹/۱ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، البحر الرائق : ۱۱/۲ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

فصل في السنن والنوافل

(سنن ونوافل کے مسائل)

اشراق وچاشت کے متعلق تحقیق

مسئله (۷٦): فقہاء کرام اور محدثین عظام کے ظاہری اقوال کے تتبّع سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اِشراق وچاشت دو الگ الگ نمازیں نہیں، بلکہ دونوں ایک ہی ہیں (۱)، البتہ بعض علماء کے نزدیک اِشراق وچاشت دو الگ الگ نمازیں ہیں، ماضی قریب کے مستند حنفی عالم، محدث وفقیہ، علامہ ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے بھی نمازِ اشراق وچاشت کو دو علیحدہ نمازوں کے طور پر ذکر کیا ہے (۲)، اور دونوں کی فضیلتوں پر بھی روشنی ڈالی ہے (۳)، شارحِ ترمذی علامہ سراج احمد کی بھی یہی رائے ہے، بلکہ انہوں نے علامہ سیوطی رحمہ اللہ کے حوالہ سے ایک ایسی حدیث کی بھی تخریج کی ہے، جس میں نمازِ اشراق کا تذکرہ ہے۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : بتتبّع ظاهر أقوال الفقهاء والمحدثين يتبين أن صلاة الضحى وصلاة الإشراق واحدة ، إذا كلهم ذكروا وقتها من بعد الطلوع إلى الزوال ، ولم يفصلوا بينهما ، وقيل : إن صلاة الإشراق غير صلاة الضحى .

(۲۷/ ۲۲۲ ، صلاة الإشراق)

(۲/۳/۴) ما في " اعلاء السنن " : عن أبي الدرداء - رضي الله عنه - وعن أبي ذر - رضي الله عنه - عن رسول الله ﷺ ، عن الله تبارک وتعالى أنه قال کـ " يا ابن آدم ! لا تعجزني من أربع ركعات من أول النهار أكفك آخره " . رواه الترمذي ، وقال : =

= حديث حسن غريب .... قوله : " عن أبي الدرداء الخ " . قال المؤلف : الحديث يدل على فضل الأربع في أول النهار وهو صلاة الإشراق .... فقد قال العلامة سراج أحمد في شرح الترمذي له : إن المتعارف في أول النهار صلاتان : الأولى بعد طلوع الشمس وارتفاعها قدر رمح أو رمحين ، ويقال لها : صلاة الإشراق ، والثانية عند ارتفاع الشمس قدر ربع النهار إلى ما قبل الزوال ، ويقال لها : صلاة الضحى ، واسم الضحى في كثير من الأحاديث شامل لكليهما ، وقد ورد في بعضها لفظ الإشراق أيضاً ، فقد أخرج السيوطي عن أم هانئ أن رسول الله ﷺ قال لها : " يا أم هانئ ! هذه صلاة الإشراق " . وعزاه إلى الطبراني ، وبالجملة فقد ورد إطلاق الإشراق والضحى على كل من الصلاتين ، وبعضهم يطلقون على الأولى الضحوة الصُغرى ، وعلى الثانية الضحوة الكُبرى اهـ . وقد ورد حديث في " سنن الترمذي" : دال على التغاير بين صلاة الإشراق والضحى ، وهو ما رواه عن علي - رضي الله عنه - : " كان رسول الله ﷺ إذا كانت الشمس من ههنا كهيئتها من ههنا عند العصر صلى ركعتين ، وإذا كانت الشمس من ههنا . الحديث " . قال أبو عيسى : حديث حسن اهـ . ولفظ النسائي : " كان نبي الله ﷺ إذا زالت الشمس من مطلعها قدر رمح أو رمحين كفدر صلا ة العصر من مغربها صلى ركعتين ، ثم أمهل حتى إذا ارتفع الضحى صلى أربع ركعات " . كذا في تخريج الإحياء للعراقي .

(۷/۳۲ – ۳۳ ، تحت رقم الحديث : ۱۷۷۶ ، بيروت)

ما في " اعلاء السنن " : عن أنس بن مالک – رضي الله عنه – قال : قال رسول الله ﷺ : "من صلى الصبح في جماعة ثم قعد يذكر الله ، حتى تطلع الشمس ، ثم صلى ركعتين كانت له كأجر حجة وعمرة ، قال : قال رسول الله ﷺ : تامة تامة " . رواه الترمذي ، وقال : حديث حسن غريب ، ورواه الطبراني عن أبي أمامة - رضي الله عنه - مرفوعاً بمعناه، وإسناده جيد ، هذا كله من الترغيب .

(۷/۳۳/۳۴ ، رقم الحديث : ۱۷۷۷)

علامہ علاء الدین علی متقی رحمہ اللہ مرتب ”کنز العمال“ کی بھی یہی رائے معلوم ہوتی ہے، چنانچہ انہوں نے اپنی عظیم شاہکار تصنیف ”کنز العمال“ میں اشراق وچاشت کی نمازوں کا الگ الگ باب کے تحت تذکرہ کیا ہے(۵)، اس لیے اگر کوئی شخص اشراق وچاشت کی دو دو رکعتیں پڑھے، تو یہ بھی درست ہے، البتہ چاشت کی نماز چار رکعت پڑھنا بہتر ہے۔(۶)

---

(۵) ما في ” کنز العمال “ : ” أمرتُ برکعتي الضحی ولم تؤمروا بها ، وأمرتُ بالأضحی ولم تُکتب “ . (حم عن ابن عباس) وفیه أیضًا : ” إن الله تعالی یقول : یا ابن آدم اکفني أول النهار أربعَ رکعات أکفک بهنّ آخر یومک “ . (حم عن عقبة بن عامر) . (۷/ ۳۳۱ ، کتاب الصلاة ، قسم الأقوال ، الفرع الثالث في صلاة الضحی ، رقم الحدیث : ۲۱۴۸۲ – ۲۱۴۸۳ ، بیروت)

وما في ” کنز العمال “ : ” من صلی الفجرَ في جماعة ثم قعد یذکر الله تعالی حتی تطلع الشمسُ ، ثم صلی رکعتین کانت له کأجر حجة وعمرة تامة تامة “ . (ت عن ابن عباس) .

(۷/۳۳۳ ، رقم الحدیث : ۲۱۵۰۴ ، کتاب الصلاة ، قسم الأقوال ، صلاة الإشراق)

(۶) (فتاویٰ عثمانی: ۱/۴۳۴)

سنتوں کے بعد باتیں کرنا

مسئلہ (۷۷): بعض لوگ اذان کے فوراً بعد مسجد آجاتے ہیں، جو یقیناً بڑی اچھی بات ہے، لیکن وہ سنت سے فارغ ہوکر اِدھراُدھر کی باتیں کرتے بیٹھتے ہیں، اس سے پڑھی ہوئی سنتیں باطل تو نہیں ہوتیں کہ ان کا اعادہ لازم ہو، مگر ثواب باطل ہوجاتا ہے، اس لیے سنتوں کے ثواب کو بچانے کے لیے خاموش بیٹھے رہنا، یا ذکر وتسبیح اور تلاوت میں ہی مشغول رہنا چاہیے، ورنہ ثواب باطل ہوجائے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى ابن نجيم الحنفي " : سئل عمن يتكلم بين السنة وبين الفرض هل تبطل السنة ويلزمه إعادتها ؟ أجاب : لا تبطل ، ولكن يبطل ثوابها ولا يلزمه إعادتها .
(ص/ ۹ ، كتاب الصلاة)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : ولو تكلم بين السنة والفرض لا يسقطها ولكن ينقص ثوابها وقيل : تسقط . (۲/ ۴۲۱ ، باب الوتر والنوافل ، مطلب في تحية المسجد)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۵/ ۱۳۶)

فصل في سجدة السهو

(سجدۂ سہو کے مسائل)

نماز میں تکبیراتِ انتقال کا چھوٹ جانا

مسئلہ (۷۸): اگرامام بھول کی وجہ سے رکوع یا سجدہ میں جانے کی تکبیر جہراً کہنے کی بجائے سراً کہہ کر رکوع یا سجدہ میں چلا جائے، تو اِس سے سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا، کیوں کہ امام کا تکبیراتِ انتقال کو بآوازِ بلند کہنا سنت ہے، اور ترکِ سنت سے سجدۂ سہو لازم نہیں ہوتا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (وسننها) ترک السنة لا يوجب فساداً ولا سهواً .... وجهر الإمام بالتكبير بقدر حاجته للإعلام بالدخول والانتقال .

(۲/ ۱۷۱ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة)

ما في " مراقي الفلاح " : ويسنّ جهر الإمام بالتكبير والتسميع لحاجته إلى الإعلام بالشروع والإنتقال . (ص/ ۹۵ ، كتاب الصلاة ، فصل في بيان سننها)

ما في " حلبي كبير " : جهر الإمام بالتكبير مطلقاً .

(ص/ ۳۸۲ ، كتاب الصلاة ، فصل في سنن الصلاة)

(امدادالفتاویٰ: ۱/ ۱۸۷)

فصل في سجدة التلاوة

(سجدۂ تلاوت کے مسائل)

بچہ یا بچی پر سجدۂ تلاوت

مسئلہ(۷۹): اگر بچہ یا بچی آیتِ سجدہ کی تلاوت کرے، یا کسی دوسرے سے آیتِ سجدہ کو سن لے، تو ان پر سجدۂ تلاوت کا ادا کرنا ضروری نہیں ہے، کیوں کہ سجدۂ تلاوت کے واجب ہونے کے لیے اہلیتِ سجدہ ضروری ہے، اور بچہ یا بچی میں اس کی اہلیت نہیں ہے، لیکن اگر کوئی عاقل بالغ شخص آیتِ سجدہ کو کسی بچہ یا بچی سے سنے تو وجوبِ سجدہ میں یہ تفصیل ہے کہ اگر یہ بچہ یا بچی سنِ شعور وتمیز کو پہنچ گئے ہیں، تو اس سننے والے شخص پر سجدۂ تلاوت واجب ہوگا، ورنہ نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : قوله : (وصبي مميز) في الفتح : ذكر شيخ الإسلام أنها لا تجب بالسماع من مجنون ، أو نائم ، لأن السبب سماع تلاوة صحيحة ، وصحتها بالتمييز ، ولم يوجد اهـ . قال : وهذا التعليل يفيد التفصيل في الصبي إن كان له تمييز وجب بالسماع منه وإلا فلا ، فليكن هو المعتبر اهـ .

(ص/۴۸۴ ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، مكتبة شيخ الهند بديوبند)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (فلا تجب على كافر وصبي ومجنون وحائض ونفساء ، قرؤوا أو سمعوا) لأنهم ليسوا أهلا لها (وتجب بتلاوتهم) . الدر المختار مع التنوير . وفي الشامية : قوله : (وتجب بتلاوتهم) أي وتجب على من سمعهم بسبب تلاوتهم .... قال في الفتح : لكن ذكر شيخ الإسلام أنه لا يجب بالسماع من =

استاذ پر سجدۂ تلاوت

مسئلہ (۸۰): کوئی استاذ مختلف بچوں سے ایک ہی آیتِ سجدہ، ایک ہی مجلس میں سنے، تو استاذ پر ایک ہی سجدہ واجب ہوگا، اور اگر ایک ہی مجلس میں مختلف آیاتِ سجدہ سنے، تو جتنی آیاتِ سجدہ سنی اتنے سجدے واجب ہوں گے، اور اگر مجلس بدل جائے، تو جتنی مجلسیں ہوں اتنے سجدے واجب ہوں گے۔ (۱)

= مجنون أو نائم أو طير ، لأن السبب سماع تلاوة صحيحة وصحتها بالتمييز ، ولم يوجد ، وهذا التعليل يفيد التفصيل في الصبي فليكن هو المعتبر إن كان مميزًا وجب بالسماع منه ، وإلا فلا اهـ . واستحسنه في الحلية .

(۲/ ۵۸۱ ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، بيروت)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : ولو كررها في مجلسين تكررت ، وفي مجلس واحد لا تتكرر بل كفته واحدة .... والأصل أن مبناها على التداخل دفعًا للحرج بشرط اتحاد الآية والمجلس . الدر مع التنوير . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (دفعًا للحرج) لأن في إيجاب السجدة لكل تلاوة حرجًا خصوصًا للمعلّمين والمتعلّمين ، وهو منفي بالنص . بحر. قوله: (بشرط اتحاد الآية والمجلس) أي بأن يكون المكرر آية واحدة ، فلو تلا آيتين في مجلس واحد أو آية واحدة في مجلسين فلا تداخل .

(۲/۵۱۵ ، ۵۱۶ ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، البحر الرائق : ۲/ ۲۲۰ ، باب سجود التلاوة ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۱۳۴ ، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة)

ما في " بدائع الصنائع " : والأصل أن السجدة لا يتكرر وجوبها إلا بأحد أمور ثلاثة : اما اختلاف المجلس ، أو التلاوة ، أو السماع ، حتى ان من تلا آية واحدة مرارًا في =

= مجلس واحد تكفيه سجدة واحدة ، والأصل فيه ما روي أن جبريل عليه السلام كان ينزل بالوحي فيقرأ آية السجدة على رسول الله ﷺ ، ورسول الله ﷺ كان يسمع ويتلقّن ثم يقرأ على أصحابه ، وكان لا يسجد إلا مرة واحدة . وروي عن أبي عبد الرحمن السلمي معلم الحسن والحسين رضي الله عنهم أنه كان يعلّم الآية مرارًا ، وكان لا يزيد على سجدة واحدة ، والظاهر أن عليًا رضي الله عنه أنه كان عالمًا بذلك ولم ينكر عليه . وروي عن أبي موسى الأشعري رضي الله عنه أنه كان يكرر آية السجدة حين كان يعلّم الصبيان ، وكان لا يسجد إلا مرة واحدة ، ولأن المجلس الواحد جامع للكلمات المتفرقة كما في الإيجاب والقبول ، ولأن في إيجاب السجدة في كل مرة إيقاع في الحرج لكون المعلّمين مبتلين بتكرار الآية لتعليم الصبيان ، والحرج منفي بنص الكتاب ، ولأن السجدة متعلقة بالتلاوة ، والمرة الأولى هي الحاصلة للتلاوة ، فأما التكرار فلم يكن لحق التلاوة بل للتحفظ أو للتدبر والتأمل في ذلك من عمل القلب ، ولا تعلق لوجوب السجدة به ، فجعل الاجراء على اللسان الذي هو من ضرورة ما هو فعل القلب أو وسيلة إليه من أفعاله فالتحق بما هو فعل القلب ، وذلك ليس بسبب ، كذا علل الشيخ أبو منصور رحمه الله تعالى .

(۱/۱۳۴، كتاب الصلاة، فصل في سبب وجوب السجدة ، اللباب في شرح الكتاب: ۱/۱۰۹ ، باب سجود التلاوة) (خیر الفتاویٰ:۲/۶۵۶، فتاویٰ رحیمیہ:۵/۲۰۶)

دعا کے لیے سجدہ کا التزام

مسئلہ(۸۱): عام حالات میں دعا کے لیے سجدہ جائز ہے، مگر اس کا التزام بدعت ہے، اور نماز کے بعد متصلاً چونکہ سجدۂ تلاوت بھی مکروہِ تحریمی ہے، اس لیے نماز کے بعد متصلاً سجدہ میں جا کر دعا مانگنا مکروہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” حلبي كبير “ : وسجدة شكر ذكر الطحاوي عن أبي حنيفة قال : لا أراه شيئًا إلى قوله وما يفعل عقيب الصلاة فمكروه ، لأن الجهال يعتقدونها سنة أو واجبة ، وكل مباح يؤدي إليه فمكروه . (ص/ ۵۶۹ ، مسائل شتى)

ما في ” الدر المختار مع الشامية “ : وسجدة الشكر مستحبة . به يفتى . لكنها تكره بعد الصلاة . الدر المختار . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (لكنها تكره بعد الصلاة) الضمير للسجدة مطلقًا ، قال في ” شرح المنية “ آخر كتاب عن ” شرح القدوري “ للزاهدي : أما بغير سبب فليس بقربة ولا مكروه ، وما يفعل عقب الصلاة فمكروه ، لأن الجهال يعتقدونها سنة أو واجبة ، وكل مباح يؤدي إليه فمكروه . انتهى . قوله : (فمكروه) الظاهر أنها تحريمية لأنه يدخل في الدين ما ليس منه .

(۲/ ۵۲۲ ، باب سجود التلاوة ، مطلب في سجدة الشكر ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص/ ۵۰۰ ، فصل سجدة الشكر مكروهة ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۱۳۶ ، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة ومما يتصل بذلك مسائل سجدة الشكر) (احسن الفتاویٰ: ۳/ ۲۷، خیر الفتاویٰ: ۲/ ۴۴۴)

باب صلوۃ المسافر

(مسافر کی نماز کے مسائل)

بس اسٹینڈ یا ریلوے اسٹیشن پر نماز

مسئلہ(۸۲): اگر کوئی شخص اپنے گھر سے سفرِ شرعی (یعنی تقریبًا ساڑھے ستہتر کلومیٹر) کے ارادے سے نکل کر بس اسٹینڈ یا ریلوے اسٹیشن پہنچے، ابھی بس یا ٹرین کے آنے میں دیر ہے، اور وہاں وقتیہ نماز پڑھنا چاہتا ہے، تو وہ پوری نماز پڑھے گا یا قصر کرے گا؟ اس کا مدار اس پر ہے کہ شہر کی آبادی بس اسٹینڈ یا ریلوے اسٹیشن تک مسلسل ہے یا نہیں؟ اگر مسلسل ہے تو وہ نماز پوری پڑھے گا، اس لیے کہ وہ ابھی مسافر نہیں ہوا، اور اگر مسلسل نہیں ہے، یعنی بس اسٹینڈ یا ریلوے اسٹیشن شہر کی آبادی سے کچھ باہر دوری پر واقع ہے، تو وہ قصر کرے گا، اس لیے کہ اب وہ مسافر ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : من خرج من عمارة موضع إقامته قاصدًا مسيرة ثلاثة أيام ولياليها بالسير الوسط مع الاستراحات المعتادة صلى الفرض الرباعي ركعتين . تنوير مع الدر . قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالى : قوله : (ولا اعتبار بالفراسخ) الفرسخ : ثلاثة أميال ، والميل : أربعة آلاف ذراع .... قال في الهداية : هو الصحيح احترازًا عن قول عامة المشايخ من تقديرها بالفراسخ ، ثم اختلفوا فقيل أحد وعشرون ، وقيل ثمانية عشر ، وقيل خمسة عشر ، والفتوى على الثاني لأنه الأوسط . (۲/ ۵۹۹ – ۶۰۳ ، باب صلاة المسافر)=

= ما في ” الفتاوى الهندية “ : أقل مسافة تتغير فيها الأحكام ثلاثة أيام . كذا في التبيين . هو الصحيح . كذا في جواهر الأخلاطي .... قال محمد رحمه الله تعالى : يقصر حين يخرج من مصره ويخلف دور المصر . كذا في المحيط . وفي الغياثية : هو المختار ، وعليه الفتوى . كذا في التتارخانية ، الصحيح ما ذكر انه يعتبر مجاوزة عمران المصر لا غير إلا إذا كان ثمة قرية أو قرى متصلة بربض المصر فحينئذ تعتبر مجاوزة القرى بخلاف القرية التي متصلة بفناء المصر فإنه يقصر الصلاة وإن لم يجاوز تلك القرية . كذا في المحيط .

(۱/۱۳۸، ۱۳۹ ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر)

ما في ” حلبي كبير “ : من فارق بيوت موضع هو فيه من مصر أو قرية ناويًا الذهاب إلى موضع بينه وبين ذلك الموضع المسافة المذكورة صار مسافرًا ، فلا يصير مسافرًا قبل أن يفارق عمران ما خرج منه من الجانب الذي خرج منه حتى لو كان ثمة محلة منفصلة عن المصر وقد كانت متصلة به لا يصير مسافرًا ما لم يجاوزها ولو جاوز العمران من جهة خروجه وكان بحذائه محلة من الجانب الآخر يصير مسافرًا إذ المعتبر جانب خروجه وإن كان هناك قرية متصلة بربض المصر فلا بد من مجاوزتها على الصحيح . (ص/۵۳۶ – ۵۳۷ ، فصل في صلاة المسافر ، البحر الرائق : ۲/۲۲۶ ، باب صلاة المسافر ، المحيط البرهاني : ۲/۱۲۷ ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان المسافر متى يقصر الصلاة ، بدائع الصنائع : ۱/۲۶۱ ، فصل في بيان ما يصير به المقيم مسافرًا)

ما في ” الصحيح لمسلم “ : عن يحى بن يزيد الهُنائي قال : سألت أنس بن مالك عن قصر الصلاة ، فقال : ” كان رسول الله ﷺ إذا خرج مسيرة ثلاثة أميال أو ثلاثة فرسخ (شعبة الشّاكُّ) صلى ركعتين“ . (۱/۲۴۲ ، كتاب صلاة المسافرين وقصرها، فصل في القصر في السفر الخ ، رقم الحديث : ۶۹۱)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۱/۵۶۴، میرٹھ، خیر الفتاویٰ:۲/۶۶۹)

فصل في الجمعة

(جمعہ کے مسائل)

اذانِ اول پر سعی کا وجوب اور بیع کی کراہت

مسئلہ (۸۳): آج کل آبادیاں بڑھ گئیں جس کی وجہ سے ایک ہی گاؤں اور شہر میں متعدد مسجدیں بن گئیں، اور متعدد مسجدوں میں نمازِ جمعہ بھی پڑھی جانے لگی، ہر مسجد میں اذان و جماعت کا ایک وقت مقرر ہے، جس کی بنا پر کسی مسجد میں اذان پہلے اور کسی مسجد میں بعد میں ہوتی ہے، جمعہ کے دن اذانِ جمعہ کے بعد سعی واجب اور خرید وفروخت مکروہ ہے، تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ حکم اپنے محلّہ کی اذان کے بعد ہوگا، یا شہر میں کسی بھی مسجد میں پہلے دی جانے والی اذان کے بعد؟

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر چہ اس کی روایتِ صریحہ احقر نے نہیں دیکھی، لیکن فقہاء کرام یہ فرماتے ہیں کہ جب متعدد اذانیں سنی جائیں، تو ان میں سے پہلی اذان کا جواب دے، خواہ وہ اذان مسجدِ محلّہ کی ہو یا غیر محلّہ کی، اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سعی کا وجوب اور بیع کی کراہت بھی شہر کی اذانِ اول پر ہو، خواہ یہ اذان مسجد محلّہ میں ہو یا غیر محلّہ میں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولو تكرر أجاب الأول . الدر المختار. قال الشامي : قوله : (أجاب الأول) سواء كان مؤذن مسجده أو غيره .

(۲/ ٦٦ ، باب الأذان ، مطلب في كراهة تكرار الجماعة في المسجد)=

بچے کا خطبۂ جمعہ

مسئلہ (۸۴): نمازِ جمعہ کے لیے خطبہ شرط ہے (۱)، لہٰذا خطبہ کے لیے عاقل، بالغ اور صالح آدمی زیادہ مناسب اور بہتر ہے، تاہم اگر کوئی ذی شعور مراہق جو خطبہ دینے کی صلاحیت رکھتا ہو، خطبہ دے، اور بالغ آدمی نماز پڑھائے، تب بھی درست ہے (۲)، نیز افضل اور اشہر یہی ہے کہ امام اور خطیب ایک ہی ہو۔ (۳)

= ما في " حاشية الطحطاوي " : قوله : (وإذا تعدد الأذان يجيب الأول) مطلقاً ، سواء كان مؤذن مسجده أم لا ، لأنه حيث سمع الأذان ندبت له الإجابة .

(ص/۳۰۲ ، باب الأذان)

ما في " البحر الرائق " : وسئل ظهير الدين عمن سمع في وقت من جهات ماذا عليه ؟ قال : إجابة أذان مسجده بالفعل ، وفي فتح القدير : وهذا ليس مما نحن فيه ، إذ مقصود السائل أي مؤذن يجيب باللسان استحباباً أو وجوباً ، والذي ينبغي إجابة الأول ، سواء كان مؤذن مسجده أو غيره . (۱/۴۵۲ ، باب الأذان)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مجمع الأنهر " : لا تصح الجمعة إلا بستة شروط .... الخطبة قبلها ، أي قبل الجمعة ، فلو صلى ثم خطب لا تصح ، لأنها شرط .

(۱/۲۴۶ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، خلاصة الفتاوى : ۱/۲۰۵)

(۲/۳) ما في " منحة الخالق على البحر الرائق " : اختلف المشايخ فيه ، والخلاف في صبي يعقعل فما هنا على أحد القولين ، وما سيأتي عن المجتبى مبني على الآخرة ، قال الشيخ إسماعيل : والأكثر على الجواز . (۲/۲۶۰ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا ينبغي أن يصلي غير الخطيب ، لأنهما كشيء واحد ، فإن فعل بأن خطب صبيّ بإذن السلطان وصلى بالغ جاز . الدر المختار . =

فصل في الجنازة

(احکام جنازہ)

بچوں پر مرتے وقت تلقین

مسئلہ (۸۵): شریعتِ اسلامیہ میں قریب المرگ شخص پر تلقین کا حکم دیا گیا ہے (۱)، بچوں پر مرتے وقت تلقین کے سلسلے میں حضراتِ فقہاء نے لکھا ہے کہ ان پر تلقین کی حاجت نہیں ہے، کیوں کہ جن لوگوں سے قبر میں سوال نہیں کیا جائیگا، ان کے لیے تلقین کی ضرورت نہیں ہے، اور صحیح قول کے مطابق بچوں سے قبر میں سوال نہیں کیا جائے گا۔ (۲)

= قال الشامي: في الظهيرية : لو خطب صبيّ اختلف المشائخ فيه ، والخلاف في صبيّ يعقل، والأكثر على الجواز .

(۳/ ۳۹ – ۴۰ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، بيروت ، الفتاوى الهندية : ۱/ ۱۴۷ ، كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر في الجمعة) (فتاویٰ محمودیہ: ۸/ ۲۱۶، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الصحيح لمسلم " : عن أبي سعيد الخدري يقول : قال رسول الله ﷺ : " لقِّنوا موتاكم لا إله إلا الله " . (۱/ ۳۰۰ ، كتاب الجنائز ، باب تلقين الموتى ، قديمي)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ومن لا يسأل ينبغي أن لا يلقن ، والأصح أن الأنبياء لا يسألون ولا أطفال المؤمنين . الدر المختار . قال الشامي : قوله : (ومن لا يسأل) أشار إلى أن سؤال القبر لا يكون لكل أحد ...... ونقل عن الحافظ ابن الحجر العسقلاني أن الذي يظهر اختصاص السؤال بالمكلف ، وقال : وتبعه شيخنا يعني الحافظ السيوطي . (۳/ ۸۱ ، ۸۲ ، باب صلاة الجنائز)=

نومولود بچہ کا غسل اور اس پر نمازِ جنازہ

مسئلہ (۸۶): اگر نومولود بچہ پیدائش کے بعد روئے پھر مر جائے، تو اسے غسل بھی دیا جائے گا، اور اس پر نمازِ جنازہ بھی ادا کی جائے گی، نیز اس کا نام بھی رکھا جائے گا، کیوں کہ پیدائش کے بعد نومولود کا رونا یہ بچے کے اندر زندگی کے پائے جانے کی علامت ہے۔ (۱)

= ما في " فتاوى شرعية معاصرة للحفناوي ": وهذا التلقين في حق المكلف الميت، أما الصبي فلا يلقن ، وعلى هذا فلا أدعى للخلاف ، فالدعاء للميت والاستغفار له بعد الموت أمرٌ مشروعٌ . (ص/۲۲۳)

ما في " فتاوى الإمام النووي " : وهذ التلقين إنما هو في حق الميت المكلف ، وأما الصبي فلا يلقن . (ص/۱۴۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : (ومن استهل صلى عليه) قال ابن نجيم : استهلال في اللغة : أن يرفع صوته بالبكاء عند ولادته ، وفي الشرع : أن يكون منه ما يدل على حياته من رفع صوت أو حركة عضو ، ولو أن يطرف بعينه ، وذكر المصنف أن حكمه الصلاة عليه ، ويلزمه أن يغسل ، وأن يرث ويورث ، وأن يسمى وإن لم يبق بعده حياً لإكرامه ، لأنه من بني آدم . (۲/۳۳۰ ، كتاب الجنائز ، فصل السلطان أحق بصلاته)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": من ولد فمات يغسل ويصلى عليه ، يرث ويورث، ويسمى إن استهل ، أي وجد منه ما يدل على حياته .

(۳/۱۲۹ ، كتاب الصلاة ، صلاة الجنازة)

ما في " الهندية " : ومن استهل بعد الولادة سمى وغسل وصلى عليه .

(۱/۱۵۹ ، الفصل الثاني في الغسل)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : وإن استهلّ المولود غسل وصلى عليه ، وورث وورّث عنه ، لأنه صار أصلا بنفسه . (۱/۱۶۰ ، كتاب الطهارة ، الفصل الثالث عشر)

بے شعور بچے کو غسل جنازہ میں وضو نہیں کرایا جائے گا

مسئلہ (۸۷): بالغ شخص نیز باشعور بچے کو غسلِ جنازہ دیتے وقت وضو بھی کرایا جائے گا، لیکن بے شعور بچہ جسے نماز وغیرہ کی واقفیت نہ ہو، کو غسلِ جنازہ دیتے وقت وضو نہیں کرایا جائیگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : قال الحلواني : ما ذكر من الوضوء في البالغ والصبي الذي يعقل الصلاة ، فأما الذي لا يعقلها فيغسل ولا يوضأ ، لأنه لم يكن بحيث يصلي . (۲/۱۱۰ ، كتاب الصلاة ، فصل في الغسل)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : والصبي والصبية إذا كانا يعقلان بمنزلة البالغ ، وإذا كانا لا يعقلان لا يوضآن عند الغسل اعتبارًا بحالة الحياة ، فإن وضوء الصبي العاقل معتبر ، وإن لم يعقل لا يكون معتبرًا . (۱/۱٦۱ ، كتاب الطهارة ، الفصل الثالث عشر)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : ووضئ في الصحيح إلا أن يكون صغيرًا لا يعقل الصلاة فلا يوضأ ، لأنه لم يكن من أهل الصلاة . قاله الحلواني .

(ص/٥٦٧ ، كتاب الصلاة ، باب أحكام الجنائز ، حلبي كبير : ص/٥٧٨)

نابالغ یا نابالغہ کو صنفِ مخالف کا غسل دینا

مسئلہ (۸۸): مُردے کو غسل دینے میں چوں کہ میت کی بے پردگی کا بہت زیادہ اندیشہ رہتا ہے، اس لیے میت کے صنفِ مخالف کو اُسے غسل دینے سے منع کیا گیا ہے (۱)، لیکن اگر لڑکا لڑکی حدِ شہوت کو نہ پہنچے ہوں، تو اُن کو مرد اور عورت دونوں غسل دے سکتے ہیں۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : وأما الغاسل فمن شرطه أن يحل له النظر إلى المغسول ، فلا يغسل الرجل المرأة ، ولا المرأة الرجل .

(۲/۳۰۵ ، كتاب الجنائز ، الفتاوی التاتارخانية : ۱/۱۵۹)

(۲) ما في " اتحاف أولى الألباب بحقوق الطفل وأحكامه " : إذا مات الصبيّ أو صبيّة لم يبلغا حدًا يشتهي ، جاز للرجال والنساء جميعًا غسله ، فإن بلغت الصبية حدًا يشتهي فيه لم يغسلها إلا النساء، وكذا الغلام إذا بلغ حدًا يجامع ألحق بالرجال ، حكاه النووي عن الشافعية ، وصحّ عن الحسن أنه كان لا يرى بأسًا أن تغسل المرأة الغلام إذا كان فطيمًا أو فوقه بقليل ، وصحّ عن ابن سيرين أنه سئل عن المرأة تغسل الصبي ؟ قال : لا أعلم به بأسًا . (ص/۴۵٦)

ما في " الفتاوی التاتارخانية " :وتغسل المرأة الصبي الذي لم يتكلم ، ويغسل الرجل الصبية التي لم تتكلم ، وفي الخانية : إذا لم يبلغا حد الشهوة ، لأنه ليس لأعضائهما حكم العورة . (۱/۵۹۲ ، الفصل الثاني والثلاثون في الجنائز)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : والصغير والصغيرة إذا لم يبلغا حد الشهوة يغسلهما الرجال والنساء، وقدّره في الأصل بأن يكون قبل أن يتكلم .

(۲/۱۱۳ ، كتاب الصلاة ، باب الجنائز)

ما في " فتاوی شرعية معاصرة " : يجوز للرجل أن يغسل صغيرة لا تشتهي ، وللمرأة أن تغسل صغيرًا لا يشتهي .

(ص/۱۴۵ ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص/۵۷۳)

نمازِ جنازہ میں بچے کے لیے استغفار

مسئلہ (۸۹): بچہ کے نمازِ جنازہ میں بچہ کے لیے استغفار نہیں ہے، کیوں کہ گناہوں سے استغفار اور گناہوں کی معافی کی درخواست تو ان لوگوں کے حق میں ہے، جن کے اعمال، ثواب وگناہ سے مخلوط ہوں، حالانکہ بچہ احکامِ اسلام کا مخاطب ہی نہیں، بلکہ وہ معصوم ہوتا ہے، اسی لیے نبی کریم ﷺ نے خود نمازِ جنازہ میں بچہ کی مغفرت کے لیے دعا کا حکم نہیں فرمایا، اور بچہ کے والدین کے لیے اس بچہ کو مغفرت ورحمت کا ذریعہ بنانے کی دعا کی تلقین فرمائی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " نيل الأوطار للشوكاني " : إذا كان المصلّى عليه طفلا استحب أن يقول المصلّي : " اللهم اجعله لنا سلفًا وفرطاً وأجرًا " . روى ذلک البيهقي من حديث أبي هريرة . (۴/۷۰ ، كتاب الجنائز ، أبواب الصلاة على الميت ، باب الدعاء للميت ، رقم الحديث : ۱۴۲۷)

ما في " السنن لأبي داود " : عن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " والسقط يُصلّى عليه ، ويُدعىٰ لوالديه بالمغفرة والرحمة " .

(ص/۴۵۳ ، كتاب الجنائز ، باب المشي أمام الجنازة ، رقم الحديث : ۳۱۸۰)

ما في " الهداية " : ولا يستغفر للصبي ولكن يقول : " اللهم اجعله لنا فرطاً واجعله لنا أجرًا وذخرًا ، واجعله لنا شافعًا ومشفعًا " .

(۱/۱۸۰ ، كتاب الصلاة ، باب الجنائز ، الصلاة على الميت)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام الحنفي " : لا يستغفر للصبي لأنه لا ذنب له .

(۲/۱۲۹ ، كتاب الصلاة ، فصل في الصلاة على الميت)

دورانِ ولادت بچہ انتقال کر جائے

مسئلہ (۹۰): اگر بچہ دورانِ ولادت انتقال کر جائے، تو اس پر نمازِ جنازہ کے سلسلے میں حضراتِ فقہاءِ کرام نے یہ تفصیل ذکر کی ہے کہ اگر بچہ کے بدن کا اکثر حصہ یعنی سَر کی طرف سے پیدا ہونے کی صورت میں سینے تک، اور پیر کی طرف سے پیدا ہونے کی صورت میں ناف تک، باہر آنے تک اس میں آثارِ حیات باقی ہوں، تو یہ بچہ زندہ شمار ہوگا، اور مسنون طریقے سے اس کی تجہیز وتکفین کے بعد اس پر نمازِ جنازہ پڑھ کر اسے دفن کیا جائے گا، اور اگر اکثر حصہ نکلنے سے پہلے ہی وہ مر جائے، تو اسے مردہ شمار کیا جائے گا، اور اس کو دھو کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بلا نمازِ جنازہ کے دفن کر دیا جائے گا، البتہ نام دونوں صورتوں میں رکھا جائے گا۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ومن ولد فمات يغسل ويصلى عليه) ويرث ويورث ويسمى (إن استهل) بالبناء للفاعل : أي وجد منه ما يدل على حياته بعد خروج أكثره ، حتى لو خرج رأسه فقط وهو يصيح فذبحه رجل فعليه الغرّة ، وإن قطع أذنه فخرج حيًا فمات فعليه الدية (وإلا) يستهل (غسل وسمى) عند الثاني ، وهو الأصح ، فيفتى به على خلاف ظاهر الرواية إكراماً لبني آدم كما في ملتقى البحار . وفي النهر عن الظهيرية : وإذا استبان بعض خلقه غسل وحشر هو المختار (وأدرج في خرقة ودفن ولم يصلّ عليه) . (۳/ ۱۲۹ – ۱۳۱ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة ، بيروت ، البحر الرائق : ۲/ ۳۳۰ ، كتاب الجنائز ، فصل السلطان أحق بصلوته)=

میت کا پلاسٹر چھڑا کر غسلِ جنازہ دینا

مسئلہ (۹۱): اگر کسی شخص کا پیر کسی حادثہ میں ٹوٹ گیا، اور ڈاکٹروں نے اس پر پلاسٹر چڑھا دیا، پھر وہ شخص انتقال کر گیا، تو اب اس کا وہ پلاسٹر چھڑا کر غسلِ جنازہ دیا جائے، کیوں کہ اب پلاسٹر کی ضرورت باقی نہ رہی۔ (۱)

= ما في " المحيط البرهاني " : وإذا مات المولود في حال ولادته وإن كان خرج أكثره صلى عليه ، وإن كان أقل لم يصل عليه ، لأن للأكثر حكم الجميع ، فإذا مات بعد ما خرج أكثره فكأنه مات بعد الولادة ، وإذا مات بعد ما خرج الأقل منه فكأنه مات في البطن .

(۲/۳۱۵ ، كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والثلاثون في الجنائز ، القسم الثالث في بيان من عليه ومن لا يصلى عليه ، الفتاوى الهندية : ۱/۱۶۳ ، كتاب الصلاة ، الباب الحادي والعشرون في الجنائز ، الفصل الخامس ، بدائع الصنائع : ۲/۳۳۷ ، فصل في بيان من يصلى عليه)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ويمسح) نحو (مفتصد وجريح على كل عصابة) مع فرجتها في الأصح (إن ضرّه) الماء ، (أو حلّها) وفيه أن لا يمكنه ربطها بنفسه ولا يجد من يربطها . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (إن ضرّه الماء) : أي الغسل به أو المسح على المحل .... إذ الثابت بالضرورة يتقدّر بقدرها . اهـ .

(۱/۴۷۱ ، كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفّين ، مطلب في لفظ كلٍّ إذا دَخَلَتْ على مُنَكَّرٍ أو مُعَرَّفٍ ، بيروت ، الفتاوى الهندية : ۱/۳۵ ، كتاب الطهارة ، الفصل الثاني في نواقض المسح) (فتاویٰ محمودیہ:۸/۵۰۰، باب الجنائز، کراچی)

میت کو سرد خانہ (Cold House) میں رکھنا

مسئلہ (۹۲): بعض دفعہ کسی شخص کا ایسے مقام پر انتقال ہوجاتا ہے، جہاں اس کے ورثاء نہیں ہوتے، اور ان کے پہنچنے میں وقت درکار ہوتا ہے، یا بعض دفعہ کوئی قانونی پیچیدگی پیدا ہوجاتی ہے، یا بعض دفعہ شناخت مشکل ہوجاتی ہے، جس کی وجہ سے تدفین میں تاخیر ہوتی ہے، ایسے موقع پر میت میں تعفّن پیدا نہ ہو، اس لیے اُسے سرد خانہ (Cold House) میں رکھتے ہیں، شرعاً اس کی گنجائش ہے (۱)، لیکن محض اس غرض سے سرد خانہ میں رکھنا کہ اس پر جمعِ عظیم نمازِ جنازہ پڑھ سکے، مکروہ ہے۔ (۲)

غیر مسلم کے مرنے کی خبر سنے تو کیا پڑھے؟

مسئلہ (۹۳): بعض لوگ کہتے ہیں کہ جب کسی غیر مسلم کے مرنے کی خبر سنی جائے، یا اس کی نعش لے جاتے ہوئے دیکھے، تو ﴿في نار جهنّم خٰلدين فيهآ أبدًا﴾ پڑھنا چاہیے، جب کہ فقہ کی کتابوں میں اس طرح کی کوئی عبارت

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/۸۹)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : يندب دفنه في جهة موته وتعجيله اهـ . الدر المختار . قال ابن عابدين الشامي : قوله : (وتعجيله) أي تعجيل جهازه عقب تحقق موته ، ولذا كره تأخير صلاته ودفنه ليصلي عليه جمع عظيم بعد صلاة الجمعة .
(۱۴۶/۳ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة ، مطلب في دفن الميت ، بيروت)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۱۱۹۶)

نہیں ملتی، ہاں! کسی بھی میت کی خبر ملے، یا کوئی بھی میت سامنے جاتے ہوئے دیکھے، خواہ وہ مسلم ہو یا غیر مسلم، اس کو دیکھ کر اپنی موت کو یاد کرنے کی تعلیم دی گئی ہے، جس کے لیے بہتر الفاظ یہ ہیں: ﴿إنا لله وإنا إليه راجعون﴾۔ (۱)

نماز جنازہ کے بعد میت کا دیدار

مسئلہ (۹۴): بعض لوگ نمازِ جنازہ پڑھانے کے بعد، میت کے دیدار سے منع کرتے ہیں کہ نماز کے بعد عالمِ برزخ کے احوال شروع ہوجاتے ہیں، حالانکہ موت کے بعد ہی انسان عالمِ برزخ میں پہنچ جاتا ہے، اور موت کے بعد نمازِ جنازہ سے پہلے کسی نے بھی دیدار کو منع نہیں کیا، کیوں کہ یہ حضراتِ صحابہ کے عمل سے ثابت ہے (۲)، اس لیے موت کے بعد احوالِ برزخ کا آغاز، دیدار کے ممنوع ہونے کی وجہ نہیں بن سکتا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿الذين إذآ أصابتهم مصيبة قالوا إنا لله وإنا إليه راجعون﴾ . (سورة البقرة : ۱۵۶)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : يعني إقرارهم في تلك الحال بالعبودية والملك له ، وأنّ له أن يبتليهم بما شاء تعريضاً منه لثواب الصبر واستصلاحاً لهم لما هو أعلم به ، إذ هو تعالى غير متهم في فعل الخير والصلاح ، إذ كانت أفعاله كلها حكمة ، ففي إقرارهم بالعبودية تفويض الأمر إليه ورِضىً بقضائه فيما يبتليهم به ، إذ لايقضى إلا بالحق . (۱/۱۱۴) (فتاویٰ محمودیہ:۱۳/۳۳)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن الزهري قال : أخبرني أبو سلمة أن عائشة زوج النبي ﷺ أخبرته قالت : " أقبل أبو بكر على فرسه من مسكنه بالسّنح حتى نزل فدخل المسجد فلم يكلم الناس حتى دخل على عائشة فتيمم النبي ﷺ وهو مسجّى ببرد حبرة فكشف عن وجهه ثم أكبّ عليه فقبّله ثم بكى ، فقال : بأبي أنت يا نبي الله !=

بعض علماء، نمازِ جنازہ کے بعد دیدار کو اس لیے مکروہ قرار دیتے ہیں کہ یہ ایک ایسی رسم ہے جس کی شرعاً کوئی اصل نہیں، اور اس کی وجہ سے عملِ تدفین میں تاخیر ہوتی ہے، جب کہ اس میں تعجیل کا حکم دیا گیا ہے (۱)، لیکن اگر کسی مصلحت کی بنا پر، کسی شخص کی نمازِ جنازہ پہلے پڑھ لی جائے اور پھر اس گے گھر والوں کو اس کا دیدار کرایا جائے، اور اس عمل میں زیادہ تاخیر بھی نہ ہو، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے (۲)، البتہ اتنی بات یاد رہے کہ موت کے بعد انسان کو دیکھنے کے وہیں آداب ہیں جو زندہ کو دیکھنے کے ہیں، کہ مرد، مرد کا چہرہ، عورت، عورت کا چہرہ، بیوی، شوہر کا چہرہ، اور مرد، محرم عورت کا چہرہ دیکھ سکتے ہیں، غیر محرم عورت کو جیسے زندگی میں دیکھنا جائز نہیں ہے، موت کے بعد بھی دیکھنا جائز نہیں ہے۔ (۳)

= لا يجمع الله عليک موتتين ، أما الموتة التي كتب الله عليک فقد مُتّها " .
(۱/ ۱۶۶ ، كتاب الجنائز ، باب الدخول على الميت بعد الموت إذا أدرج في أكفانه)

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " أسرعوا بالجنازة ، فإن تک صالحة فخير تقدمونها ، وإن تک سوى ذلک فشرّ تضعونه عن رقابكم " . (۱/ ۱۷۶ ، كتاب الجنائز ، باب السرعة بالجنازة)

ما في " السنن لأبي داود " : عن الحصن بن وحوج أن طلحة بن البراء مرض فأتاه النبي ﷺ يعوده فقال : " إني لا أرى طلحة إلا قد حدث فيه الموت فاذنوني به وعجلوا ، فإنه لا ينبغي لجيفة مسلم أن تحبس بين ظهراني أهله " .
(ص/ ۴۵۰ ، كتاب الجنائز ، باب تعجيل الجنازة)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بأن يرفع ستر الميت ليرى وجهه ، وإنما يكره ذلک بعد الدفن . كذا في القنية . (۵/ ۳۵۱ ، كتاب الكراهية ، الباب السادس عشر في زيارة القبور وقراءة القرآن في المقابر)
(فتاویٰ رحیمیہ: ۷/ ۱۲۷، فتاویٰ حقانیہ: ۳/ ۴۶۸، کتاب الفتاویٰ: ۳/ ۱۴۴)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أنه يحرم نظر الرجل إلى عورة =

مرد کا اپنی بیوی کے جنازے کو کندھا دینا اور اس کا چہرہ دیکھنا

مسئلہ (۹۵): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ موت کی وجہ سے نکاح ختم ہوجاتا ہے، اس لیے شوہر موت کے بعد نہ اپنی بیوی کا چہرہ دیکھ سکتا ہے، اور نہ اس کے جنازے کو کندھا دے سکتا ہے، یہ دونوں باتیں صحیح نہیں ہیں، کیوں کہ فقہاء کرام نے شوہر کو اپنی بیوی کی موت کے بعد اس کا چہرہ دیکھنے، اور اس کے جنازے کو کندھا دینے کی اجازت دی ہے، نیز عقل بھی اس کا تقاضہ کرتی ہے کہ یہ دونوں چیزیں جائز ہوں، اس لیے کہ انسان جس رفیقۂ حیات کے ساتھ اپنی عمر کی ایک لمبی مدت اور اس میں پیش آنے والے خوشی وغمی کے لمحات کو گذارتا ہے، اُسے اسکے آخری دیدار اور اس کی آخری منزل تک پہنچانے کے لیے کندھا دینے سے محروم کرنا معقول نہیں ہے۔(۱)

= المرأة الأجنبية . (۳۴۶/۴۰، نظر ، تبيين الحقائق : ۱۷/۶ – ۱۸ ، دار الكتاب الإسلامي ، حاشية الدسوقي على الشرح الكبير : ۲۱۴/۱ ، دار الفكر بيروت ، روضة الطالبين للنووي : ۲۱/۷ ، المكتب الإسلامي ، الإنصاف للمرداوي : ۳۰/۸ ، ط : احياء التراث)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ويمنع زوجها من غسلها ومسّها لا من النظر إليها على الأصح . وقالت الأئمة الثلاثة : يجوز ، لأن علياً غسل فاطمة رضي الله عنهما ، قلنا : هذا محمول على بقاء الزوجية لقوله عليه الصلاة والسلام : " كل سبب ونسب ينقطع بالموت إلا سببي ونسبي ، مع أن بعض الصحابة أنكر عليه . الدر المختار .=

دھنسی ہوئی قبر کو درست کرنا

مسئلہ (۹۶): بسا اوقات زمین کے نرم ہونے یا کسی اور وجہ سے قبر دھنس جاتی ہے، تو اس صورت میں اس پر دوبارہ مٹی ڈال کر، اسے برابر اور درست کرنا بلا شبہ جائز ہے۔ (۱)

= قال الشامي : قوله : (لا من النظر إليها على الأصح) عزاه في المنح إلى القنية .... ولعل وجهه أن النظر أخف من المسّ فجاز لشبهة الاختلاف . والله أعلم .
(۳/ ۹۰ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة)

ما في " البحر الرائق " : وضع مقدمها على يمينه ، ثم مؤخرها ، ثم مقدمها على يسارك مؤخرها . قال ابن نجيم : ينبغي أن يحمل من كل جانب عشر خطوات للحديث : " من حمل جنازة أربعين خطوة كفرت أربعين كبيرة " .
(۲/ ۳۳۸ ، باب صلاة الجنائز)

ما في " المبسوط للسرخسي " : ومن أراد كمال السنة في حمل الجنازة ، ينبغي له أن يحملها من الجوانب الأربع .... وينبغي أن يحمل من كل جانب عشر خطوات ، جاء في الحديث : " من حمل جنازة أربعين خطوة كفرت له أربعون كبيرة " .
(۲/ ۸۸ ، باب حمل الجنازة) (فتاویٰ دار العلوم: ۵/ ۲۴۶، ۲۷۵، ۲۸۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المعجم الكبير للطبراني " : عن حسان بن ثابت عن أمه سيرين قالت : .... ورأى رسول الله صلى الله عليه وسلم فرجة في اللبن فأمر أن تسد ، فقال : " إن العبد إذا عمل عملا أحب الله أن يتقنه " . (۲۴/ ۳۰۶ – ۳۰۷ ، رقم الحديث : ۷۷۶)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وإذا خربت القبور فلا بأس بتطينها ، لما روي أن النبي صلى الله عليه وسلم مر بقبر ابنه إبراهيم فرأى فيه حجرا سقط منه فسده وأصلحه ..... وفي " كفاية الشعبي " : كان عصام بن يوسف يطوف حول المدينة يعمّر القبور الخربة .
(۱/ ۶۱۳ ، ۶۱۴ ، كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والثلاثون في الجنائز ، نوع آخر من هذا الفصل في القبر والدفن)=

مرنے والے کے عیوب بیان کرنا

مسئلہ (۹۷): بعض لوگ کسی شخص کے مرنے کے بعد اس کی برائی کرتے ہیں کہ وہ ایسا تھا، وہ یوں تھا وغیرہ، جب کہ اسلامی تعلیم یہ ہے کہ مرنے کے بعد لوگوں کو معاف کر دینا چاہیے، کیوں کہ ”کفنوں کو میلا کرنے“ اور ”پھٹے میں ٹانگ اَڑانے“ سے کچھ ہاتھ نہیں آتا، اُن کو اُجلا رہنے دینا ہی بہتر ہے، ایک دن ہمیں بھی قبر کی گود میں جانا ہے، تب ہمیں بھی زمانے سے یہی توقع ہوگی کہ وہ ہمارے

= ما في ” الفتاوى الهندية “ : وإذا خربت القبور فلا بأس بتطيينها . كذا في التتارخانية ، وهو الأصح، وعليه الفتوى . كذا في جواهر الأخلاطي . (١/١٦٦ ، كتاب الصلاة ، الباب الحادي والعشرون في الجنائز ، الفصل السادس في القبر والدفن الخ)

ما في ” حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح “ : وفي النوازل : لا بأس بتطيينه ، وفي التجنيس والمزيد : لا بأس بتطيين القبور خلافا لما في مختصر الكرخي ، لأن رسول الله صلى الله عليه وسلم مر بقبر ابنه إبراهيم فرأى فيه حجراً سقط فيه فسده ، وقال : من عمل عملا فليتقنه . (ص/ ٦١١ ، باب أحكام الجنائز ، فصل في حملها ودفنها)

ما في ” كتاب التجنيس والمزيد “ : تطيين القبور لا بأس به خلافا لما قاله الكرخي رحمه الله في مختصره ، لأن رسول الله صلى الله عليه وسلم مر بقبر ابنه إبراهيم ، فرأى فيه حجراً فسده وقال : من عمل عملا فليتقنه .

(٢/٧٦ ، باب في الجنائز ، فصل في الدفن ، رقم المسئلة : ١٠٢٢)

ما في ” مجمع الأنهر “ : لكن المختار أن التطيين غير مكروه ، وكان عصام بن يوسف يطوف حول المدينة ، ويعمّر القبور الخربة ، كما في القهستاني .

(١/٢٧٦ ، باب صلاة الجنائز ، فصل) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۳/ ۳۰۸، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۵۱۰)

کفن پر داغ نہ آنے دے، ویسے بھی ”قبروں کی مٹی اڑانا“ باعظمت لوگوں کا کام نہیں، نیز اللہ تعالیٰ کی رحمت اتنی بے کَراں ہے کہ خیال سے بھی ماوراء ہے، لہٰذا آپ ﷺ کے فرمان: ” اُذْکُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاکُمْ ، وَکُفُّوْا عَنْ مَسَاوِیْهِمْ“ کہ ”اپنے مرنے والے لوگوں کے محاسن بیان کرو اور ان کی سیئات پر اپنی زبانیں بند رکھو“ پر عمل کرتے ہوئے ہمیں مرنے والے شخص کے عیوب بیان کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔ (١)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في ” جامع الترمذي “ : عن ابن عمر ، أن رسول الله ﷺ قال : ” اذكروا محاسن موتاكم ، وكفوا عن مساويهم “ .

(٢/ ١٣١ ، رقم الحديث: ١٠١٩ ، كتاب الجنائز، بيروت ، العرف الشذي: ٢/ ٣٢۴، دار احياء التراث العربى بيروت ، عارضة الأحوذي : ٣/١٨٨ ، بيروت ، سنن أبي داود : ص/ ٦٧١، رقم الحديث : ۴٩٠٠ ، قديمي)

ما في ” تحفة الأحوذي “ : (وكفوا) أمر للوجوب ، أي : امتنعوا (عن مساويهم) .... قال حجة الإسلام : غيبة الميت أشدّ من الحيّ ، وذلك لأن عفو الحيّ واستحلاله ممكن ومتوقع في الدنيا بخلاف الميت . (۴/ ٨٠ ، رقم الحديث : ١٠١٩ ، دار احياء التراث العربي بيروت ، مؤسسة الرسالة بيروت)

ما في ” بذل المجهود “ : (وكفوا) الأمر للوجوب (عن مساويهم) .... فإن ذكر السوء غيبة لهم وهي كبيرة لا سبيل إلى عفوها ، فوبالها لازم ، فلا يرجى استحلاله .

(١٣/ ٣٠٩ ، رقم الحديث : ۴٩٠٠ ، كتاب الأدب ، باب في النهي عن سبّ الموتى ، دار البشائر الإسلامية بيروت ، عون المعبود : ص/ ٢١١١ ، بيت الأفكار الدولية ، الأردن)

ما في ” سنن أبي داود “ : عن عائشة (رضي الله عنها) قالت : قال رسول الله ﷺ : ”إذا مات صاحبكم فدَعُوْهُ ، ولا تقعوا فيه “ . (ص/ ٦٧١)

اہلِ میت کو کھانا دینا

مسئلہ (۹۸): اہل میت کو ایک دن ایک رات کا کھانا دینا عزیز رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے لیے مستحب ہے، تاہم کہیں یہ انتظام نہ ہو سکے تو خود اہلِ میت اپنے گھر میں پہلے دن بھی کھانا پکا کر کھا سکتے ہیں، لہٰذا یہ خیال کرنا کہ اہلِ میت اپنے گھر میں چولہا نہیں جلا سکتے، غلط ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عبد الله بن جعفر قال : لما جاء نَعْيُ جعفر قال النبي ﷺ : " اصنعوا لآل جعفر طعاماً ، فقد أتاهم ما يشغلهم " . رواه الترمذي وأبوداود وابن ماجه . (ص/۱۵۱ ، كتاب الجنائز ، باب البكاء على الميت ، الفصل الثاني ، قديمي ، السنن لأبي داود : ص/۴۴۷ ، كتاب الجنائز ، باب صُنعة الطعام لأهل الميت ، قديمي ، جامع الترمذي : ۱۱۹/۲ ، رقم الحديث : ۹۹۸ ، كتاب الجنائز ، باب ما جاء في الطعام يُصنع لأهل الميت ، بيروت ، العرف الشذي : ۳۱۳/۲ ، رقم الحديث : ۹۹۸ ، دار احياء التراث العربي ، سنن ابن ماجه : ص/۱۱۵ ، كتاب الجنائز ، باب ما جاء في الطعام يُبعث إلى أهل الميت ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (اصنعوا لآل جعفر طعاماً) أي يتقوتون به .... (فقد أتاهم) أي من موت جعفر (ما يشغلهم) .... والمعنى جاء هم ما يمنعهم من الحزن وعن تهيئة الطعام لأنفسهم، فيحصل لهم الضرر وهم لا يشعرون ، قال الطيبي : دل على أنه يستحب للأقارب والجيران تهيئة طعام أهل الميت . اهـ .

(۱۹۴/۴ ، رقم الحديث : ۱۷۳۹)

ما في " بذل المجهود " : (اصنعوا) أي هيّئوا (لآل جعفر طعاماً ، فإنه قد أتاهم أمر يشغلهم) .... والمعنى جاء هم ما يمنعهم من الحزن عن تهيئة الطعام لأنفسهم ،=

....

....

....

....

= والمراد طعام يشبعهم يومهم وليلتهم ، فإن الغالب أن الحزن الشاغل عن تناول الطعام لا يستمرّ أكثر من يوم .... سنّ أن يلحّ عليهم في الأكل لئلا يضعفوا بتركه استحياء أو لفرط جزع . (١٠/٤٠٣ ، تحت رقم : ٣١٣٢)

ما في " شروح سنن ابن ماجه " : وفي الحديث دليل على أنه يستحب للجيران والأقارب تهيئة طعام أهل الميت ، قال ابن الهمام : ويستحب لجيران أهل الميت والأقرباء والأباعد تهيئة طعام لهم يشبعهم يومهم وليلتهم ، لقوله ﷺ : " اصنعوا لآل جعفر طعاماً فقد أتاهم ما يشغلهم " . اهـ . [انجاح الحاجة للشيخ عبد الغني المجددي الدهلوي] .... قال السندي : قوله : (لما جاء نعي جعفر) ..... أي خبر موته (ما يشغلهم) كمع أي : عن طبخ الطعام لأنفسهم ، وفيه أنه ينبغي للأقرباء أن يرسلوا إلى أهل الميت طعاماً . [نهاية الحاجة في شرح سنن ابن ماجه لأبي الحسن بن عبد الهادي السندي] . (١/٦٣٨ – ٦٣٩ ، بيت الأفكار الدولية الأردن)

ما في " رد المحتار " : قوله : (وباتخاذ طعام لهم) قال في الفتح : ويستحبّ لجيران أهل الميت والأقرباء الأباعد تهيئة طعام لهم يشبعهم يومهم وليلتهم ، لقوله ﷺ : " اصنعوا لآل جعفر طعاماً فقد جاء هم ما يشغلهم " . حسّنه الترمذي وصحّحه الحاكم ، ولأنه برّ ومعروف ويلحّ عليهم في الأكل ، لأن الحزن يمنعهم من ذلك فيضعفون . اهـ . (٣/١٤٨ ، باب صلاة الجنازة ، مطلب في الثواب على المصيبة ، بيروت ، فتح القدير لإبن الهمام : ٢/١٥١ ، كتاب الصلاة ، فصل في الدفن ، بيروت)

(فتاویٰ محمودیہ: ۹/ ۲۷۷، باب إہداء الثواب للمیت، کراچی، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۲۲۹۸)

دفن کے وقت قبر میں گرا ہوا سامان نکالنا

مسئلہ (۹۹): مُردے کو دفن کرتے وقت اگر کسی شخص کا کوئی قیمتی سامان قبر میں گر گیا، خواہ وہ ایک درہم یا اس کی قیمت کے برابر کوئی چیز ہی کیوں نہ ہو، تو دوبارہ قبر کی مٹی کھود کر اس سامان کو نکالنا درست ہے، اس طور پر کہ مدفون کو قبر سے نہ نکالا جائے(۱)، اس لیے کہ مسلمان کا مال محترم ہے، اور قبر میں مالِ محترم چھوڑ دینا اضاعتِ مال میں شامل ہے، جب کہ آپ ﷺ نے ہمیں اضاعتِ مال سے منع فرمایا ہے(۲)، صحیح حدیث شریف میں ہے کہ مغیرہ ابن شعبہ رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی آپ ﷺ کی قبرِ اطہر میں گر گئی تھی، تو انہوں نے اینٹ ہٹا کر اپنی انگوٹھی نکالی، اور رسول اللہ ﷺ کے دونوں چشمِ مبارک کے درمیان بوسہ بھی لیا تھا۔(۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن لأبي داود " : عن بجير بن أبي بجير قال : سمعت عبد الله بن عمرو (رضي الله تعالى عنهما) يقول : سمعت رسول الله ﷺ يقول ، حين خرجنا معه إلى الطائف فمررنا بقبر ، فقال رسول الله ﷺ : " هذا قبر أبي رِغالٍ .... وآية ذلك أنه دفن معه غصن من ذهب ، إن أنتم نبشتم عنه أصبتموه معه ، فابتدره الناس فاستخرجوا الغصن " .

(ص/۴۴۰ ، كتاب الخراج والفيء والإمارة ، باب نبش القبور العادية ، قديمی)

ما في " المبسوط للسرخسي " : (قال) : (وإن سقط شيء من متاع القوم في القبر فلا بأس بأن يحفروا التراب في ذلك الموضع ليخرجوا متاعهم من غير أن ينبش الميت) لأن مال المسلم حرمة ، وقد " نهى رسول الله ﷺ عن إضاعة المال " ، وفي إبقاء المتاع في القبر إضاعة للمال . (۱۱۸/۲ ، باب غسل الميت ، بيروت)=

....

....

....

....

= ما في " البحر الرائق " : ولو بقي فيه متاع لإنسان فلا بأس بالنبش لإخراج المتاع .
(۲/۳۳۹ ، كتاب الجنائز ، فصل في السلطان أحق بصلاته ، رد المحتار : ۳/۱۴۱ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة ، بيروت)

